..وہ دھاڑا

..وہ تڑپتی مچلتی سرخ چہرے سے سخت مزاحمت کر رہی تھی

نازک ہاتھوں سے اس پاگل آدمی کا ہاتھ ہٹانے کی کوشش کی ..آنسو تیزی سے بہہ رہے تھے..

اور اس سے پہلے کے وہ اس کی گردن کی ہڈیاں چٹخا بیٹھتا..اسے پھر بیڈ پر پٹخا .....اور اپنے ہی بالوں کو مٹھیوں میں جکڑ کر وہ آگ لگاتا غصہ، اشتعال اور طیش دبانے کی کوشش کرنے لگا.

دوپٹہ تو راستے میں ہی گر گیا تھا بکھرے بال ...نازک وجود

وہ شدید کھانستی سانس بحال کر رہی تھی.بیڈ سے نیچے اتر کر کھڑی ہوئی .اور شدید غصے میں پھنکاری.

کس حق سے لائے ہیں آپ ہمیں یہاں؟ مانتے ہیں آپ اس رشتے کو....؟ اور آپ تو ہمیں چھوڑنے آئے تھے ..ڈائیورس دینے آئے تھے ....ناں تو اب کیا ہوا ...کوئی حق نہیں آپ کا ہم پر سنا آپ نے

وہ بول رہی تھی ..اور سوہم کے ہاتھ شدید طیش میں اپنی شرٹ میں چھپی پسٹل کی جانب بڑھ رہے تھے ..لال انگارہ آنکھیں اور لہو ٹپکاتا چہرہ ..اس سے پہلے کہ وہ کوئی انہونی کر بیٹھتا ....اسے چپ کرانا بہت ضروری تھا..

آپ کی ہمت کیسے ہوئی ....چھوا کیسے آپ نے ہمیں؟

..وہ شدید طیش میں اس کی جانب بڑھا

ہمت کیسے ہوئی؟ اور چھوا کیسے....؟

ایسے .....یہ کہہ کر وہ اسے لئے بیڈ پر گرا تھا..کسرتی آہنی جسم کا سارا وزن ایک نازک سی جان پر آیا تھا.

سوہم نے تڑپتی روحا کے ہاتھ پکڑ کر بیڈ سے لگائے تھے اور بڑی شدت سے اس کے لبوں کو اپنے لبوں کی قید میں لیا تھا....

روحا کو اپنے جسم سے جان نکلتی محسوس ہوئی...

اس کی وحشی قربت اور شدت بھرے لمس میں بہت اذیت تھی ...کہ روحا کو لگا
...آج وہ اس کے جسم کا سارا خون نچوڑ کر اسے مار ہی ڈالے گا

شدید جلن کے احساس نے اسے اذیت سے تڑپا ہی دیا ..مگر وہ اس چٹانی گرفت
.میں ہل بھی نہیں پا رہی تھی

...اوپر سے کمر میں بری طرح پیوست ہوتی اس کی انگلیاں

دوسری طرف سوہم کے اتنے سالوں کے بے سکون، تڑپتے، بھڑکتے اور سلگتے
دل پر جیسے ٹھنڈے پانی کے چھینٹے پڑ رہے تھے ..رگ رگ میں سکون، سرور اور
.اس کی طلب خون بن کر دوڑ گئی تھی

..پہلے ہی گلے پر اتنے دباؤ اور اب اس درندے کے اتنی دیر سے سانس بند کرنے

..وحشت خوف نے اسے ہوش و خرد سے بیگانہ کیا تھا

اس کی شدید مزاحمت بند ہوئی تو خود کو سیراب کرتے سوہم کو ہوش آیا ..اور جھٹکے

..سے پیچھے ہٹا

..وہ بے رحم اب اسے بے ہوش دیکھ کر جی جان سے گبھرایا تھا

.اس پر جھکا اس کے گال تھپتھپائے

...روح .....میری جان ...اٹھو پلیز

اس کی حالت دیکھ کر غصہ جھاگ کی طرح بیٹھا تو غور کیا وہ کیا درندگی کر چکا ہے اس کے ساتھ...

چہرے پر تھپڑ اور گلے پہ انگلیوں کے نشان .....لہو کی طرح سرخ ہوئے نازک لب .... جنھیں وہ زخمی کر چکا تھا.

کمر میں ہاتھ ڈال کر نرمی سے سینے سے لگایا..

افففففف ....اس نازک سی جان کے لیے اتنی شدت کہاں سے آئی مجھ میں...

مگر میرا روم روم بھی تو آتش عشق میں سلگ رہا ہے میری جان...

سو ہم نے سکون سے آنکھیں موندیں.

.سوہم نرمی سے اسے بانہوں میں بھرے بیٹھا تھا

.جب فون رنگ ہوا

..قادر کا تھا

..اٹھا کر کان سے لگایا

..یس

..سر آپ نے علی کی ڈیٹیل مانگی تھی

.بولو ...سوہم کا پھر موڈ خراب ہوا

..سر ہم سے غلطی ہوئی

..مطلب؟ پوری ڈیٹیل بتاؤ

سر جب میم چودہ سال کی تھیں تو انھیں کوڑے کے ڈھیر سے ایک نو سالہ بے ہوش اور زخمی بچہ ملا..وہ کسی طرح اسے حویلی لے آئیں..اس کی دیکھ بھال کی یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ پالا اور پرورش کی کیوں کہ اس کی پہچان کے پیپرز میں گارڈین اور مدر کے نام پر میم کے نام ہے..

یہ تو اب اچانک اس نے قد نکال لیا..ورنہ وہ پندرہ سال کا بچہ ہے اور میٹرک میں ہے..

اب آپ اچھی طرح سمجھ گئے ہوں گے کہ علی اور میم کا کیا رشتہ ہے اور وہ علی کے بارے میں اتنی حساس کیوں ہیں..

اور آج وہ دن تھا جب میم اسے لے کر آئیں تھیں وہ اسی دن اپنی برتھ ڈے مناتا ہے ..وہاں اس کے دوست اور میم کی فرینڈز بھی آنے والی تھیں..

سوہم کا دماغ جھنجھنایا ..قادر الو کے پٹھے ..پہلے نہیں نکال سکتے تھے ڈیٹیلز ...اس لڑکے کو ہوسپیٹل لے کر گئے...

جی سر کروا دی ہے مرہم پٹی ... ٹھیک ہے وہ..

سوہم کو پھر پچھتاوؤں کے ناگ نے ڈسا...افف یہ کیا کر دیا میں نے ..کچھ بھی سوچے اور سمجھے بغیر...

اور میں نے سوچ کیسے لیا میری روح ایسی ہو سکتی ہے کہ میری بیوی ہوتے ہوئے کسی اور میں دلچسپی لے..

.....سوہم نے گود میں ڈھلکے اس کے سر پر عقیدت سے بوسہ لیا

ضروری کال آئی ..تو نرمی سے اسے تکیے پر لٹایا ..کمفرٹر اوپر پھیلا کر باہر نکلتا چلا گیا...



..کبیر رجا ریما اور پاشا شام ڈھلے تک وہاں پہنچے تھے

.پاشا کسی کام سے باہر گیا تھا

.اور ریما اور رجا کو بھی اس نے ایک کام سونپا تھا

...تو وہ بھی غائب تھیں

..جب کبیر کے آدمی اس کے پاس ایک ینگ سے لڑکے کو لے کر آئے

سر یہ سیف ہے ..بلکل ہمارے جیسا ..آپ کے لیے کام کرنا چاہتا ہے

ہم پہلے ہی ایک دو کام کروا چکے ہیں اس سے ..کم عمر اور سٹوڈنٹ ہے اس لئے

..پولیس بھی شک نہیں کرتی

ٹھیک ہے رکھ لو...

کنسائمنٹ کے لیے اسے ہی لے کرجانا..

ابھی فی الحال مجھے پاشا کے ساتھ جانا ہے

بعد میں دیکھتا ہوں..

یہ کہہ کر کبیر باہر نکلا تھا..

گاڑی میں بیٹھا .. خود ڈرائیونگ کر کے مطلوبہ جگہ پر پہنچا.

سامنے ہی پاشا اپنی گاڑی میں اس کا انتظار کر رہا تھا.

کوئی ضروری کام..؟ کبیر نے پوچھا،

ہاں ..بادشاہ کا بہت خاص .... سمجھو بایاں ہاتھ میرا سر کچلنے آیا ہے ..چلو جا کر ..اسے سرپرائز دیتے ہیں

ہے کدھر وہ؟

میں چھپا بیٹھا ہے ..ہم بھی ٹورسٹ کے گیٹ .rohtas fort فی الحال تو .اپ میں ہی جائیں گے..کیمرا لائے

..ہاں لایا ہوں ...بھائی

....میں نے کتنی مرتبہ کہا ہے مجھے بھائی نا کہا کرو

اب سگے بھائی کو بھائی نا کہوں؟ تو اور کیا کہوں ..یہاں ویسے بھی ہم دونوں بھائی نہیں ..کبیر پھیلتا پاشا کی گردن میں بازو Executioner ..ٹورسٹ ہیں

حمائل کرتا بولا

...اور انکھ ونک کی

پاشا بھی مبہم سا مسکرایا ...ایک یہی تو خون کا رشتہ بچا تھا دنیا پر اس کا ...باقی .....سب تو

..پھر وہ مکمل ٹورسٹ کا گیٹ اپ کر کے نکلے تھے وہاں سے



..رحاب ان آزاد فضاؤں میں آزاد پنچھی بنی فضا کے ساتھ گھوم رہی تھی

.قلعہ بہت خوبصورت تھا ..اور وہ شاید زندگی میں پہلی مرتبہ اتنا خوش ہو رہی تھی

نیلی فراک کے نیچے نیلا پاجامہ اور نیلی بڑی سی شال میں وہ سادہ سے چہرے میں

..بھی ایسے لگ رہی تھی جیسے قلعہ کی شہزادی اپنی سلطنت میں گھوم رہی ہو

فضا اسے اس قدر خوش دیکھ کر بول ہی پڑی ..رحاب اس جہنم میں واپس مت جانا ..یار بھاگ جاؤ کہیں

رحاب پھر اداس ہوئی ..کہاں پر؟ وہ جیسی بھی ہے ایک محفوظ چھت تو ہے .ناں ...رحاب نے اشارہ کیا ..اور پھر اداس ہو گئی

اچھا چھوڑو یہ سب .....مجھے بھوک لگی ہے ..مگر لنچ باکس بس میں ہی رہ گیا ..میں انعم کے ساتھ لینے جا رہی ہوں .. تم بے فکر ہو کر گھومو پھرو ..کافی سیکیورٹی ہے ..یہاں ..کوئی پریشانی نہیں

..فکر مت کرو ..میں ٹھیک ہوں ..رحاب نے اشارہ کیا

فضا چلی گئی ...وہ یونہی مسرور سی پچھلے زمانے میں جہاں شہزادیاں غسل کیا کرتی تھیں اس گھاٹ کی طرف گئی...

..پاشا اور کبیر یونہی ادھر ادھر گھوم پھر کر جائزہ لے رہے تھے

ٹورسٹ جو تھے .کافی سارے لوگوں کو روک کر ان کے امپورٹڈ کیمرے میں تصویر بنانے کو کہا..

....کیمرا بہت ایکسپینسیو تھا

لوگ پکڑتے اور بغیر پوچھے کے کیسے پک بنانی ہے اپنا رعب جھاڑنے اور یونہی کیمرا میں پنگے دے کر یہ جا وہ جا.

.کبیر کو بے حد ہنسی آ رہی تھی

.مگر پاشا کہ سامنے ضبط کرتا رہا

وہ اپنے ہدف کے قریب ترین تھے ..جب پاس سے ایک نیلے لباس میں شہزادی سی گزری..

ایکسکیوزمی میم ....کبیر نے پکارا ..ریحاب نے پیچھے مڑ کر دیکھا ...کبیر کے دل میں شرارت تھی کیوں نا میم کی کھِلی اڑائی جائے..

....پلیز ہماری ایک پک تو بنا دیں ..اس نے ریکویسٹ کی..اور کیمرہ آگے بڑھایا

..پاشا بغور اس لڑکی کی جانب دیکھ رہا تھا

..رحاب نے کیمرا تھاما ..اور غور سے دیکھا

..پاشا نے نظریں ہٹائیں

..رحاب نے نے کبیر کی جانب دیکھ کر نفی میں گردن ہلائی

او ...کبیر کو حیرت ہوئی ..وہ پہلی تھی جو تسلیم کر رہی تھی کہ اسے وہ کیمرا چلانا نہیں آتا..

کبیر نے اسے ضروری سٹیپ بتائے

.پاشا کی نظر جانے کیوں ...مگر بار بار بھٹک رہی تھی

..رحاب نے سمجھ کر اوکے کا اشارہ کیا

..وہ ایک طرف کھڑے ہوئے ..رحاب نے سمائل کا اشرہ کیا ..کبیر نے سمائل کیا

.مگر وہ دوسرا

رحاب کی بیک بون میں سنسناہٹ ہوئی ..کتنی وحشت تھی ان نگاہوں میں اس

.نے جلدی سے پک بنائی

.کیمرے میں سے پک نکلی جو کہ بہت اچھی بنی تھی

..تھینکس ..کبیر نے شائستگی سے کہا

وہ مسکرائی

..پاشا نے بغور وہ گلابی لبوں کی مسکان دیکھی

.رحاب جلدی سے وہاں سے ہٹی

..وہ سر جھٹک کر وہاں سے آگے بڑھے

..کچھ دور جا کر پاشا نے کیمرے میں سے وہ بم نکالا

.مگر اس سے پہلے ہی

.پاشا میرا والٹ گر گیا ..کبیر نے پاشا کے سر پر بم پھوڑا

واٹ ...کبیر تم اتنی بڑی لاپرواہی کیسے کر سکتے ہو ...پتہ ہے نا ہمارے والٹس میں

...کتنی ضروری انفارمیشن، مائیکرو چپس اور یو ایس بی ڈرائیوز ہوتی ہیں ..یو فول

..اگر وہ کسی دشمن کے ہاتھ لگ گیا تو وہ کتنی آسانی سے ہم تک پہنچ سکتے ہیں

..پاشا غرایا

..ائم سوری بھائی

.واٹ سوری اب ڈھونڈو ..وہ دھاڑا

اس سے پہلے وہ کچھ اور کرتے ..فورٹ کے مینجمنٹ ہیڈ آفس سے اناؤنسمنٹ ہوئی
.کہ ایک والٹ ملا ہے جس کا ہے آکر لے جائے

...وہ فوراً اس طرف گئے

.آفس داخل ہو کر پھر اسی شہزادی پر نظر پڑی .کبیر مسکرایا

...مگر پاشا جی جان سے جلا

...افف یہ لڑکی .پھر سامنے آ گئی ...مرے گی میرے ہاتھوں ..وہ جھنجھلایا

..کبیر نے والٹ کا کلر وغیرہ بتایا اس نے مسکراکر والٹ کبیر کی جانب بڑھا دیا

.پہلے لیٹ ہو رہے تھے ..پاشا تن فن کرتا وہاں سے نکلا

ادھر فضا کب سے رحاب کو ڈھونڈتی پھر رہی تھی ..اور وہ میڈم نکلی تھی سماج سیوا کرنے.

.آفس سے نکل کر فضا کی تلاش میں بہت دور نکل آئی تھی

اور پہاڑ کی کافی اونچائی تک آ گئی تھی

.اب پریشان بھی ہو چکی تھی

..کہ تبھی ایک زور دار دھماکا ہوا ..وہ گھبرائی

مگر ایک بڑا سا پتھر فضا میں بلند ہوا تھا جو اس کے سر پر بجا .اور وہ بے ہوش ہو کر وہیں گر پڑی.



..ان کا کام ختم ہو چکا تھا

وہ پاشا تھا .....پاشا ...جسے جرم کی دنیا میں بھیڑیا، کہا اور مانا جاتا تھا ..ظالم، بے رحم اور سفاک..

.وہ کوئی کام اپنے سر لیتا اور وہ مکمل نہ ہوتا

...ناممکن

اپنے ٹارگٹ کو ایک چھوٹے مگر خطرناک بم سے اڑا چکے تھے

..دشمن کا کام تمام ہو چکا تھا

.اور ان کے بخیے ادھڑ چکے تھے

انھیں جلد از جلد وہاں سے نکلنا تھا .کیونکہ پبلک پلیس تھی سو کسی کی آنکھوں میں

.آنے کا خدشہ تھا

مگر وہ کام اتنی صفائی سے کرتے تھے کہ دن دہاڑے بھی بھی نا کوئی گواہ نا ثبوت ....کچھ بھی نہیں

وہ تیزی سے پارکنگ کی طرف بڑھے ..جب پاشا کے تیزی سے چلتے قدم تھمے تھے...

...نظر دائیں جانب اٹھی ...اور اس نیلے آنچل پر ٹھہریں

وہ شاید دھماکے سے زخمی ہوئی تھی اور اب گھاس پر ہوش وخرد سے بیگانہ بے ہوش پڑی تھی.

یہ وہی ہے ناں ...جس نے والٹ واپس لوٹایا ...پاشا نے پیچھے کھڑے کبیر سے پوچھا...

ہاں وہی ہے ..مگر تم کیوں رک گئے چلو ...ہمارا یہاں رکنا ٹھیک نہیں ...پاشا لیٹس گو...

.اٹھاؤ اسے ....پاشا نے سنجیدگی سے کہا

واٹ ....کبیر کو جھٹکا لگا .. غور سے پاشا کو دیکھا ..کیا واقعی یہ الفاظ اس نے پاشا کہ منہ سے سنے..

..لیکن کیوں؟ کبیر نے پوچھا

مجھے نہیں پتا ..لیکن اگر میں کہہ رہا ہوں کہ اٹھاؤ اسے تو مطلب اٹھاؤ.. .کبیر
.شاک کے عالم میں کھڑا ہی تھا کہ پاشا نے ایک خونخوار نظر کبیر پر ڈالی

اب تو نہیں دیر ہو رہی ..وہ خود ہی آگے بڑھا اور سنجیدگی سے وہ نرم و نازک مومی
..گڑیا جیسا وجود بازوؤں میں اٹھا لیا

اور اس افراتفری اور دھوئیں کے مرغولوں میں کسی کی نظروں میں آئے بغیر دھول
..اڑاتے وہاں سے غائب ہو گئے



...پاشا نے نرمی سے اسے پیچھے گاڑی میں لٹایا تھا

..فرنٹ سیٹ پر ایا

...چلو

.....مگر

...شٹ اپ ..کبیر .لیٹس گو

کبیر نے چپ چاپ گاڑی دوڑائی ....دو جگہ سے گاڑی بدلی اور پھر اپنے ٹھکانے پہنچے...

..پاشا نے گاڑی سے اتر کر پھر اسے بازوؤں میں بھرا

..ڈاکٹر کو بلاؤ کبیر

.کبیر کو ایک مرتبہ پھر شاک لگا

...مگر عافیت اسی میں جانی کہ اپنے ایک بندے کو بھیج کر ڈاکٹر کو بلایا

ریما اور رجا بھی حیرت سے پاشا کو دیکھ رہیں تھی

جب ریما تن فن کرتی پاشا کے پیچھے گئی..اس کے سینے پر سانپ لوٹے جس نے

..ایک عرصے سے پاشا کو دل کی اونچی مسند پر بٹھا رکھا تھا

اب یہ بھی راسم کی طرح کسے اٹھا لایا تھا...وہ بھنائی

..وہ رحاب کو بیڈ پر لٹا رہا تھا

واٹ از دس؟ پاشا

واٹ ....وہ سرد سے لہجے میں بولا .کیونکہ آج تک اس سے سوال کرنے کی کسی کی جرات نہیں ہوئی تھی.

کسے اٹھا لائے ہو اور کیوں...؟

مائینڈ یور آن بزنس ...ریما ...اینڈ گیٹ لاسٹ ....کسی کو بھی جواب دینے کا پابند نہیں ہوں..

وہ اپنی ہی کیفیت سے جھنجھلا کر ریما پر ہی الٹ پڑا

دور رہو مجھ سے ..وہ پھر غرایا.

اسے تو بڑا قریب ہو کر اٹھا کر لائے ہو ...کیوں اور کس تعلق سے..

پاشا کے پاس جواب نہیں تھا سو بھسم کر دینے والے انداز میں ریما کی جانب بڑھا اور اسے بازو سے گھسیٹ کر کمرے سے باہر پھینکا.

خود بھی باہر آیا...وہاں رجا اور ان کے کچھ خاص آدمی بھی موجود تھے..

میری پرمیشن کے بغیر اس روم میں کوئی گیا...ٹانگوں کا قیمہ بنا کر چیل کووں کو کھلا دوں گا..وہ دھاڑتا دوسرے روم میں بند ہو چکا تھا.

پھر اس کے آرڈر کے مطابق کسی میں بھی اتنی جرات نہیں ہوئی..کہ اس روم میں جا سکے.

..کبیر ڈاکٹر کو لے کر آیا ..ڈاکٹر نے چیک اپ کیا

..وہ باہر آئیں تو پاشا ان کے قریب آیا

...ڈاکٹر کیا ہوا اسے

سر پر چوٹ لگنے سے بے ہوش ہیں ..مگر فکر کی بات نہیں.زخم نہیں ہوا ..میں نے انجکشن لگا دیا ہے کچھ ہی دیر میں ٹھیک ہو جائیں گی آپ کی مسز..

..ڈاکٹر مصروف سے اندازہ میں میڈیسن لکھ رہی تھیں ..پاشا خاموشی سے کھڑا رہا اپنے کمرے سے یہ سب دیکھتی ریما جی جان سے جلی ..آخر پاشا نے ڈاکٹر کی غلط فہمی دور کیوں نہیں کی..

...ڈاکٹر چلی گئیں

...پاشا نے کبیر کو اشارہ کیا

..وہ قریب آیا

اسے ہوش آ جائے تو واپس وہیں چھوڑ آنا ...فوراً

..یہ کہہ کر وہ اپنے کمرے میں جا چکا تھا



..رحاب کو ہوش آیا تو خود کو بڑے سے بیڈ روم میں پایا

.وہ گھبرا کر اٹھی

.مجھے یہاں کون لایا ...فضا لوگ مجھے ڈھونڈ رہے ہوں گے

..تبھی دروازہ ہلکا سا ناک کر کے کبیر اندر داخل ہوا

.رحاب حیران ہوئی

گھبرانے کی کوئی بات نہیں ....آپ زخمی ہوئیں تو ہم آپ کو یہاں لے آئے اب کیسی طبیعت ہے آپ کی ..آپ کی طبیعت ٹھیک ہونے کے فوراً بعد میں آپ کو وہیں چھوڑ آؤں گا..

رحاب کو تسلی ہوئی..

میں بلکل ٹھیک ہوں ...آپ مجھے چھوڑ آئیں ...رحاب نے اشارہ کیا...

کبیر نے شدید صدمے سے اس چھوٹی سی پیاری سی معصوم لڑکی کو دیکھا..

آپ بول نہیں سکتیں؟

رحاب نے سر جھکا کر نفی میں سر ہلایا ..جیسے یہ اس کا قصور ہو..

او ....آئم سوری .....کبیر کو بے تحاشا شاک لگا ..فورٹ میں تو ان کو پتا ہی نہیں چلا تھا..

.....اوکے چلیں پھر ...اس نے اثبات میں سر ہلایا .اور فوراً اٹھی

...پاشا کھڑکی میں کھڑا تھا

.کبیر کو کہا اسے واپس چھوڑ آؤ

.مگر اب سینے میں سانس الجھ گئی تھی

چہرہ لہو نچوڑنے کو تھا جب دیکھا وہ کبیر کے ساتھ چلتی اندر سے نکل کر پورچ میں کھڑی گاڑی کی جانب بڑھی ہے.

..اس کے جاتے قدم جیسے اس کا دل و جاں کچل چلے تھے

..اس نے مٹھیوں میں اپنے بال جکڑے

..بھاڑ میں جائے ہر چیز ...وہ بھسم کر دینے والے انداز میں باہر نکلا

کبیر نے گاڑی کا دروازہ کھول رکھا تھا ..وہ آگے بڑھی اور گاڑی میں بیٹھنے لگی مگر اس سے پہلے ہی

.پاشا نے آکر ایک زور دار پاؤں کی کک سے دروازہ بند کیا تھا

.دھاڑ کی آواز سے دروازہ بند ہوا

..رحاب سہم کر پیچھے ہٹی ..اور کبیر کی جانب دیکھا

....کیا ہوا بھائی

کہیں نہیں جائے گی یہ

..لیکن

میں نے کہا ناں کہیں نہیں جائے گی ..پاشا نے چبا چبا کر کہا

..مگر کیوں آپ نے ہی تو کہا تھا

اب میں ہی کہہ رہا ہوں.کہ یہ کہیں نہیں جا سکتی ..کھڑی منہ کیا دیکھ رہی ہو جاؤ اندر ...وہ دھاڑا

رحاب پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھے گئی ...جس کے دھواں دھواں چہرے سے اسے ڈر لگ رہا تھا.

وہ بے بس تھی بول نہیں سکتی تھی کہ اسے اس کی آنکھوں کی وحشت اور جنونیت سے خوف محسوس ہوتا ہے

...انجانا سا ڈر لگتا ہے

.پاشا آگے بڑھا اور بازو سے پکڑ کر اسے لئے اندر کی جانب بڑھا

...یہ تو گئے کام سے ..کبیر نے پاشا کی پشت کو گھورا



.راسم بہت جلد اپنا کام مکمل کر کے لوٹا تھا

..اور اب اس کا رخ اپنے روم کی طرف تھا

..جانے روم کی لائٹ کو کیا ہوا تھا فانیہ بہت گھبرائی

فانیہ اندھیرے میں آہستگی سے آگے بڑھ رہی تھی جب اچانک سامنے سے آنے ..والے کے چٹانی اور چوڑے سینے سے ٹکرائی

..اس کی خوشبو سے محسوس کر کے .....کہ وہ کون ہے اس کی روح فنا ہوئی

جبکہ راسم کو آج بھی اس نرم و گداز سے وجود نے ہلا کر رکھ دیا تھا ..جس سے وہ اتنے دنوں سے کانٹوں پر گھسیٹ لیا گیا تھا .اور کافی ڈسٹرب تھا ..اسی لئے اب ..بھی سخت بھنایا

وہ اس پاگل سے ڈر کر اس کے غصے سے بچنے کے لیے سیکنڈوں میں ریشماں کے پاس بھاگ جاتی مگر.

اس سے پہلے ہی راسم نے ایک ہاتھ سے اس کے بالوں اور دوسرے سے اس کی کمر کو سخت گرفت میں لیا تھا..

میں نے کہا تھا مجھ سے دور رہنا ...میرے سامنے مت آنا..

مگر تم نے نہیں سنی..

اگر اس دن معلوم ہوتا کہ میرے ہی گلے پڑ جاؤ گی تو Anesthesia کی بجائے زہر کا انجیکشن لگاتا تمھیں میں..

وہ پھنکارا.

...فانیہ کہ چیخ نکلی

خبردار چیخیں تو ...تمھاری چیخ ریشماں تک پہنچی تو ان کا لحاظ کیے بغیر ہی ادھیڑ کر رکھ دوں گا .. سمجھیں..

.فانیہ کو آگ لگی

چھوڑیں مجھے ...مجھے بھی نہیں رہنا آپ کے ساتھ .جانے دیں مجھے ..اگر نہیں دیکھنا چاہتے میری شکل تو آخر جانے کیوں نہیں دیتے مجھے .کیوں پہرے بٹھا رکھے ہیں مجھ پر .کیوں ..وہ اس سب سے تنگ آکر سسک پڑی.

کیوں ....کا مطلب ابھی سمجھاؤں کیا تمھیں ..وہ اسے بیڈ پر پٹخ کر بولا ..وہ جو نکاح ہوا.وہ رشتہ .وہ بھول گئی ہو ..یا یاد کرواؤں..

...وہ جارحانہ تیور لئے اندھیرے میں بیڈ کی جانب بڑھا

خود نہیں جانتا تھا کہ اس وقت آخر چاہتا کیا ہے .....مگر قدم خود بخود اس کانچ کی گڑیا کی جانب اٹھ رہے تھے.

..فانیہ کی جان پر بن آئی

زمل سکول سے واپس لوٹ رہی تھی.سادہ سے اورنج سوٹ کے اوپر بلیک بڑی سی شال اوڑھے ہوئے تھی .جب خود پر کسی کی گہری پرتپش نظریں محسوس ہو رہی تھیں.

اور ایسا مسلسل دو تین دن سے ہو رہا تھا.

اس نے یونہی ادھر ادھر دیکھا.

گھر میں داخل ہونے لگی تو سامنے والے گھر کے گیٹ میں گاڑی سے ٹیک لگائے وہ غنڈہ سا بڑی بے نیازی سے کھڑا تھا..

چہرے پر سن گلاسز تھے ..جس سے وہ اندازہ نہیں لگا پائی کہ وہی اسے دیکھ رہا ہے یا نہیں..

.وہ چھپاک سے فوراً اندر داخل ہو گئی

...کبیر نے سن گلاسز اتاریں ..افضل یہ کون تھی

سر یہ سامنے گھر میں رہتی ہیں ٹیچر ہیں ..ہمارے پاس جو نیا کم عمر لڑکا سیف آیا ہے وہ انھیں کا بھائی ہے ..باپ معزور ہیں...

... سہی چلو ...وہ ایک نظر بند گیٹ پر ڈالتا وہاں سے نکلا



.زمل جلے پیر کی بلی بنی پورے گھر میں بابا سے چھپتی پھر رہی تھی

دو دن ہو گئے تھے سیفی گھر نہیں لوٹا تھا...اور اس کو ہول پڑ رہے تھے

.بابا سے چھپا رکھا تھا کہ سیفی دو دن سے گھر نہیں آیا تھا

سب دوستوں سے پتا کروا چکی تھی...سب ٹھکانے کنگھال چکی تھی

.کہیں بھی نام و نشان نہی ملا

.اب تو سامنے والا گھر تھا جسے آتی جاتی نفرت سے گھور رہی تھی

پڑوسن سے پوچھا ...مگر اس نے بتایا کہ وہاں تو دو اور بڑے غنڈوں کو آتے دیکھا ہے محلے والوں نے کہ سامنے والے گھر کے غنڈے بھی ان کے سامنے سر جھکائے گھوم رہے تھے.

وہاں جانے کے خیال سے اسے جھرجھری محسوس ہوئی.

سیفی کے لئے تڑپتی وہ خود بھی دروازے میں جھانک کر ان غنڈوں کو آتے جاتے دیکھ چکی تھی..

مگر جب سیفی کے دوست نومی سے پتا چلا کہ آخری مرتبہ سیفی کو اسی گھر میں جاتے دیکھا تو وہ جھنجھنا اٹھی...

..اب کیا کروں ...وہاں جاؤں کے نہیں مگر سیفی

..نہیں ..کچھ بھی ہو جائے مجھے جانا ہوگا



یو باسٹرڈز ....یہ کیا کارنامہ کر کہ آئے ہو...؟ تم لوگوں کی ایک بے وقوفی کی وجہ سے ہمارا سارا مال بادشاہ کے آدمیوں کے ہاتھ لگ گیا ...کیسے ہوا.

...کبیر دھاڑا

سر انھوں نے فائرنگ کر دی ..اور سیف نے سارا معاملہ بگاڑ دیا ..اسے مال کی حفاظت کے لیے کھڑا کیا تھا ..مگر یہ بھاگ نکلا ..اور مال ان کے ہاتھ لگ گیا...

واٹ ربش ...پاشا کو جانتے ہو ناں ...ہڈیوں کا سرمہ بنا دے گا ..اور اس کی سزا یہ ہے کہ تین دن تک اسے تہہ خانے میں ڈال دو ..بزدلی کا انعام بھی تو ملنا چاہیے ..کبیر پھنکارا.

سیف جو سر جھکائے کھڑا تھا ..ہراساں ہوا

سوری سر ...آئندہ ایسی غلطی نہیں ہو گی..

آئندہ کے لیے ہی تمھارا دماغ ٹھکانے پر لگانے کے لئے بے حد ضروری ہے یہ سزا .... سمجھے اور اب دفاع ہو جاؤ تم لوگ کھڑے منہ کیا دیکھ رہے ہو ..لے جاؤ اسے.

وہ سوری سوری کرتا رہا مگر وہ دیوہیکل اسے اٹھا کر تہہ خانے میں پھینک آئے تھے..

...ایک دن ہو گیا تھا اسے تہہ خانے میں



پاشا اسے بازو سے گھسیٹ کر اندر لایا تھا ..تواتر سے اس کے گرتے آنسو دیکھ کر پاشا مزید طیش میں آیا.

ابھی تو خود نہیں جانتا تھا کہ کیا کر رہا ہے کیا چاہتا ہے.

جیسی ان کی زندگی تھی .

جیسے بنا دی گئی تھی .

وہ کن کن حالاتوں سے ھزرے تھے .

کس اندھیروں کی دنیا کے میں پھنسے تھے ..

ان چاروں نے تو قسم کھائی تھی کہ کبھی ان بکھیڑوں میں نہیں پڑے گے .

مگر پہلے راسم پھر سوہم اور اب وہ خود کس عذاب میں پھنس گیا تھا .

...اسے کمرہ کھول کر اندر دھکیلا .....کمرہ لاک کیا اور باہر نکلا

.گاڑی میں ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر رئیس کو اشارہ کیا

..یس سر

ایک ایڈریس میسج کر رہا ہوں ...آدھے گھنٹے کے اندر اندر اس گھر کے رہائشیوں کی

...ڈیٹیلز اٹھنا بیٹھنا مزاج سب کچھ مجھے پتہ کر کے بتاؤ

...پر سر یہ تو لاہور کا ایڈریس ہے

ہاں تو لاہور کا دیا ہے ..پاتال کا نہیں جو ناممکن ہے .اب کام پہ لگو ...گیٹ لاسٹ ..وہ غرایا.

یہ کہہ کر زن سے گاڑی بھگائی.

اس کا ہینڈ بیگ اب بھی گاڑی میں موجود تھا ..اور آئی ڈی کارڈ پاشاکہ ہاتھ میں..

رحاب عزیز.....وہ زیرِ لب بڑبڑایا..

کیوں میرا سکون برباد کر دیا ہے ..اس نے ڈیش بورڈ پہ مکا رسید کیا ..مگر تمھاری دی گئی یہ بے چینی اور بے سکونی

یا جو بھی ہے

)وہ اب محبت کا نام نہیں لے رہا تھا (میرے سینے میں موجود دہشت اور درندگی کو
...کم نہیں کر سکتی .. سمجھیں

..وہ آئی ڈی کارڈ میں موجود پاگلوں کی طرح اس کی تصویر سے مخاطب تھا



..کبیر ریلیکس سا صوفے پر بیٹھا تھا .رجا پیچھے کھڑی اس کا سر سہلا رہی تھی

.پاس ہی اس کے آدمی کھڑے اسے آج کی بریفنگ دے رہے تھے

زمل کی جب برداشت جواب دے گئی تو وہ تن فن کرتی چادر میں خود کو لپیٹے اس گھر میں داخل ہوئی تھی.

چوکیدار اسے اور اس کے بھائی کو جانتا تھا اسے لئے منع نہیں کر سکا..

وہ دھاڑ سے دروازہ کھولتی لاؤنج میں داخل ہوئی تھی.

کبیر اس دیکھ کر سیدھا ہوا..

لیکن اس کے انداز سے کبیر کو آگ لگی..

کہاں ہے میرا بھائی چھوڑ دو اسے ....فوراً ..... نہیں تو اچھا نہیں ہو گا ...وہ چلائی

..وہ ضدی اور اکھڑ تو سدا کی ہی تھی

مگر اب شاید بھول گئی تھی کہ وہ کہاں، کیوں اور کس کے سامنے کھڑی ہے

سامنے والے کی سرد بے تاثر اور خونخوار نظریں محسوس کر کے ایک پل کو تو روح فنا ہوئی تھی.

...مگر زمل ڈھیٹ بنی رہی

..چھوڑ دو میرے بھائی کو ...وہ دھاڑی

کبیر بھسم کر دینے والے انداز میں صوفے سے اٹھا پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے

..اس کی جانب آہستگی سے قدم بڑھائے

..رجا دلچسپی سے یہ تماشہ دیکھنے لگی

.سب آدمی سر جھکائے کھڑے تھے

..ہوش میں تو ہو ...ٹیچر صاحبہ جانتی ہو کہاں اور کس کے سامنے کھڑی ہو

.کبیر کا سرسراتا لہجہ

..زمل کی ریڑھ کی ہڈی میں سنسناہٹ ہوئی .. سہم کر چند قدم پیچھے ہٹی

..وہ ٹھیک اس کے سامنے آکر کھڑا ہوا

خدا کے سامنے نہیں کھڑی ...انسان ہی ہو ....چھوڑ دو میرے بھائی کو...وہ بزدل نہیں تھی ..مگر لرزتے ہاتھوں سے اپنی چادر بھی مٹھی میں زور سے دبوچ رکھی تھی.

تمھارا بھائی میرا کروڑوں کا نقصان کر چکا ہے ...وہ کون بھرے گا؟

...اب کی بار زمل کی بولتی بند ہوئی تھی

..وہ بغور سامنے کھڑی لڑکی کی اٹھتی گرتی گھنی پلکیں دیکھ رہا تھا

..خدا کے لئے چھوڑ دو اسے

..کتنی محبت کرتی ہو اپنے بھائی سے،؟ وہ اچانک پوچھ بیٹھا

.خود سے بھی زیادہ ..اس نے بھی تڑخ کر جواب دیا

اس کی جان بچانے کے لئے اپنی جان دو گی؟

زمل نے حیرت اور صدمے سے سامنے کھڑے بے رحم شخص کو دیکھا مگر

.....ہاں

تو ٹھیک ہے ...مجھے یہ ڈیتھ گیم بہت پسند ہے ..اگر بچ گئیں تو اپنے بھائی کو لے

.جانا ..ورنہ میں تمھاری ڈیڈ باڈی سامنے گھر میں پہنچا دوں گا ..وہ اسے ڈرا رہا تھا

.مگر تین دن کی سیفی کی ٹینشن بابا کے آنسو وہ پتھر بن گئی

کبیر نے اپنی پاکٹ سے وہ پرانی طرز کی بنی پسٹل نکالی اس میں ایک گولی ڈالی اور اس کا برسٹ گھمایا..

.مگر وہ تیزی سے برسٹ بند کرتے ہوئے وہ گولی اپنے کوٹ کے بازو میں گرا چکا تھا

.یعنی پسٹل خالی ہو چکی تھی

مگر زمل کے فرشتے بھی نہیں دیکھ پائے وہ تو سہمی سی اس کی ساری کاروائی دیکھ رہی تھی..

یہ لو تین چانس دئے تمھاری ڈیتھ کو ...اس نے پسٹل آگے بڑھائی ..جو کہ زمل نے کانپتے ہاتھوں سے پکڑ لی..

..پھر پھنکاری ...یہ تین ڈیتھ چانس میں تمھاری لائف کے بھی تو لے سکتی ہوں زمل نے پسٹل کبیر کی طرف تانی.

..وہ تمسخرانہ سا ہنسا

لیکن اگر سوال میرے بھائی کی زندگی کا ہے تو ...ٹھیک ہے ..زمل کو سامنے کھڑا وہ لمبا چوڑا مرد آج موت کا فرشتہ لگا .مگر وہ پسٹل اپنی کنپٹی پر رکھ چکی تھی.

اس نے آنکھیں بند کیں

...کبیر کی نظریں اس کی لرزتی پلکوں اور کپکپاتے سرخ ہونٹوں میں الجھیں

.زمل نے تین مرتبہ ٹریگر دبایا ..اور اٹکی ہوئی سانس بحال کی

.آنکھیں کھولیں تو وہ سامنے کھڑا پر تپش نگاہوں سے اسے دیکھ رہا تھا

...زمل نے پسٹل اس کے پیروں میں پھینکی .....اب چھوڑ دو میرے بھائی کو

ایک مرتبہ وہ سیفی کو لے کر اس جہنم سے نکلے گی تو دوبارہ کبھی اس آدمی کی منحوس شکل نہیں دیکھے گی ..جو ہلکی داڑی مونچھ اورگلے میں پڑی چین سے کوئی ..شیطان صفت غنڈہ موالی ہی دکھتا تھا

.وہ دل میں ارادے کر رہی تھی ..مگر قسمت کا کھیل نہیں جانتی تھی

نادر ...لے آؤ اسے ....اس نے رعب دار آواز میں کہا مگر زمل کے سامنے سے نہیں ہٹا ..وہ اب بھی بڑی فرصت میں اسے بغور دیکھنے میں مصروف تھا .

آج تک یہ ڈیتھ گیم اس نے جس کے ساتھ بھی کھیلی تھی.اس نے یہ جانے بغیر کے پسٹل خالی ہے کبیر کی جانب ہی پسٹل کا رخ کر کے فائر کر کے اپنی جان بچانے کی کوشش کی تھی..

.جس کی وجہ سے کبیر نے ہر مرتبہ سامنے والے کو دردناک سزا دی تھی

..مگر آج یہ نازک سی لڑکی اپنے بھائی کے لیے بظاہر اپنی زندگی داؤ پر لگا بیٹھی تھی

حیرت انگیز

..نادر نڈھال سے سیفی کو لے کر آیا..وہ تڑپ کر اس کی جانب لپکی

آپی .... سیفی کو بھی اپنی غلطیوں کا احساس ہو چکا تھا..اسی لئے پھوٹ پھوٹ کر

.رو دیا

..مگر زلل جلد از جلد اس آدمی کی دہکتی نگاہوں سے دور جانا چاہتی تھی

اسی لئے سیفی کو لیے وہاں سے نکلتی چلی گئ ...مگر دو بے قرار سی نگاہوں نے

...اوجھل ہونے تک اس کا پیچھا کیا

گھر آکر اس نے سیفی کو ایک تھپڑ جڑا ...مگر وہ پہلے ہی احساس ندامت سے نڈھال اس کے پیروں میں گر کر معافی مانگ رہا تھا..اور آئندہ کے لئے توبہ کر رہا تھا.پھر زمل بھی اسے گلے سے لگا کر بے تحاشا رو دی...

سکون ملا

تسلی ہوئی...

کہ اب سیفی سدھر جائے گا

یہ جانے بغیر کہ اگلے چند دن اس کی زندگی میں کیا طوفان لانے والے ہیں..



..راسم جارحانہ تیور لئے فانیہ کی جانب بڑھا تھا

وہ گھبرا کر بیڈ پہ پیچھے کی جانب کھسکی ..جب وہ پورے حق سے اس کے اوپر جھکا تھا.

فانیہ نے دونوں ہاتھ اس کے سینے پر رکھ کر دور ہٹانے کی کوشش کی ..مگر راسم اس کے دونوں ہاتھ پکڑ کر بیڈ سے لگا چکا تھا...

چچ .....چھوڑیں مجھے ..پپ ..پلیز

..راسم نے اس کی گردن پر دہکتے لب رکھے

.فانیہ کی روح فنا ہوئی

.رگ و پہ میں سکون دوڑا....اتنے دن کے بے چین دل کو قرار آیا

.فانیہ مچلی

.مگر گرفت بہت آہنی تھی .وہ گردن سے اس کے گال تک آیا

.اور زرا سا سر اٹھا کر اس کے چہرے اور پھر کپکپاتے لبوں کو دیکھا

..خوف سے آنکھیں بند کر رکھیں تھیں

.کیا چیز تھی

.خون بن کر رگوں میں دوڑنے لگی تھی

اتنے قریب جانا چاہتا تھا کہ ہر حد پار کردے

..مگر ماضی کی وجہ سے ابھی خود سے جنگ جاری تھی

اسی لئے فورا اٹھا

...فانیہ راسم حفیظ فوراً دوسرے کمرے میں دفعہ ہو جاؤ ..وہ دھاڑا

..وہ اپنی خلاصی ہوتی دیکھ دوسرے کمرے میں بند ہو گئی

.رویہ سمجھ سے بالاتر تھا

مگر اب وہ اچھی طرح سمجھ گئی تھی .کہ اسے اس شخص کے سر پر مسلط کیا گیا

..ہے

.خود اذیتی ہی خود اذیتی تھی

.شروع سے اس کا وجود دوسروں کے لئے بوجھ اور آزار ہی بنا ہوا تھا

.اسے خود سے نفرت محسوس ہوئی

.پھوٹ پھوٹ کر رو دی

نہیں میں اب اور انکے سر پر سوار نہیں رہوں گی ..اپنا یہ بوجھ ان کے سر پر نہیں ڈالوں گی ..وہ کہتے ہیں دور رہو مجھ سے ...تو ٹھیک میں ہر پہرہ توڑ دوں گی ..بہت دور چلی جاؤں گی ان سے

.وہ بلکل غلط تہیہ کرتی اپنے آپ کو یہ کر گزرنے کے لیے تیار کر رہی تھی



تمام ڈیٹیلز پاشا کے پاس تھیں اور اب وہ چند گھنٹوں میں لاہور کی اس چھوٹی سی بستی میں چھوٹے سے گھر میں بنے ڈرائنگ روم میں ٹانگ پر ٹانگ جمائے رعب سے بیٹھا تھا

اور جانچتی نگاہوں سے سامنے بیٹھی عورت کو دیکھ رہا تھا

جو اس کے حلیے بڑی گاڑی ہاتھ پر بندھی ہیروں جڑی گھڑی کو دیکھ کر سخت مرعوب سی بیٹھی تھی..

کون ہیں آپ ...میں نے آپ کو پہچانا نہیں؟

..اسے چھوڑو یہ بتاؤ رحاب عزیز کو جانتی ہو

اس نام پر سامنے والی نے کڑوا سا منہ بنایا ..ہاں نند تھی میری ...پکنک پر گئی تھی ..وہاں ایک بم بلاسٹ میں مر گئی ...اس کی دوست اور میرے شوہر نے تو بڑا شور مچایا مگر اب مرنے والوں کو کون واپس لا سکتا ہے .شاہینہ اطمینان سے بولی

..وہ مری نہیں ...میرے پاس ہے ..پاشا نے شاہینہ کے سر پر بم پھوڑا

..وہ کچھ کہنے لگی اس سے پہلے پاشا بول پڑا

وقت نہیں میرے پاس ..مجھے پتہ ہے تمھیں اس سے کوئی دلچسپی نہیں سوائے اس کے کہ تم اسے اپنے پھٹو بھائی کے گلے باندھنا چاہتی ہو ...ایک بے دام غلام کے طور پر.....

اب جو کہوں گا غور سے سننا اور سوچ کر جواب دینا .وہ مجھے چاہیے ..میں اسے اپنے پاس رکھنا چاہتا ہوں ...مگر وہ واپس آنے کی ضد کر رہی ہے ...میں چاہتا ہوں کہ وسیم اسے خود میرے پاس چھوڑنے آئے..

.اور اس سے مجھے کیا ملے گا ...شاہینہ کی لالچ سے جِیب لپلپائی

قیمت بولو...؟

دس لاکھ .....شاہینہ بولی..اس بے حس لالچی اور ظالم عورت نے یہ تک پوچھنا گوارا نہیں کیا تھا کہ وہ کس تعلق سے اسے اپنے پاس رکھنا چاہتا ہے ..کیا وہ نکاح کرے گا اس سے.

پاشا نے افسوس سے اسے دیکھا.

تیس لاکھ دوں گا .....یہ فون ایڈوانس سمجھو ...پاشا نے ایک انتہائی قیمتی موبائل کو ڈبہ چھوٹے سے ٹیبل پر اچھالا ...شاہینہ کی تو آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں..

میں کل اسے یہاں چھوڑ جاؤں گا ...وسیم سے کہنا انھیں پیروں اسے میرے پاس اس ہوٹل میں چھوڑ جائے.....

پاشا نے ایک کارڈ ٹیبل پر رکھا ..اور باہر نکلتا چلا گیا.

روحا نے مندی مندی آنکھیں کھولیں...

ایک مرتبہ تو سمجھ نہیں آئی کہاں ہے...

مگر جب حواس بحال ہوئے تو سوہم خان کی درندگی یاد آئی.

..تڑپ کر اٹھی

..خود کو سوہم خان کے کمرے اور اس کے بیڈ پر پایا

...آنکھیں پھر ڈبڈبائیں

.کمرے کے دروازے میں دوپٹہ پڑا تھا ..اٹھ کر دوپٹہ اٹھایا اور اچھی طرح اوڑھ لیا

..واپس بیڈ پر آکر بیٹھ گئی

مگر اب مشکل تو یہ تھی کہ اب سوہم خان سے، اس کے غصے سے اس قدر
..خوف زدہ ہو چکی تھی ..کہ بیڈ سے اترنے تک کی جرات نہ کر سکی

.دھمکی بھی تو ملی تھی کہ اس کی اجازت کے بغیر ایک قدم بھی باہر نہیں نکالے

سو گھٹنے فولڈ کیے بازو باندھے ...سر گود میں دیا اور پھر رو دی .. علی کی فکر بے چین کر رہی تھی.

کتنا خون بہہ رہا تھا ..روحا نے تو کبھی اسے کھروچ بھی نہیں آنے دی تھی.

تبھی ہلکی دستک کے ساتھ دروازہ کھلا ..آہٹ پر سر اٹھا کر دیکھا

..مگر اپنے سامنے علی کو دیکھ کر چہرہ خوف سے پھر لٹھے کی طرح سفید پڑ گیا

..وہیں ساکت بیٹھی رہی

..آخر وہ ہی قریب آیا

آپو ....بیڈ پر بیٹھ کر گود میں سر رکھا ..وہ بوکھلائی.

علی ...بچہ ..آپ یہاں کیوں آئے ...انھوں نے دیکھ لیا تو پھر کچھ غلط نا سمجھیں ..آپ چلے جائیں ..وہ مار ڈالے گے آپ کو ..وہ سسک پڑی .

نہیں آپو ...بھیا کی غلط فہمی دور ہو گئی ..وہی مجھے ہوسپیٹل سے ٹریٹمنٹ کروا کر آپ سے ملانے لے کر آئے .انھیں پتہ تھا آپ پریشان ہوں گی..آپ فکر نہ کریں ...میں ٹھیک ہوں ..

علی نے عقیدت سے روحا کا ہاتھ تھاما..

میں دادو کے پاس جا رہا ہوں ...چلیں آپ بھی..

نن ..... نہیں آپ جائیں...آپ کو دیکھ لیا ..ہمیں تسلی ہو گئی ..اب ہم آرام
..کریں گے ..روحا نے بہانا گھڑا

..جی ٹھیک ..علی کہہ کر جانے لگا تبھی سوہم کمرے میں داخل ہوا تھا
..روحا سہمی

..بیٹھو علی ..اپنی آپی کے پاس کہاں چل دیئے

..بس بھیا ..دادو سے ملوں گا ..پھر واپس جانا ہے ..پیپرز کی تیاری کرنی ہے

...اوکے

..علی نے سوہم سے مصافحہ کیا اور باہر چلا گیا

سوہم ڈریسنگ تک آیا.اور اپنی شرٹ کے بٹن کھولنے لگا .شیشے میں سے ایک نظر اسے دیکھا.

..جو اپنے گھٹنوں میں دوبارہ منہ چھپا گئی تھی .. بچپن میں بھی تو یہی کرتی تھی

اور اس کی دھمکی کے مطابق بیڈ سے بھی نہیں اتری تھی ..کمرے سے باہر جانا تو دور کی بات.

سوہم نے دانتوں تلے لب دبا کر executioner آخر کار اتنے سالوں بعد ..ہنسی کنٹرول کی.اور اس دشمن جاں پر ٹوٹ کر پیار آیا

...روح .....آخر اس نے جزبوں سے بوجھل لہجے میں پکارا

I hate you Soham khan.....

.....وہ سسک پڑی

It's ok jan...

..اب بلکل ایسا کروں گا کہ سب سے زیادہ محبت بھی مجھ سے ہی کرو گی تم

کیا کریں گے آپ ..اس نے سر اٹھایا اور سہم کر سوہم کو اپنی شرٹ کے بٹن کھولتے دیکھا...

..سوہم کا ہنسی ضبط کرنے کے چکر میں چہرہ سرخ ہو گیا

..آگے بڑھ کر الماری سے اپنا نائٹ سوٹ نکالا

..فی الحال تو کچھ نہیں جان ...کیونکہ ابھی اس میں وقت ہے

سوہم کی بات پر روحا کانوں تک سرخ ہوئی..ااایسے بے ہودہ سوال پوچھنے پر خود پر ہی دو حرف بھیجے.

...مگر میں اپنی ہر غلطی ہر کوتاہی کا ازالہ کروں گا

نہیں کر پائیں گے آپ .....وہ پھر رو دی ..سوہم کے دل کو کچھ ہوا ..مگر اس کے قریب جانے کی غلطی دوبارہ نہیں کر سکتا تھا..

.....روح

..سوہم خان ہم آپ کے ساتھ کہیں نہیں جائیں گے ...وہ روتی التجائیہ سی بولی

سوہم کے تاثرات بدلے ..جانا تو تمھیں پڑے گا مسز سوہم خان ..کیونکہ ہر لڑکی کو ایک دن اپنا گھر چھوڑ کر اپنے شوہر کے پاس جانا پڑتا ہے ....وہ سنجیدگی سے بولا.

..ہم نہیں جائیں گے ...وہ ضدی ہوئی

روح ...پلیز زبردستی کرنے پر مجبور مت کرنا ...کیونکہ میرا زرا موڈ نہیں آج کا واقع دہرانے کا ...اٹھا کر لے جاؤں گا ..پھر تمھیں ہی شکایت ہوگی ..وہ بھی سوہم خان تھا ..اطمینان سے کہتا اسے بے سکون کر رہا تھا..

..وہ بیڈ سے اتر کر اس کے سامنے آئی

..آ...آپ ..ہمارے ..ساتھ ایسا نہیں کر سکتے

میں بہت کچھ کر سکتا ہوں جان ... تمھیں آج بھی اندازہ نہیں ہوا ..وہ بہکا سا اس کے لبوں پر انگھوٹا پھیرتا بولا

روحا پیچھے ہٹنے لگی ..جب وہ بے خود سا اسے کھینچ کر اپنے شرٹ لیس سینے میں بھینچ چکا تھا ..

.اس کے بالوں میں منہ دئے سکون سے آنکھیں موندی

..وہ بری طرح مچلی

...سس....سوہم خان

اششششش...دو منٹ خاموش رہو روح...برسوں کے پیاسے اس تن بدن کو اس تشنہ روح کو سیراب ہونے دو..

وہ بھر بہک چلا تھا..

روحا کے آنسواپنی گردن پر محسوس کر کہ اس سے الگ ہوا.

وہ اس کی شدت بھری دہکتی قربت سے تھر تھر کانپ رہی تھی..

روح ...جاؤ اپنے کمرے میں ...اس نے سنجیدگی سے کہا.وہ اپنے بے لگام جزبوں پر قابو نہیں کر پا رہا تھا..

اس کی اجازت ملتے ہی وہ کمرے سے تیزی سے نکلی تھی ..

پیچھے سوہم نے ٹھنڈی آہ بھری...



وسیم کمرے میں آیا تو وہ پلین کے مطابق جھوٹے ٹسوے بہا رہی تھی..

.کیا ہوا شاہینہ؟ وہ گھبرایا

کچھ نہیں ..اس بد زات پر رو رہی ہوں جس نے اتنی بڑی گیم کھیلی اپنے سگے بھائی کے ساتھ .. تمھیں حقیقت جان کر کتنا بڑا صدمہ ہوگا وسیم ..وہ پر پھپھک کر رو دی.

..کیا ہوا رحاب کی بات کر رہی ہو ..بتاؤ مجھے کیا ہوا ..وسیم بے طرح پریشان ہوا

ارے کیا بتاؤں ..پکنک پہ جانا تو ایک بہانہ تھا ..وہاں سے اپنے یار کے ساتھ بھاگی ہے ..نکاح کیا اس سے ...مگر ہے تو میری ہی تربیت ..بعد میں پچھتائی اور ...کہنے لگی کہ میں نے واپس جانا ہے اور اپنے بھائی کے گھر سے رخصت ہونا ہے

.وسیم کا چہرہ صدمے اور غصے سے سرخ ہوا

کیا بکواس کر رہی ہو شاہینہ ..تم اچھی طرح جانتی ہو وہ ایسی نہیں تھی ..اگر یہ سچ ہوا تو وہ غیرت کے نام پر قتل ہوگی مجھ سے .....اور اگر جھوٹ ہوا تو تم.

شاہینہ بازی الٹتی دیکھ گھبرائی مگر ...وسیم میری بات ٹھنڈے دماغ سے سنو..غلطی تو چھوٹوں سے ہو ہی جاتی ہے ...مگر اب وہ پچھتا بھی تو رہی ہے ...اس کا شوہر آیا تھا آج ..بہت ہی زیادہ پیسے والا تھا ..کہہ رہا تھا کہ وہ رحاب سے بہت محبت کرتا ہے ..اور اس کے بغیر جی نہیں سکتا ..اگر وسیم اسے خود اس کے پاس چھوڑنے آتا ہے تو میں کاروبار کے لیے وسیم بھائی کو تیس لاکھ دوں گا..

وسیم چونکا ...اور شاہینہ کو عجیب سی نظروں سے دیکھا.مگر اس کی خاموشی نے شاہینہ کو شہہ دی

دیکھو وسیم اس نے ہمھارے بارے میں نہیں سوچا تو ہم اس کے بارے میں کیوں سوچیں ..بس تمھارے ایک چھوٹے سے عمل سے ہماری اور ہماری بچیوں کی زندگی سنور سکتی ہے ...وہ گونگی ہونے کہ باوجود خوش رہے گی اپنے شوہر کے ساتھ تو ہم کیوں سسک سسک کر زندگی گزاریں... تم بس اسے خود چھوڑ آنا..کون ...بیاہے گا اس گونگی کو ..بھائی بھی انکار کر چکا ہے

....وسیم .....کرو گے ناں ایسا

ٹھیک ہے .. سہی کہا تم نے اس نے ہمارے بارے میں نہیں سوچا تو ہم کیوں سوچیں ...چھوڑ آؤں گا میں..وہ کہتا دھواں دھواں چہرہ لئے باہر چلا گیا.

شاہینہ فاتحانہ اور تمسخرانہ سی ہنسی ہنس دی.



پاشا دروازے کے باہر سنجیدگی سے کھڑا تھا..

شاہینہ کو کال ملائی..

.ہیلو ..اس نے بے صبری سے فون اٹھا کر بات کی

میں لے کر آ رہا ہوں اسے ...اور سنو مجھے پتہ ہے وسیم کو تم نے کوئی الٹی سیدھی پٹی ہی پڑھائی ہو گی اسی لئے وارننگ دے رہا ہوں ..اگر اسے ایک کھروچ بھی آئی تو ایک پھوٹی کوڑی نہیں ملے گی ..اور جو تمھارے گھر کو آگ لگواؤں گا وہ الگ سمجھیں .

.ہاں ہاں سمجھ گئی ..شاہینہ نے بات سنبھالی

اب ہم پہنچے گے تو کافی رات ہو جائے گی ..اسی لئے وسیم کو کہنا اسے صبح لے آئے ...وہ کہتا بغیر کچھ سنے فون بند کر چکا تھا

.ریما اس کے پیچھے آئی

.پاشا مت جاؤ اس کے پاس.یا اس کا نوخیز حسن دیکھ کر نیت خراب ہو گئی ہے

.ایسا اس میں کیا ہے جو مجھ میں نہیں

....شٹ اپ یو بچ ...کیا بکواس کر رہی ہو ..وہ دھاڑا ..گیٹ لاسٹ فرام ہیئر

.ریما لب بھینچتی وہاں سے چلی گئی

جب ہلکی سی ناک کر کے اندر داخل ہوا ..سامنے ہی وہ صوفے پر بیٹھی آنسو بہا رہی تھی ..چادر اچھے سے خود سے لپٹائے ہوئے ..اسی نیلے لباس میں تھی ..رات ..کے سائے گہرے ہو رہے تھے

.پاشا کی آہٹ پر اس کی جانب دیکھا ..اور سہم کر خود میں سمٹی

..پاشا نے لب بھینچے

..چلو ..میں تمھیں تمھارے گھر چھوڑ کر آؤں

..وہ بے یقین سی تھی مگر گھر جانے کے نام پر فوراً اٹھی

..پاشا کی تقلید میں باہر تک آئی

..کھڑکی سے ریما خونخوار نظروں سے یہ منظر دیکھ رہی تھی

.ڈرائیور نے بھاگ کر رحاب کے لئے فرنٹ ڈور کھولا وہ چپ چاپ بیٹھ گئی

تم رہنے دو گاڑی میں خود ڈرائیو کروں گا ..پاشا کی بات سن کر ڈرائیور نے اثبات میں سر ہلایا

اور کبیر سے کہنا تیار رہے ..کام مکمل ہو چکے ہیں صبح جب میں آؤں گا تو سندھ کے لئے نکلنا ہے.

..جو حکم سر

..وہ گاڑی لے کر نکلا

.پاشا زیادہ گفتگو پسند نہیں کرتا تھا ..نا زیادہ بولنا

.مگر رات کے سناٹے میں طاری آج یہ خاموشی اسے بری طرح کھل رہی تھی

..شدت سے دل میں پاس پتھر بنی بیٹھی لڑکی کی آواز سننے کا دل کیا

..جو کہ ابھی تک نہیں سن پایا تھا

. بہانے سے کھانے کا بھی پوچھا

..مگر اس نے سر جھکائے نفی میں ہی جواب دیا

..وہ بری طرح جھنجھلایا..مگر وہ ٹس سے مس نا ہوئی

..رات کے دو بجے وہ اسے لئے اس کے گھر کے دروازے کے باہر کھڑا تھا

.اس نے دروازہ ناک کیا

شاہینہ تو جیسے انتظار میں ہی بیٹھی تھی .. جھٹ دروازہ کھولا .. شاہینہ کے پیچھے وسیم کو کھڑا دیکھ وہ لپک کر اندر گئی اور وسیم سے لپٹ کر رونے لگی.

شاہینہ نے وسیم کو سمجھایا بجھایا ہوا تو سو اس نے کوئی رد عمل ظاہر نہیں کیا..

وہ اب بھی کھڑا غور سے اسے دیکھ رہا تھا کہ شاید اب وہ کچھ بولے .. مگر اس کی حسرت حسرت ہی رہی..

وسیم اسے لئے اندر جا چکا تھا.

پاشا نے نوٹوں سے بھرا پیکٹ شاہینہ کو تھمایا.

....بیس ہیں .....کل جب وہ سہی سلامت میرے پاس آ جائے گی تو باقی کے

....میرا آدمی اسی وقت وسیم کو پکڑا دے گا

.ٹھیک ہے ٹھیک ہے ...ہمیں بھروسہ ہے ...شاہینہ چمکتی آنکھوں سے بولی

وہ واپس جانے لگا جب پھر مڑا ..سنو صبح کے بعد دوبارہ تم لوگوں نے اسے رابطے کی کوشش بھی کی تو اچھا نہیں ہو گا ...میری طاقت کا اندازہ نہیں تمھیں ...ڈیمو کے طور پر یہ ضرور بتا سکتا ہوں کہ اس وقت تمھارا بھائی کہاں ہے اور کیا کر رہا ہے..

.شاہینہ کے چہرے پر سایہ سا لہرایا

نن ... نہیں ہم کیوں کرنے لگے اس بدزات سے رابطہ ..ویسے بھی اچار ڈالنا ہے

.....اس گو

..زبان کو لگام دو....شاہینہ کی بات پوری ہونے سے پہلے وہ غرایا

.اور تن فن کرتا وہاں سے نکلا

وہ جلتی کڑھتی اس گونگی کی قسمت پر حسد و رشک کرنے لگی جس کے پیچھے وہ امیر

....زادہ مرا جا رہا تھا



سر پاشا کا سراغ ملا ہے ..مجھے لگتا ہے وہ اسی ہوٹل میں ٹھہرا ہے جہاں پر میں ہوں...

.بادشاہ کے آدمی نے پاشا کو دیکھ لیا تھا اور اب بادشاہ کو اطلاع دے رہا تھا

..ٹھیک ہے وہیں ختم کر دو اسے ..سر کچل ڈالو اس کا ...منہ مانگی قیمت دوں گا اگر اور بندے بھیجے تو وہ بہت چالاک ہے سمجھ جائے گا ..پھر اس کا بچ نکلنا ممکن ہے ...بس تم ہی اس کا کام تمام کر دو...

ٹھیک ہے سر جو حکم



...وہ ہوٹل آیا تھا

..پوری رات کانٹوں اور انگاروں پر بسر ہوئی

. سمجھ نہیں آ رہا تھا یہ سب کیوں کر رہا ہے

..بس جو دل میں آیا .کیے چلا جا رہا تھا

ایک اور رات بے خوابی کی نظر ہو گئی

. صبح اس کے آنے کا شدت سے انتظار تھا

..شاہینہ نے اس کا چھوٹا سا بیگ تیار کر دیا تھا

.تقریباً دس بجے کے قریب وسیم نے اسے ساتھ چلنے کو کہا

.کہاں ...اس نے سوالیہ اشارہ کیا

مگر وسیم نے نظر انداز کر دیا..اونہہ اتنا کچھ کرنے کے بعد بھی معصوم بن رہی ہے..

...وہ اسے لئے نکلا

..اور مطلوبہ ہوٹل پہنچا

..رحاب کو حیرت ہوئی ...طویل راہداریوں سے گزر کر وہ ایک کمرے کے باہر کھڑا تھا

ہلکی دستک دی ..جاؤ رحاب اپنے شوہر کے پاس ..اب تمھارا ہم سے کوئی تعلق نہیں..

..رحاب نے حیرت سے پھٹی آنکھوں سے وسیم کو دیکھا اور فورا نفی میں سر ہلایا

.وسیم جانے لگا مگر رحاب نے اسے بازو سے دبوچ لیا

..وسیم نے غصے سے دروازہ کھلتا دیکھ اسے پاشا کے پیچھے کمرے میں دھکا دیا

...اور باہر نکلتا چلا گیا

...وہ صدمے سے بے تحاشا روتے یہ سب دیکھ رہی تھی

..پاشا دروازہ لاک کر کے اطمینان سے اندر آیا اور بیڈ پر بیٹھ کر سگریٹ سلگائی

وہ ہنوز زمین پر بیٹھی پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی ..جب پاشا کی سرسراتی آواز نے روح فنا کی.

تمھاری بھابھی نے بیچا ہے تمھیں ...قیمت لی ہے تمھاری مجھ سے ....اپنے سگے بھائی کو دیکھو ..کتنا بزدل اور کانوں کا کچا ہے کہ اس کی بیوی نے اسے کوئی بھی کہانی سنائی اور وہ تمھیں ایک اجنبی کے کمرے میں پھینک گیا ..بغیر اپنی بیوی کی باتوں کی تصدیق اور چھان بین کیے..کیونکہ تمھاری بھابھی نے وسیم سے کہا کہ تم نے مجھ سے بھاگ کر شادی کی ہے.

رحاب پر تو آج یہ در پہ صدموں کے گزرنے کا دن تھا.

وہ تڑپ تڑپ کر رو رہی تھی اور سامنے بیٹھے بندے کا دل کچل رہی تھی اسے آگ کی بھٹی میں جھونک رہی تھی.

کیوں رو رہی ہو ہاں ...ان کے لئے جن کی نظر میں تمھاری کوئی حیثیت کوئی اوقات نہیں ..وہ دھاڑا.

رحاب اس کی آنکھوں کی دہشت اور وحشت سے سہمی..

اس کے خوف کے باعث پاشا نرم پڑا.

سنو ...میں نے یہ سب اس لئے کیا ..اگر وہ لالچی عورت اب ایسا کر سکتی ہے تو تمھارے بھائی کی آنکھوں میں آسانی سے دھول جھونک کر کبھی بھی کچھ بھی کر سکتی ہے ..یا تو اپنے آوارہ نکمے، جواری بھائی سے تمھاری شادی کر دیتی.

مگر اب تم اپنی مرضی سے زندگی گزار سکتی ہو ...میں تمھیں ایک محفوظ جگہ پر پہنچا دوں گا ..تم اپنی مرضی سے زندگی گزارنا.

...رحاب نے بھیگی پلکیں اٹھا کر پاشا کو دیکھا

اپنے تو دغا دے گئے تھے.

سامنے والے کی نگاہوں میں وحشت تھی مگر اس نے اب تک اس کا کوئی غلط ارادہ محسوس نہیں کیا تھا.

اور کبیر وہ بھی تو کتنی نرمی اور احترام سے بات کرتا تھا.

یوں بھی سامنے بیٹھے شخص پر اعتبار کرنے کے علاوہ اب نا اس کے پاس کوئی آپشن تھا ..نا چارہ

اور اس نے دعا کی تھی کہ کوئی فرشتہ آئے اور اسے اس عقوبت خانے سے بچا لے...

..سامنے بیٹھا شخص شاید وہی فرشتہ تھا ...رحاب نے اثبات میں سر ہلایا

..چلو پھر وقت نہیں ہے ہمارے پاس ...ہمیں نکلنا ہوگا

....وہ کمرے سے نکلے

وہ بہت زیادہ سہم گئی تھی مردہ قدموں سے اس ظالم شخص کے پیچھے اس راہداری میں چل رہی تھی.

جب اچانک ایک کمرے سے نکل کر ایک شخص نے پاشا کی پیٹھ پر خنجر سے حملہ کرنے کی کوشش کی..

رحاب نے دیکھا..نازک معصوم جان...

اب اور تو کچھ کر نہیں سکتی تھی .رحاب نے اپنی پوری جان لگا کر اسے دھکا دیا تھا ..اور اپنا توازن بھی برقرار نہیں رکھ سکی اور بہت زور سے دیوار سے سر لگا ..ہلکی سی خون کی لکیر نمودار ہوئی ..وہ بیٹھتی چلی گئی

پاشا بجلی کی سی تیزی سے مڑا تھا اور اس کی درگت بنائی تھی ..وہ اس لڑکی کے سامنے حملہ آور کے بخیے نہیں ادھیڑنا چاہتا تھا.

اسی لئے جب وہ بھاگا تو پاشا نے اسے بھاگنے دیا

اور ایسا پہلی مرتبہ ہوا تھا.

..پاشا پاگل ہونے کو تھا

.. بھسم کر دینے والے انداز میں اس کے پاس دو زانو بیٹھا

.اس کے ماتھے سے نکلتا خون دیکھ کر اور طیش آیا

بول نہیں سکتی تھیں کہ وہ حملہ کرنے والا ہے .. خود بیچ میں کیوں آئیں ...گونگی ہو کیا ....وہ دھاڑا

رحاب بے بسی سے بے تحاشا رو دی ..پاشا نے دانتوں تلے لب کچلے

یہ رونے کے علاوہ دنیا میں اور کوئی کام نہیں ہے کیا تمھیں ..بولو ...بولتی کیوں نہیں ....

.وہ اب پاشا کا ضبط آزما رہی تھی

،..پاشا نے اسے بازو سے دبوچا اور اپنے ساتھ گھسیٹ کر باہر کی طرف قدم بڑھائے

..لا کر تقریباً گاڑی میں پٹخا ...اور طیش میں خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا

..ابھی فی الوقت اسے وہاں سے فورا نکلنا تھا

.....پاشا نے گاڑی بھگائی

..آخر اتنا غرور کیوں ہے اس لڑکی کو اپنے حسن پر

...کہ بولنا تک گوارا نہیں ...وہ جی جان سے بس جلے جا رہا تھا

.زمل کچن میں کھانا بنا رہی تھی کہ نومی افتاں خیزاں گھر میں داخل ہوا تھا

.آپی ....آپی ...اس نے زور دار آوازوں سے پکارا..اس کا سانس پھولا ہوا تھا

.زمل گھبرائی

...کیا ہوا نومی ....کیا بات ہے ..اتنے گبھرائے ہوئے کیوں ہو

وہ زمل آپی ... سیفی کو کچھ غنڈے گن پوائنٹ پر زبردستی اپنے ساتھ گھسیٹ کر ..لے گئے

..کیا...زمل کو شاک لگا ... غصے سے چہرہ لال ٹماٹر ہوا

یہ یقیناً اس سامنے والے غنڈے موالی کا کام ہے ..اب تو میں پولیس اسٹیشن کمپلین کر کے ہی رہوں گی ..وہ غصے سے پھنکاری..

نہیں زمل آپی ...کبیر بھائی کہ سب آدمیوں کو جانتا ہوں میں ..وہ نہیں تھے ...وہ کوئی اور ہی تھے...

اب کیا کریں گے؟

ٹھیک ہے میں چادر لے کر آتی ہوں پولیس اسٹیشن کمپلین لکھاتے ہیں...

پولیس اسٹیشن گئے ..زمل نے زمین آسمان ایک کر دیا ..مگر کسی کے سر پر جوں تک نا رینگی..

..کوئی بات سننے کو تیار ہی ناں تھا

اوپر سے جو جیل میں آنے جانے والے غنڈے موالی تھے .. عجیب غلیظ نظروں سے اسے گھور رہے تھے ..آخر جب وہ ٹس سے مس نا ہوئی ..تو ایک لیڈی کانسٹیبل نے ہی اسے کہا کہ کیوں اپنی بھی عزت خراب کر رہی جاؤ اپنے گھر یہاں تمھاری کوئی نہیں سنے گا..

وہ گھر آئی..

پوری رات گزر گئی ...جہاں ممکن ہوا وہاں ڈھونڈا ...اب تو حوصلہ ہار چکی تھی.

..کوئی مدد کرنے کو تیار نہیں تھا

..بابا بھی بار بار پوچھ رہے تھے

ساری رات آنکھوں میں کاٹی برے برے خیال دل و دماغ پر حاوی تھے ..اور اعصاب چٹخا رہے تھے.

صنف نازک تھی

...کب تک برداشت کرتی صبح ہونے تک ہار چکی تھی

..رو رو کر آنکھیں بھی خشک ہو چکی تھیں

....نومی پاس ہی تھا

..اور اب صبح کے دس بج چکے تھے

...نومی نے زمل کو ایک اور راستہ دکھایا

آپی اب ہماری مدد صرف کبیر بھائی ہی کر سکتے ہیں ...اگر اس نے حامی بھر لی تو وہ بہت طاقتور ہیں ..بڑی آسانی سے ہماری مشکل حل ہو جائے گی اور سیفی بھی مل جائے گا.

اور وہ غنڈہ موالی جس کے لئے پیسہ ہی سب کچھ ہے وہ ہماری مدد کیوں کرے گا...زمل تلخ ہوئی..

ہے تو ناممکن سی بات مگر آپی کوشش کرنے میں کیا حرج ہے ....نومی کہہ کر خاموش ہو گیا..

...وہ دونوں چند گھنٹے اور خوار ہوئے ...نومی پتہ نہیں کہاں تھا ..وہ ناکام لوٹ آئی

.اب تو دل بھی بیٹھا جا رہا تھا

آخر تھک گئی

ہار گئی

..شکست تسلیم کر گئی

وہ اتنے نازک کندھوں پر یہ بار اور نہیں سہہ پائی قدم خود بخود سامنے والے گھر کی

..طرف مڑے

❤️🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

...پاشا اور رحاب شام ڈھلے گھر لوٹے تھے

...راستے بھر پھر پاشا نے اسے مخاطب کرنے کی کوشش نہیں کی تھی

..وہ باہر مناظر میں کھوئی ہوئی تھی

..اور بس پاس بیٹھے شخص کے بارے میں سوچے چلی جا رہی تھی

..گاڑی گیٹ سے اندر داخل ہوئی..تو رحاب کا سوچوں کا تسلسل ٹوٹا

وہ دونوں گاڑی سے باہر آئے ..سامنے سے آتی ریما یہ منظر دیکھ کر جی جان سے جھلس گئی ..وہ تو سمجھی تھی ہمیشہ کے لئے اس سے جان چھوٹ گئی .

مگر وہ تو پاشا کے پیچھے پاشا کی پشت کو دیکھتی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اندر کی جانب بڑھ رہی تھی..

پاشا نے زرا سا گھوم کر اسے کمرے میں جانے کا اشارہ کیا

وہ چپ چاپ اسی کمرے میں چلی گئی جہاں پہلے رہی تھی.

پاشا ریما کی طرف بڑھا.

ملا وہ آدمی ....اس نے ریما سے پوچھا.

بلکل پاشا پر حملہ کر کے جائے گا کدھر .ناصر نے لاہور سے تحفہ بھیجا ہے .ہوٹل سے نکلتے ہی ہماری گرفت میں تھا .ریما نفرت سے بولی ..بادشاہ کا ہی آدمی تھا.

.تھا مطلب ٹھکانے لگا دیا..وہ غصے سے پھنکارا

ریما اچھلی ...نہیں ابھی بیسمنٹ میں ہے ..مگر کیوں

.جواب دینا ضروری نہیں سمجھتا..میرے پیچھے کوئی نا آئے .یہ کہہ کر پاشا پچھلی جانب سے بیسمنٹ میں گیا..

پچھلی دیوار میں بنے ایک ڈھلانی دروازے کو نادر نے کھولا وہ اطمینان سے نیچے کی سیڑھیاں اترا.

..وہ کرسی پر رسیوں سے جکڑا بیٹھا تھا ..جس نے ہوٹل میں پاشا پر حملہ کیا تھا

..لائٹ آن ہوئی

اور اس شخص نے اس لمبے قدوقامت کے حامل چوڑے کسرتی جسامت والے

.سرخ و سفید موت کے فرشتے کو سیڑھیاں اترتے دیکھا

جو مخصوص سٹائل میں پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے سگریٹ منہ میں دبائے نیچے

.اترا تھا

اس شخص کا چہرہ لٹھے کی طرح سفید ہوا ...انڈر ورلڈ میں کون نہیں جانتا تھا کہ پاشا

..کی دی گئی موت کا درد تو مرنے کے بعد بھی ہوتا ہوگا

.وہ آکر سامنے رکھی کرسی پر اطمینان سے بیٹھ گیا

وہ ...پپ ..پاشا ... مم ..مجھے معاف کر دو ...مجھے جانے دو ..میں بادشاہ کا سر ...تمھارے قدموں میں رکھ دوں گا

تمھیں کیا لگتا ہے ..بادشاہ کا سر قلم کرنا میرے لیے مشکل ہے ...پاشا کا لہجہ ...صاف تمسخرانہ ہے ..ابھی خود ہی اس کو ڈھیل دے رکھی ہے

پاشا نے اپنی شرٹ کی سیکرٹ پاکٹ سے وہ تیز دھار آلہ نکالا جسے آپریشن کے دوران .جسم چیرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں

..وہ اس کے ہاتھ میں آلہ دیکھ کر گھگھیا گیا

سنو ..میں تمھیں جانے دیتا ..مگر تمھاری وجہ سے اسے چوٹ پہنچی ...اس کا خون بہا...جس سے مجھے پہلی مرتبہ تکلیف ہوئی ....جو میں برداشت نہیں کر سکا..پاشا کا سرسراتا لہجہ ..موت جتنا سرد

..یہ کہہ کر پاشا اس کی دونوں کلائیاں کاٹ چکا تھا

...وہ چنگھاڑا

میں تو اسی وقت تمھاری کھال کھینچ لیتا ..مگر اس کی موجودگی نے تمھاری سانسیں چند گھنٹوں کے لئے بڑھا دیں.

وہ آلہ سانپ کی طرح اس شخص کے پورے جسم پہ رینگ رہا تھا ...جلد ہی وہ ٹھنڈا پڑ گیا ..مگر پاشا کا ہاتھ رکنے کا نام نہیں لے رہا تھا.

ہر اس شخص کا یہی انجام ہوگا جو اسے تکلیف پہنچائے گا .....وہ پھنکارا.

اس وقت پاشا اپنے حواسوں میں نہیں لگ رہا تھا..

اس کا تو شاہینہ اور وسیم کو بھی اسی انجام تک پہنچانے کا دل بڑی شدت سے چاہا تھا..

وہ ایسا کر بھی گزرتا اگر وسیم رحاب کا سگا بھائی نا ہوتا ..وہ اس کی فیملی کا حصہ نا ہوتے..

پاشا نے اطمینان سے اب وہ آلہ اسی کی لاش سے صاف کیا اور مٹھی میں دبائے سیڑھیاں چڑھنے لگا..



زمل نے ایک مرتبہ پھر اسی دہلیز پر پاؤں رکھے.

مگر آج اس کے کندھے جھکے ہوئے تھے..وہ ٹوٹی بکھری حالت میں تھی...

بڑی سی چادر سے خود کو چھپائے اس نے آدھا چہرہ بھی چھپا رکھا تھا.

لاؤنج میں آئی چند خوفناک سے آدمی اور وہ اس دن والی لڑکی وہیں تھیں...

..کدھر ....کہاں منہ اٹھائے چلی آ رہی ہو ...رجا کو غصہ آیا

...وہ ممم .مجھے کبیر سے ملنا ہے

....کیوں ....کیوں ملنا ہے کبیر سے

وہ میں انھیں کو بتاؤں گی ...پلیز ایک مرتبہ بلوا دیں ..وہ بے بسی سے بولی کچھ تو تھا اس کے لہجے میں جو رجا نے نادر کو اشارہ کیا..

...نادر نے اوپر جا کر کبیر کا دروازہ کھٹکھٹایا

.. ان لوگوں نے واپس جانے کی تیاری مکمل کر لی تھی

..اور نکلنے ہی والے تھے.کیونکہ پاشا بھی آ چکا تھا

..دروازے تک آیا..مگر نادر کی اگلی بات سن کر میٹر شارٹ ہوا

...چلو میں آتا ہوں

...اپنا والٹ موبائل اور گاڑی کی چابی اٹھائی

.اور تن فن کرتا نیچے اترا

سامنے ہی وہ ٹوٹی بکھری حالت میں صوفے پر سر جھکائے بیٹھی تھی ...کبیر کو اس کی یہ حالت دیکھ کر اور آگ لگی

وہ تو پہلے ہی اس آسیب سے جو اس کی جان کو چمٹا جا رہا تھا ..واپس بھاگنے کے چکروں میں تھا.

..وہ پھر چلی آئی تھی اس کا سکون برباد کرنے

..اسے دیکھ کر زمل کھڑی ہوئی

مگر

..راسم ہلکی ناک کر کے اندر داخل ہوا

نایاب میں نے کہا گو ٹو ہ.....وہ کہتی بھناتی پیچھے مڑی تھی ...جب لفظ منہ میں ہی رہ گئے..

..میرون فراک اور پاجامے میں وہ چاندی کی طرح دمک رہی تھی

..سامنے والے کو دیکھ کر خوف سے رونگٹے کھڑے ہوئے تھے ..ماں کی طرف لپکی

.مما ...یہ .....و .....وہ ...ماں کے پیچھے بیٹھی دبکی وہ تھر تھر کانپ رہی تھی

اس کے تو فرشتے بھی نہیں سوچ پائے تھے کہ وہ اتنی جلدی اس تک پہنچ جائے گا..

نسیمہ نے حیرت سے بیٹی کی حالت اور اس گبھرو جوان اجنبی کو دیکھا جو غصے سے فانیہ کو گھور رہا تھا.

..کیا بات ہے بیٹا ...کون ہو تم

اسلام و علیکم آنٹی میں راسم ہوں ...فانیہ نے بتایا ہوگا ..راسم سن گلاسز اتار کر نسیمہ کے آگے جھکا.

نسیمہ صدقے واری گئی ..آخر داماد آیا تھا.وہ داماد جس نے بیٹی کو اتنی حفاظت سے اپنے پاس رکھا تھا .نسیمہ نے اس کے ماتھے پر بوسہ دیا..

پھر وہ ہلکی پھلکی گفتگو کرنے لگے ..نسیمہ نے اسے کچن میں کھانے میں خاص اہتمام کرنے کے لیے بھیجا تو اس کی گلو خلاصی ہوئی

کیونکہ وہ نسیمہ کا بھی لحاظ کیے بغیر ہر منٹ بعد اسے ایک گھوری سے نواز رہا تھا..

پھر وہ سوفٹ ڈرنک پی کر ضروری کام کا بول کر باہر جانے لگا..

..بیٹا کھانا تو کھا لو

..ابھی بھوک نہیں آنٹی بس ڈنر ہی کروں گا

..ٹھیک ہے بیٹا ...نسیمہ مسکرائی

..وہ گیا تو نسیمہ نے کچن میں آکر فانیہ کے لتے لیے

فانیہ کتنی جھوٹی ہو ... تم تو کہتی تھیں اسے تمھاری پرواہ نہیں اور دیکھو کیسے چار پانچ دنوں میں پتہ لگوا کر پہنچ بھی گیا تم تک..حالانکہ اس بیچارے کو نا کچھ بتا کر آئی تھی ..نا اتا پتا دے کر آئی تھیں ...

.مگر مما ..وہ روہانسی ہوئی

اب کوئی اگر مگر نہیں یہ سر جھاڑ منہ پھاڑ والا حلیہ درست کرو ..اور شوہر کی خدمت کرو بس...

..نسیمہ نے فیصلہ سنایا

اونہہ ...کچھ زیادہ ہی شرافت کا مظاہرہ کر رہے ہیں ...فانیہ نے دل میں دانت کچکچائے



..وہ گھر سے نکلا

بادشاہ کی واپسی کا پتا لگوانا تھا

ہر حال میں...اسلام آباد سے بھی آنے کے چانسز تھے اس بزدل کہ

..وہ ضروری کام نمٹا کر رات 9 بجے گھر پہنچا..نسیمہ اسی کا انتظار کر رہی تھی

.وہ فریش ہو کر آیا

..فانیہ نے کچن میں چھوٹے سے ٹیبل پر کھانا لگایا

نسیمہ کی درگت کے بعد اب اس نے میرون سوٹ کے اوپر ہلکا میک اپ کر رکھا

.تھا

.راسم نے خاموشی سے کھانا کھایا

مگر فانیہ جانتی تھی یہ طوفان کے آنے سے پہلے والی خاموشی ہے وہ دل میں جل تو جلال تو کا ورد کرتی اس بلا سے حفاظت کی دعا مانگ رہی تھی..

بیٹا تم ناراض ہو فانیہ سے ...نسیمہ بیگم نے راسم کی غیر معمولی سنجیدگی نوٹ کی.. فانیہ نے پہلو بدلہ.

آنٹی اس نے بتایا نہیں اپنا کارنامہ ...بغیر مجھے بتائے وہاں سے آئی .اگر رستے میں کچھ ہو جاتا تو پھر ..مجھے بتاتی تو میں خود آپ سے ملانے لے آتا..

مجھے امید ہے صبح آپ آفیشلی طور پر رخصتی دے دیں گی ..کیونکہ مجھے صبح ہی نکلنا ہے...

وہ بغیر اس کی جانب دیکھے اس پر بجلیاں گرا رہا تھا.

...مگر مما

چپ کرو فانیہ ...نسیمہ نے جھڑکا ...تمھارے لیے فیصلے لینے کہ لئے ابھی میں زندہ ہوں مری نہیں ...انھیں فانیہ کی اس بچگانہ حرکت پر اب جی بھر کر تاؤ آ رہا تھا. واقعی کچھ ہو جاتا تو پھر

.....جاؤ جا کر پیکنگ کرو

.مگر مما

.....فانیہ جاؤ

..کھانا کھایا گیا ...آنٹی میں آرام کروں گا

..وہ کہہ کر اپنے لئے سیٹ کیے گئے کمرے میں آ گیا



فانیہ گئے رات تک ماں کے پاس دبکی رہی جب اچھی طرح یقین ہو گیا کہ وہ بلا سو چکی ہو گی.

تب چپکے سے دبے پاؤں اپنے کمرے میں آئی...زیرو پاور بلب کی نیلی روشنی میں پیچھے مڑ کر دروازہ لاک کیا اور سکھ کا سانس لیا..

بیڈ پر آئی ...دوپٹہ اتار کر تکیہ کے پاس رکھا ..اور ذہنی تھکن سے چور بیڈ پر ڈھے سی گئی..

کھڑوس .... سڑیل.....زیر لب کوسا اور کنپٹیاں سہلائیں

مگر تبھی ..پیٹ پر کچھ سرسراتا سا لمس محسوس ہوا ..ہوش آیا کہ بے حد قریب سے جانی پہچانی مردانہ کلون کی خوشبو آ رہی ہے..

وہ بوکھلا کر سیکنڈوں میں اٹھی جب پیٹ پر رکھا وہی ہاتھ اس کے گرد لپٹا اور اسے واپس بیڈ پر ایک پر حدت سی آغوش میں کھینچ لیا گیا.

آہمممہ ...اس نے چلانا چاہا جب مقابل اس پر بری طرح حاوی ہوا...ہاتھ پکڑ کر تکیہ سے لگائے..

...خبردار ...زرا بھی آواز آئی تو حشر بگاڑ دوں گا

.....آ.....آپ ...یہ .....یہ ..کک ...کیا ..کر ...رہے

چھوٹی بچی ہو کیا جو ہر چھوٹی سے چھوٹی بات سمجھاؤں کہ کیا کر رہا ہوں ... تمھیں نہیں پتہ کہ کیا کر رہا ہوں ..ہاتھوں میں جکڑے اس کے ہاتھوں پر گرفت اور مضبوط کی.

...چھ ...چھوڑیں مجھے

نہیں ...سب سے پہلے تو مجھے یہ بتاؤ کہ تمھاری جرات کیسے ہوئی میری اجازت کے بغیر میرے کمرے سے وائٹ پیلس سے قدم باہر نکالنے کی...

آئم ... سس ... سوری ...پلیز ... مم ...معاف کر دیں ..فانیہ نے جان چھڑانی چاہی ...مگر

..نہیں ..اس گستاخی کی تو سزا ملے گی ...جو آج ساری رات تمھیں بھگتنی پڑے گی

..فانیہ کے رونگٹے کھڑے ہوئے

یہ کہہ کر وہ مدہوش سا اس کی گردن پر جھکا تھا ..وہ بے حد قریب ہوا تو فانیہ کو ..اندازہ ہوا کہ وہ شرٹ لیس ہے

.....نن .. نہیں ..چھوڑیں مجھے

..مگر وہ تو جیسے سن ہی نہیں رہا تھا ..دہکتے لب شہ رگ پر رکھے

وہ مچلی ...مم ..میں نے کہا ..چھ.....راسم نے بات مکمل نہیں ہونے دی تھی...

لمحے کافی فسوں خیز تھے.

..وہ شدت سے اس کے نازک لبوں پر جھکا خود کو سیراب کر رہا تھا

..جب آزادی بخشی تو وہ نڈھال ہو چکی تھی

..راسم نے کروٹ لی اور اسے خود پر گرایا

پپ ...پلیز مم .میں نے کہا ناں ...آئم سوری ...وہ روہانسی ہوئی ..پلکیں بھیگ چکی تھیں..

..مگر تڑپی تو تب جب کمر پہ سے زپ کھل کر شرٹ کھسکتی محسوس ہوئی

...راسم ...وہ بوکھلائی ...پلیز

نو .....کوئی مزاحمت نہیں ...اور اب کوئی آواز نہیں سنوں میں تمھاری.. مجھ سے دور جا کر یہ سزا تو خود ہی تم نے اپنے لئے طے کی ہے کہ اب اتنا قریب آنا پڑے ...گا کہ دوبارہ دور جانے کا سوچ بھی نا پاؤ

..جزبات سے بوجھل گھمبیر آواز میں وہ سرگوشی فانیہ کی روح فنا کر چکی تھی

.. مم .مگر ...آپ ..... مجھ ...سے محبت .. نن .. نہیں کک ...کرتے

واٹ .....راسم کو آگ لگی ..تمام جزبات بھک سے اڑے ...تو تمھارا خیال یہ ہے ..کہ میں بغیر محبت کے تمھارے قریب آکر صرف اپنی ہوس مٹانا چاہتا ہوں

..راسم نے اس کے بال مٹھی میں جکڑ کر ایک جھٹکا دیا

.وہ بولی نہیں مگر سسک پڑی

اگر ایسی ہی بات ہوتی...یو ایڈیٹ ....دماغ سے پیدل لڑکی ...تو پہلی ہی رات نا چھوڑتا تمھیں ... تبھی ہر حد پار کر لیتا.اظہار نہیں کیا ..مگر کیا تمھیں میری آنکھوں ...میں نظر نہیں آتا کہ میں کتنی محبت کرتا ہوں تم سے

.پاگل ...الو کا پٹھا ہوں جو تمھارے پیچھے خوار ہوتا یہاں تک آیا ہوں

راسم نے شدید غصے میں دانت پیسے. .وہ اسے خود سے دور پٹخ کر اٹھ کر جانے. ..لگا

دروازے تک پہنچا تھا کہ وہ تڑپ کر اٹھی اور کمر سے اس سے لپٹ کر سسک پڑی..آئم سوری ..مجھے معاف کر دیں .. مم .مگر پھر ..سے ناراض مت ہوں مجھ سے....

راسم بے تحاشا چونکا..پہلو سے بازو سے اسے کھینچ کر سینے میں بھینچا ..میں کب ..ناراض ہوا تم سے ہاں بولو

..آپ شروع سے مجھ سے ناراض تھے ..آپ کے ساتھ زبردستی کی گئی

راسم کو اس کے شوشے پر بے تحاشا ہنسی آئی ..پاگل لڑکی مرد سے بھی کوئی زبردستی کچھ کروا سکتا ہے ..میری مرضی تھی تو تمھیں اٹھا کر لے کر گیا ..جانے وہ

کونسی کشش تھی ...جس نے مجھے تمھاری جانب کھینچا ..میری مرضی تھی تو یہ نکاح ...ہوا

تو پھر آپ مجھے ڈانٹتے کیوں تھے ہر وقت ....وہ اس سے اسی کی شکایتیں لگا رہی تھی .

..اگر پہلی رات کی بات کر رہی ہو تو حلیہ دیکھا تھا اپنا

وہ شرمندہ ہوئی ..مزید اس کے بازو میں منہ چھپایا

تب مجھے بھی نہیں معلوم تھا کہ میں تم سے اتنی طوفانی محبت کرتا ہوں ...یہ تو ..تمھارے جانے کے بعد پتا چلا

فانیہ نے اپنا سر اس کے چوڑے کسرتی سینے سے نکال کر اسے بے حد شرارت سے دیکھا..

تو پھر میں نے ٹھیک کیا نا آپ کو چھوڑ کر آئی کم از کم آپ کو پتا تو چلا کہ آپ کو میری کتنی پرواہ ہے..

آہاں ....راسم نے اسے بازوؤں میں بھرا..ابھی بتاتا ہوں جان کے کتنی پرواہ ہے ...فانیہ بے تحاشا گھبرائی ..کیونکہ ابھی وہ کچھ دیر پہلے والی خطرناک ٹون میں واپس آ چکا تھا.

راسم نے اسے لاکر بیڈ پر لٹایا...اور اس پر جھکا

.....راسم

..اسششششش ...اس کی گردن میں منہ دیا

..فانیہ اس کی بانہوں میں پگھلی ...مگر آج گریز ناممکن تھا

.وہ کندھے سے شرٹ کھسکاتا اپنے دہکتے لب رکھ چکا تھا

لمحہ لمحہ گزرتی رات کے ساتھ راسم نے اپنے ہر عمل سے اسے بتایا تھا کہ اسے

...اس کی کتنی پرواہ ہے یا وہ اس پاگل سی لڑکی سے کتنی محبت کرتا ہے

....فانیہ کو اپنی شدتوں سے دنیا بھلا دی تھی اس نے



رحاب جب بھاگ کر نیچے آ رہی تھی اپنے کمرے کی کھڑکی سے ریما نے اسے پاشا کے پیچھے بھاگتے دیکھا تھا....

وہ جل کر خاکستر ہوئی تھی..

اور اسی آگ میں رحاب کو جلانا چاہتی تھی

وہ تن فن کرتی اس کے پیچھے آئی تھی.

وہ پلر کے پیچھے سے جھانک کر اسے جاتا دیکھ رہی تھی.

ریما نے بازو سے دبوچ کر اس کا رخ اپنی جانب کیا..

کیا دیکھ رہی ہو ہاں ....کیا لگتا ہے وہ تمھارا ..جو اسپیشل بھاگ کر آ رہی ہو .. جلدی بتاؤ مجھے..

...ریما نے اسے گردن سے دبوچ کر پلر سے لگایا

رحاب اس کی آہنی اور کسرتی ہاتھ کی گرفت میں مچل کر رہ گئی ..آنسو بہت تیزی ..سے رواں تھے

بولو ...بولتی کیوں نہیں ..کیوں کر رہی تھی پاشا کا پیچھا ..کیوں دیکھ رہیں تھیں اسے ..پھانسنا چاہتی ہو اسے یا رکھیل بننا چاہتی ہو اس کی ...ریما مغلظات بکتی پھنکاری

.اور اس سے پہلے وہ شدید غصے میں رحاب کی گردن کی ہڈیاں چٹخا دیتی .کسی نے پیچھے سے اسے کھینچ کر اپنی طرف گھمایا تھا

..اور اس قدر زناٹے دار تھپڑ پڑا تھا اسے کہ وہ چکرا کر پیچھے گری تھی

.گارڈز ...پاشا دھاڑا ...گارڈز بھی بوکھلائے ادھر لپکے

لے جاؤ اسے ....ونڈر لینڈ ..روم نمبر 25

پاشا نے کورڈ ورڈ میں اپنے ٹارچر سیل کے اس کمرے کا نام لیا جس میں ڈھیر سارے موذی کیڑے مکوڑے چھوڑ رکھے تھے.

..مم ..معاف کردو .پاشا ...نن .. نہیں ریما کی روح فنا ہوئی ..

اس سے پہلے وہ کچھ اور بولتی پاشا نے خونخوار نظروں سے اپنے آدمیوں کو گھورا وہ اس کا منہ دبوچے.، تاکہ وہ کچھ اور نا بول سکے

...اسے وہاں سے لے جا چکے تھے

وہ جو لمبے لمبے سانس لیتی اپنا سانس بحال کر رہی تھی پاشا بھسم کرنے والے انداز میں اس کی جانب بڑھا

.بازوؤں سے دبوچ کر اسے پھر پلر سے لگایا

مسئلہ کیا ہے تمھارے ساتھ .....ہاں ...ریشماں کو یا کسی کو آواز نہیں دے سکتی تھیں ..ابھی کچھ ہو جاتا تو؟ وہ دھاڑا

Spaek..میرا ضبط مت آزماؤ .....بولو .... میں نے آج تمھاری آواز سننی ہے

quickly now.....

.رحاب نے بھیگی آنکھوں سے بازوؤں سے اس کے ہاتھ ہٹائے

.میں بول نہیں سکتی..وہ اشارہ کرتی پھر بے تحاشا رو دی

وہ ہاتھوں کا اشارہ نہیں تھا..آسمانی بجلی تھی جو پاشا کے دل و دماغ پر گری تھی..

...شاید ہی زندگی میں کوئی ایسی چیز ہو جس سے اسے اتنی تکلیف پہنچی ہو

.وہ حیرت سے اسے دیکھے گیا

وہ سرخ چہرہ لال انگارہ آنکھیں اور تنے اعصابوں سے اس کے گرتے آنسو دیکھتا رہا..

پھر بلکل بے اختیار وہ معصوم چہرہ ہاتھوں کے پیالوں میں بھر کر انگوٹھوں سے روانی سے بہتے آنسو صاف کیے..

پاشا کی نظر اس کے ایک ایک نقش کو اپنی آنکھوں سے چھو رہی تھی ...کہ بھٹکتی نظر ان لرزتے نرم و گداز گلابی لبوں پر ٹھہری.

اور اس سے پہلے کہ کسی حق کے بغیر وہ کوئی گستاخی کر بیٹھتا..

اپنے لب کچلتا پیچھے ہٹا اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے نکلتا چلا گیا.

اپنی بے اختیاری پر پھر جی بھر کر لعنت بھیجی خود پر....

کیوں میں اتنا بے اختیا ہوں اس کے معاملے میں.

..وہ بول نہیں سکتی ...اس بات سے مجھے اس قدر تکلیف کیوں ہوئی

.....مجھے کیا ہو جاتا ہے آخر

افففف...یہ لڑکی پاگل کر دے گی مجھے..ششششٹ

....میں اب وائٹ ہاؤس میں آؤں گا ہی نہیں

.یہ ٹھیک ہے .....وہ کنپٹیاں سہلاتا ..گاڑی تک آیا

..فون ملایا

....ہاں کیا کیا ریما کا

...سر پھینک دیا اس روم میں

.نکال لو ....پاشا کی حکم عدولی کے لئے اتنی سی ڈوز ہی کافی ہے اس کے لئے

.کہتا فون بند کیا اور ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ کر زن سے گاڑی بھگائی

....جیسے کوئی آسیب کوئی بھوت ہو اس کے پیچھے

پیچھے ریشماں جو یہ ساری کاروائی دیکھ رہی تھی ..اسے پتہ چل چکا تھا کہ پاشا کہ کسے بل کیسے نکالنے ہیں ..وہ معنی خیز سی مسکراتی رحاب کے پاس آئی جو پلر سے لگی بیٹھی اب بھی سوں سوں کرنے میں مصروف تھی..

....مگر دونوں ہاتھ دونوں گالوں پر رکھے ہوئے تھے

...ریشماں اسے اندر لے گئی

اگلے دن راسم کی آنکھ کھلی..

وہ اس کے سینے سے لپٹی گہری نیند میں تھی.بال آبشار کی طرح سینے پر پھیلے ہوئے تھے..

وہ مسکرا اٹھا..

برسوں کے تڑپتے بھڑکتے دل کو اس چھوٹی سی لڑکی کی قربت سے بہت سکون ملا تھا..

راسم نے اس کے بکھرے بال سمیٹے...

فانیہ ...میری جان ...اٹھو آنٹی انتظار کر رہی ہوں گی .تم نے پیکنگ بھی کرنی ..ہے ..راسم نے جھک اس کی کان کی لو کو لبوں سے کاٹا اور سرگوشی کی

..وہ کسمسائی ..اور بری طرح جھلاتی کڑوا سا منہ بنایا

..راسم سونے دیں ناں ...میری نیند پوری نہیں ہوئی

.کیوں ...کیوں پوری نہیں ہوئی ...وہ انجان بنا

مجھے نہیں پتا ..وہ روہانسی ہوئی ..اور کروٹ بدل کر اس سے دور کھسکنے کی کوشش کی.

..جو کہ اس نے ناکام بنا دی

..پھر سے اس نازک سے وجود کو خود میں سمیٹا

..مگر وہ آنکھیں موندے گہری نیند میں تھی

.راسم کو شرارت سوجھی

او آنٹی ہم آ ہی رہے تھے ..راسم نے اچانک شوشا چھوڑا ...فانیہ کی نیند بھک سے
.اڑی تھی ..ہڑبڑا کر اٹھی

..مگر وہ اتنا بے وقوف نہیں تھا ..ڈور لاکڈ تھا

ہاہاہا ہاہاہا ..وہ قہقہہ لگا کر ہنس پڑا

..فانیہ اپنی جھلاہٹ بھلائے مبہوت سی اسے پہلی مرتبہ ہنستے ہوئے دیکھے گئی

کیا ہوا بیوی ...زیادہ پیار آ رہا ہے تو پھر کیا خیال ہے ایک مرتبہ پھر.....وہ قریب کھسکا.

..فانیہ گھبرا کر اٹھی ..اور واش روم میں گھس گئی ..پیچھے پھر وہ زور سے ہنسا

فانیہ نے ناشتہ بنایا ..ناشتہ کر کے اس نے پیکنگ کی ..راسم نے نسیمہ بیگم کو بھی بہت کہا کہ ساتھ چلیں ..مگر انھوں نے منع کر دیا.

..وہ تقریباً گیارہ بجے نکلے تھے



.وائٹ پیلس میں رونقیں اور ہنگامے جون کی توں برقرار تھیں

.راسم فانیہ کو لے کر پہنچا تو روحا اور رحاب کو دیکھ کر اسے خوشگوار حیرت ہوئی

..وہ تینوں فرینڈز بھی بن گئیں تھیں

روحا نے وائٹ ہاؤس میں آئے بلکہ پھینکے گئے بہت کم عمر خواجہ سرا بچوں کو پڑھانا شروع کر دیا.

.سوہم ساؤتھ افریقہ گیا تھا ..اس لئے روحا سکون میں تھی

.ریشماں بہت مہربان تھیں

..بی جان اور بڑی ماں سے بھی روز بات ہو جاتی تھی

رحاب نے بھی اپنی دلچسپی کے مطابق وائٹ پیلس کی بیک سائیڈ پر موجود کافی
.بڑے سے باغیچے کی دیکھ بھال کرنا شروع کر دی تھی

ریشماں نے اسکی فرمائش پر وہاں آسٹریلین پیرٹ کا بڑا سا پنجرا بنوا کر اسے ڈھیر
سارے پیرٹس بھی لا کر دیئے تھے

.وہ شام کا سارا وقت وہیں گزارتی تھی

...ایک ماہ ہو گیا تھا ..وہاں رہتے

.سب ایک دوسرے سے مانوس ہو چکے تھے

.فانیہ سب سے زیادہ شرارتی تھی

.اس کی شرارتوں سے وائٹ پیلس میں رونق لگی رہتی

ریشماں، پنکی، ڈولی، منی سب ان پر وارے صدقے جاتیں

.ایک ماہ سے پاشا اور سوہم وائٹ پیلس نہیں آئے تھے

پتہ نہیں کیا مصروفیات تھیں ان کی

کہ راسم بھی صرف مہینے میں دو چار مرتبہ ہی آ پایا

..فانیہ سخت ناراض تھی اس سے

..روحا سخت جھنجھلائی ..ہوئی تھی اسے وہاں لا کر خود جناب سوہم خان غائب تھے

نا اتا لیا نا پتہ

رحاب بھی لاشعوری طور پر اس کا انتظار کرتی رہی ..ریما اس دن کے بعد رحاب کے سامنے ہی نہیں آئی .رجا اور کومل اپنے کمروں میں دبکی رہتی

. صرف کام کے وقت بیسمنٹ چلی جاتی تھیں

..یا پاشا سے دوسرے ٹھکانے پر ملاقات ہوتی تھی

.دن یونہی عجیب بے کل سے تھے



..زمل پورے ایک ماہ سے اپنے کمرے میں بند تھی باہر نکلی ہی نہیں

.کبیر آتا اور باہر سے ہی بابا سے اس کی خیر خیریت معلوم کر کے چلا جاتا

اس کی حالت کے پیشِ نظر کبیر نے ایک فل ٹائم ملازمہ رکھ دی تھی جو سارے
.کام کرتی بابا کی دیکھ بھال کرتی

زمل کے پاس کھانا لے جاتی تو وہ نس زندہ رہنے کے لئے یا بابا کو دکھانے کے لئے
.چند نوالے زہر مار کر لیتی

.سارا سارا دن پڑی چھت کو گھورتی رہتی

.. عجیب ابتر حالت ہو گئی تھی اس کی

..کبیر بے آب مچھلی کی طرح تڑپ رہا تھا ..مگر کچھ کر نہیں سکتا تھا

...کیسے سامنا کرتا اس کا

.. خود کو اس کا مجرم سمجھ رہا تھا

.مگر بے بس تھا

.لیکن بادشاہ کو ڈھونڈنے میں وہ سر دھڑ کی بازی ضرور لگا رہا تھا

اس نے اندرون ملک اور سوہم نے بیرون ممالک میں کئی جگہوں کو چھلنی کی طرح چھانا تھا..

مگر وہ بزدل جانے کدھر دم دبا کر دبکا بیٹھا تھا.



پورے ایک ماہ .....تیس دن

بہت سست تھے..

پل پل اذیت سے دوچار ہوتے.پل پل تڑپتے

آج خود بخود رات کے اس پہر تقریباً ایک بجے کے قریب پاشا اپنے قدموں کو وائٹ پیلس میں آنے سے بلکل نہیں روک پایا تھا.

وہ دھیمے قدموں سے بلکل خاموشی سے وائٹ پیلس میں داخل ہوا.

طویل کوریڈور سے گزرتے اس کی منزل اوپر کے پورشن پر تھی...

ادھر رحاب اپنی کیفیت سے فل بیزار تھی.

بے چینی ہی بے چینی تھی ..کسی کروٹ نیند نہیں آ رہی تھی ..تیس دن ہو گئے تھے چھوٹی سی جان کو سولی پر لٹکے..

آخر جھنجھلا کر اٹھی..

.سکون کہاں تھا

..ریشماں کے کمرے .....ایک تصویر تھی ..شاید اس تصویر میں

رحاب خود سے جھنجھلاتی دبے قدموں سے اٹھی سیڑھیاں اتر کر نیچے آئی .ریشماں کے کمرے میں آئی ..خاموشی سے تصویر دیوار سے اتاری اور اتنی ہی خاموشی سے ..واپس پلٹی

..جبکہ ریشماں اسے یہ حرکت کرتے دیکھ چکی تھی

.مگر سوتی بنی رہی

ابھی دروازہ کھول کر باہر راہداری میں نکلی ہی تھی کہ کسی کے چوڑے چٹانی سینے ..سے بری طرح ٹکرائی

.اگر مقابل کمر سے تھام کر خود سے نا لگاتا تو فرش پر ڈھیر ہو چکی ہوتی

ملگجے اندھیرے میں سر اٹھا کر دیکھا اور خو کو جس کی بانہوں میں پایا تو حلق خشک ہو گیا.

.جلدی سے تصویر والا ہاتھ کمر کے پیچھے چھپایا

.دل کی مراد یوں بر آئے گی پاشا نے سوچا بھی نا تھا ..رگ و پہ میں سکون اترا بیک بون میں سرسراہٹ ہوئی..نظر نے بے قراری سے معصوم چہرے کا طواف ..کیا .دل چھوٹی سی ناک کے چھوٹے سے چمکتے لونگ میں اٹکا

اتنی رات کو ریشماں کے کمرے میں اس طرح کیوں گئیں تھیں ..اس نے سنجیدگی سے پوچھا ..مگر چھوڑا نہیں..

...اس نے زور سے نفی میں سر ہلایا

ہاتھ میں کیا چھپایا..دکھاؤ مجھے...؟

..وہ بے تحاشا گھبرائی ..زور سے نہیں میں سر ہلایا

پاشا نے جو کمر کے گرد ہاتھ لپیٹے ہوئے تھے ..ایک ہاتھ سے چھپایا گیا ہاتھ پکڑ کر سامنے کرنے لگا.

..جب وہ چوری پکڑے جانے کے ڈر سے مچلی

پاشا کو پیچھے دھکیل کر بھاگنے لگی..جب اچانک پاشا نے اس کے بازو کو گرفت میں لے کر اپنی جانب کینچھا تھا.

..وہ توازن برقرار نہیں رکھ سکی

..ایک مرتبہ پھر خوشبوؤں میں بھرا نرم و نازک گداز وجود پاشا کے وجود میں سمٹا

..پاشا کا بھی توازن بگڑا ..اور دیوار سے لگا

..رحاب کے ہاتھ سے تصویر چھوٹی

..وہ پھر مچلی ..اور تیزی سے تصویر اٹھا کر اپنے کمرے میں بھاگ گئی

..پاشا شل ہوئے وجود کے ساتھ وہیں کھڑا رہا جیسے وہ اس چھو کر پتھر کا بنا گئی تھی

..اس کے ہاتھ میں موجود وہ چیز بھی اچھی طرح دیکھ چکا تھا

.وہ بے تحاشا چونکا تھا ..اس کا چھپ چھپ کر دیکھنا تو اگنور کر چکا تھا

مگر اتنی رات کو اس کا یوں پاشا کی تصویر چرانا معنی رکھتا تھا..یعنی

..دونوں طرف آتشِ عشق برابر بھڑکی ہوئی تھی

.لبوں پر مبہم سی مسکان سجی

...فوراً واپسی کے لیے قدم بڑھائے

..ریشماں جو یہ ساری کاروائی دیکھ رہی تھی .. مبہم سا مسکرائی

...تو پلین پر عمل کرنے کا وقت آن پہنچا ہے

پاشا اپنے اسی منہ سے چیخ چیخ کر بتاؤ گے کہ

.ہاں پاشا ابراہیم کو محبت ہے

وہ باآواز بلند کہتی اپنے کمرے میں جا چکی تھیں

..رحاب کمرے میں آکر بیڈ پر اوندھے منہ گری تھی

..اب بھی پوری جان سے لرز رہی تھی

پہلے تو اس ستمگر کی لو دیتی آنکھیں، پھر پر حدت پگھلاتا لمس اور پھر اس کے

.پکڑے جانے کو خوف

..اسے جھرجھری آئی

.لال ٹماٹر چہرہ تکیہ میں دیا

...افففف .آج تو مر ہی جاتی اگر وہ دیکھ لیتے

..اپنے آپ کو اور اپنی بے اختیاری کو کوسا



.فانیہ بے چینی سے کروٹیں بدل رہی تھی نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی

.جانے وہ کہاں تھا

..ادھر راسم کو جب پورا یقین ہو گیا کہ فانیہ سو چکی ہو گی

.تب خون سے لت پت شرٹ کے ساتھ دبے قدموں کمرے میں داخل ہوا تھا

.آج بادشاہ کے کچھ آدمیوں سے نمٹ کر آیا تھا

...انھیں دردناک موت دہ کر آ رہا تھا ...چاہتا تو بیسمنٹ جا سکتا تھا یا کہیں اور

..مگر سکون حاصل کرنے اپنے کمرے میں آیا تھا

.یہ جانے بغیر کہ آج پیروں نیچے سے زمین کھسک جائے گی

..کیونکہ فانیہ اسے ایسی حالت میں دیکھ لے گی

آہٹ پاتے ہی فانیہ اٹھ کر بیٹھی تھی

اور اسے اس حالت میں دیکھ کر شدید ہراساں ہوئی تھی

بیڈ سے اتر کر اس کی جانب لپکی

یہ ...یہ ...کک ..کیا ہوا ہے آپ کو ...آپ ٹھیک ے و ہیں ناں ..یہ اتنا سارا خون

فانیہ ..میں بلکل ٹھیک ہوں ..کچھ نہیں ہوا ہے ...وہ گڑبڑایا اور فوراً واش روم گھس گیا...

فریش ہو کر باہر نکلا.ٹراؤزر اور بنیان پہن رکھی تھی ..وہ کپڑے فولڈ کر کے باہر لایا...

یہ کیا ...آپ میری بات کا جواب کیوں نہیں دے رہے ...فانیہ کے اب بھی اوسان خطا تھے.

میں ابھی آیا ..راسم نے پھر اسے اگنور کیا ..باہر گیا ..اور مخصوص جگہ وہ کپڑے پھینک آیا..

کمرے میں داخل ہوا تو اب بھی بت بنی کھڑی تھی

..راسم یہ سب کیا ہے ...جلدی بتائیں مجھے

کچھ نہیں جان ...آرام کرو تم بس

نہیں وہ ہتھے سے اکھڑی ..مجھے .....مجھے حقیقت جاننی ہے راسم ..مجھے بتائیں آپ کیا کام کرتے ہیں؟

اب راسم کے ماتھے پر بل پڑے تھے ...فانیہ آرام کرو ...اس نے سنجیدگی سے کہتے دوسرے کمرے میں جانا چاہا جب وہ دیوار بنی سامنے آئی تھی

راسم میں نے پوچھا آپ کیا کام کرتے ہیں...فانیہ سسکی

فانیہ اپنے کام سے کام رکھو .یہ جاننا تمھارے لئے ضروری نہیں ..راسم نے اسے سمجھانے کی کوشش کی

..نہیں مجھے جاننا ہے...وہ ضدی ہوئی

...بزنس کرتا ہوں

.....کون سا

....امپورٹ ایکسپورٹ کا

کیا امپورٹ ایکسپورٹ کرتے ہیں؟

فانیہ ہٹو راستے سے ..زیادہ انویسٹیگیشن کی ضرورت نہیں ..راسم نے دانت پیسے...اسے پیچھے دھکیلا

راسم آپ میری آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتے..فانیہ نے پھر اس کا بازو دبوچا..آپ کی خون میں لت پت شرٹ تو کوئی اور کہانی بیان کر رہی ہے...

کون ہیں آپ...

فانیہ میرا ضبط مت آزماؤ...ہٹ جاؤ سامنے سے

کیوں نہیں تو مجھے بھی مار ڈالے گے؟ قتل کریں گے مجھے بھی ...وہ بپھری

چٹاخ.....

ایک زناٹے دار تھپڑ پڑا تھا فانیہ کو ...وہ تیورا کر بیڈ پر گری..

راسم بغیر دیکھے دوسرے کمرے میں گیا تھا.

.جبکہ فانیہ بے ہوش ہو چکی تھی

کافی دیر تک بالوں کو مٹھیوں میں جکڑے اشتعال کا طوفان ضبط کرتا ادھر ادھر چکر لگاتا رہا.

.مگر جب دل کو سکون نا آیا اور اپنی فاش غلطی کا احساس ہوا تو کمرے میں آیا

...وہ اسی طرح اوندھے منہ بیڈ پر گری ہوئی تھی

.وہ سمجھا رو رہی ہے

فانیہ دیکھو ....پلیز میری جان مجھے سمجھو ...فانیہ

..کچھ غیر معمولی لگا تو راسم نے اس کا کندھا ہلایا

پھر اس نے اسے سیدھا کیا ..وہ کٹی پتنگ کی طرح اس کے بازوؤں میں جھول گئی..

پھٹے نازک لب سے خون کی بوند نکل کر لکیر سی بن گئی تھی..

...راسم کے پیروں نیچے سے زمین کھسکی ...فانیہ ....فانیہ ...میری جان اٹھو

مگر وہ ٹس سے مس نا ہوئی..

راسم کی جان پر بن آئی یوں بھی ریشماں یا کوئی اعر اسے اس حالت میں دیکھ لیتا تو جو زلالت ہوتی وہ الگ

نرمی سے بازوؤں میں بھرا.

باہر آکر گاڑی میں لٹایا..

..رومال سے چہرہ صاف کیا

...زن سے گاڑی بھگائی

واٹ پیلس میں اتنی رات کو آنا جانا ایک نارمل بات تھی .سو اس طرف سے اسے .کوئی ٹینشن نہیں تھی

.مگر فانیہ کی حالت دیکھ کر دل بیٹھا جا رہا تھا

.....ہوسپیٹل پہنچا ...فورا چیک اپ کروایا

...کافی دیر انتظار کرتا رہا

.ڈاکٹر باہر آئیں ...بے چینی سے ڈاکٹر کی جانب لپکا

..ڈاکٹر کیا ہوا میری مسز ٹھیک تو ہیں ناں ..اسے ہوش کیوں نہیں آ رہا

...اٹس اوکے مسٹر راسم ایسی حالت میں ایسا ہو جاتا ہے ..گھبرانے کی بات نہیں

.کیسی حالت میں ڈاکٹر ...راسم الجھا ڈاکٹر مسکرائی

....آپ پاپا بننے والے ہیں مسٹر راسم ... شی از اسپیکٹنگ

...کونگریٹس

.راسم کے چہرے پر گہری مساکن نے احاطہ کیا

.تھینکس ڈاکٹر ....اسے ہوش آیا

..یس آگیا ہے ..مگر وہ کم عمر ہیں ویک ہیں ..زیادہ خیال رکھنا ہوگا

...جی ڈاکٹر ...شیور

وہ کمرے میں آیا تھا مگر فانیہ نے اسے دیکھا تک نہیں ..راسم کے دل میں سوئی سی چبھی ..وہ خاموشی سے اٹھی

آہستگی سے قدم اٹھاتی باہر آئی اور چپ چاپ گاڑی میں بیٹھ کر آنکھیں موند لیں

راسم نے بھی نا چھیڑا

پتہ تھا ہاتھ اٹھا کر سنگین غلطی کر بیٹھا تھا اور اب اسے بھگتنا تھا

..وائٹ پیلس آکر وہ خاموشی سے اپنے کمرے میں آئی

...راسم بھی اس کے پیچھے آیا

فانیہ خاموشی سے بیڈ کی جانب آئی

...جب بہت زور سے دوبارہ سر چکرایا ..وہ لڑکھڑائی

...راسم نے فوراً آگے بڑھ کر اسے تھاما

مگر فانیہ نے خود کی جانب بڑھتے اس کے ہاتھ جھٹک دیئے

..راسم کو پھر آگ لگی

وہ بھناتا اس کی جانب بڑھا اور اس کے پیچھے ہٹنے کے باوجود اسے بازوؤں میں بھر لیا..

لاکر نرمی سے بیڈ پر لٹایا..

دنیا کی کوئی طاقت تمھیں مجھ سے دور نہیں کر سکتی جان ...تم خود بھی نہیں اسی لئے کوشش بھی مت کرنا..

نرم گھمبیر لہجے میں کہتا وہ اس کے اوپر جھکا.

وہ سسک پڑی...اور ہاتھوں میں چہرہ چھپا لیا..

اے خبردار جو ایک آنسو بھی گرا تمھارا تو..نہیں تو..راسم نے نرمی سے ہاتھ ہٹا کر بیڈ سے لگائے..

.نہیں تو کیا پھر سے ہاتھ اٹھائے گے؟ فانیہ کے آنسو تواتر سے بہے

راسم جھکا اور اپنے لبوں سے وہ آنسو چنے ..پھر عقیدت سے دونوں بھیگی پلکوں کو

.چوما

وعدہ کرتا ہوں جان ....دوبارہ کبھی یہ گستاخی نہیں کروں گا ..بس ایک مرتبہ معاف کر دو. حکم کرو ابجی اس ہاتھ کو سزا دیتا ہوں ...وہ بارہ باری اس کے گلابی گالوں

..پر جھکا

..پر حدت سا لمس تھا

اس کی قربت میں تو فانیہ اور پگھل رہی تھی ..اور رونا آ رہا تھا ..یا شاید وہ اسے اور سننا چاہتی تھی.

اس کے ہر عمل میں سکون حاصل کر رہی تھی.

..اسی لئے اس کے سینے میں چہرہ چھپایا اور سسکی

...راسم نے اسے سینے میں بھینچا

..مگر وہ زیادہ دیر اس کے آنسو برداشت نہیں کر سکا

اس کا چہرہ سینے سے ہٹا کر ہاتھوں میں بھرا.

...جھک کر عقیدت سے محبت کا جام پینے لگا

.وہ اس کی باتوں کی وضاحت چاہتی تھی ..اس سے بات کرنا چاہتی تھی

...مگر راسم کے پاگل پن اور جنون بھری شدت نے اسے موقع کہاں دیا

..وہ پھر اسے اپنے آپ میں اپنے وجود میں بری طرح گم کر چکا تھا



..وائٹ پیلس میں جشن کا سا سماں تھا

.سب لاؤنج میں اکٹھے بیٹھے تھے

...انھیں میں فانیہ شرمائی لجائی سی سرخ چہرہ لیے سمٹی بیٹھی تھی

پہلی خوشخبری فانیہ کی جانب سے ملنے پر سب بے حد خوش تھے

..رحاب اور روحا ریشماں کے دائیں بائیں بیٹھیں تھیں

میں تو چاہتی تھی روح ....یہ خوشخبری سب سے پہلے مجھے تم سناؤ پر کوئی بات

.... نہیں ..وہ وقت بھی جلد آئے گا ....آنے والا ہے سوہم خان بھی

..ریشماں نے ایک ادا سے روحا کو چھیڑا تو مارے خفت کے وہ لال ٹماٹر ہو گئی

رحاب !اس کا لال ٹماٹر چہرہ دیکھ کر پیٹ پکڑے بری طرح ہنس دی..روح نے رحاب کو گھورا

.ریشماں نے اس کی جانب دیکھا

..کوئی بات نہیں .. تمھارا بھی وقت جلد ہی آئے گا ..ریشماں معنی خیز سی بولی

جی نہیں ...ابھی نہیں...رحاب نے اشارہ کیا ..ریشماں کے چہرے پر ذومعنی سی مسکان تھی.

خبری کو کام پر لگا دیا تھا..سب کو بول دیا تھا کہ کس کو کیا کیا کرنا ہے

..ریشماں کا حکم تھا کسی کو ٹالنے کی جرات نہیں تھا

..گارڈز بھی سخت وارننگ دے دی تھی اب بس پاشا کا انتظار تھا .

..سب ہلے گلے میں مصروف رہے ...جب خبری نے فون پر ایک خاص اطلاع دی

..ریشماں فوراً رحاب کی جانب مڑی

بچی گارڈ نے بتایا کہ تمھارے پیرٹس کے پنجرے کے پاس رات اور اب بھی بلی
..گھوم رہی تھی ..زرا جا کر دیکھو کہیں کھا وا تو نہیں گئی ان معصوم جانوں کو

رحاب بے تحاشا گھبرا کر اٹھی ..میں جاتی ہوں ..اس نے اشارہ کیا اور تیزی سے
.پچھلے دروازے باہر لپکی

ریشماں کے لبوں پر معنی خیز سی مسکراہٹ تھی اب اسے پتہ تھا کہ وہ اس کے پلین کے کامیاب ہونے تک اندر نہیں آنے والی..

تبھی پاشا وائٹ پیلس میں داخل ہوا تھا

تیز میوزک کی آواز میں سب ہلے گلے میں مصروف تھے

سبھی لاؤنج میں تھے .

جسے دیکھنے آیا تھا اسکی تو ایک جھلک بھی نظر نہیں آئی تھی..

پتا نہیں کہاں چھپی تھی

ٹھیک تو تھی ...وہ بے چین ہوا .

جب بے چینی حد سے سوا ہوئی تو سب سے نظر بچا کر اٹھا .

.مگر ریشماں کی نظر میں تھا

.بڑی مشکل سے اپنی ذومعنی مسکراہٹ دبائی ہوئی تھی ریشماں نے

پھر بہانے سے اس نے وائٹ پیلس گھوم گھام کر دیکھا

.وہ کہیں نہیں تھی

حتی کے اس کے روم میں بھی دیکھ آیا ..تن بدن میں آگ لگی ..رگوں میں شعلہ بھڑکے

..لاؤنج میں موجود کسی فرد سے پوچھنا نہیں چاہتا تھا اسی لئے

.اب دماغ گھوما تھا ...لاؤنج کے دروازے پر کھڑے گارڈز تک گیا

.رحاب کدھر ہے .. خطرناک تیوروں سے پوچھا

گارڈز کے پیچھے کھائی)ریشماں (تھی تو آگے کنواں)پاشا(

مرتے کیا نا کرتے .. گھگھیاتے بولے

...سر وہ تو صبح چلیں گئیں

کدھر؟میری اجازت کے بغیر جانے کیوں دیا....وہ دھاڑا

..سر وہ ریشماں جی کا حکم تھا کہ ان کو جانے دیا جائے

یو باسٹرڈز .....میں لایا تھا اسے مجھ سے پوچھنا گوارا نہیں کیا ...اس کو کھو دینے کے ڈر سے پاشا کی روح فنا ہوئی ..پیروں نیچے سے زمین کھسکی

.وہ چلا رہا تھا جب ریشماں نے اشارہ کر کے میوزک بند کروایا

..سب پاشا کی طرف متوجہ ہوئے

وہ تن فن کرتا پنکی کی طرف آیا ...شدید طیش اور اندر اٹھتے اشتعال کے طوفان کے ..ہوتے ہوئے ریشماں سے ہر گز مخاطب نہیں ہونا چاہتا تھا

وہ کہاں ہے؟ پاشا پنکی کی جانب دیکھ کر دھاڑا .. غصے کو قابو میں نہیں کر پا رہا تھا اسی لئے ریشماں کو مخاطب نہیں کر رہا تھا

.وہ کون، ریشماں اطمینان سے بولی

اگر آپ لوگ میرے منہ سے اس کا نام سننے چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے ..رحاب .کہاں ہے؟ وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا ..مگر رخ پنکی کی جانب ہی تھا

ارے بھئی ..خود ہی تو کہا تھا دارالامان چھوڑ آؤ ...اب بھیج دیا ہے تو مسئلہ کیا ...ہے ...ویسے بھی اس نے کہا وہ جانا چاہتی ہے

..اس نے کہا ...وہ کہہ سکتی ہے ..وہ غرایا

اشارہ تو کر سکتی ہے ناں ..ریشماں لاپروائی سے بولی

میں پورے وائٹ پیلس کو آگ لگا دوں ..سب جلا کر راکھ کر دوں گا بولیں کدھر ہے وہ..

اور تم لوگ گھاس چرنے بیٹھے ہو گیٹ پر ..کوئی آئے جائے گا ..آنکھیں بند رکھو گے ...بولو کدھر ہے وہ ...کھال ادھیڑ کر چیل کووں کو کھلا دوں گا..

.وہ اب اپنی بیلٹ سے گارڈز کو دھنک رہا تھا

..سب کو سانپ سونگھ گیا تھا

ریشماں نے آگے بڑھ کر اس کا ہاتھ روکا ...کیا لگتی ہے وہ تمھاری ..کیا حق ہے اس پر تمھارا ....جو یوں آگ لگی اس کے جانے سے ...ہاااااں .....پاشا ....بولو...

.جواب دو

...ریشماں ... محبت کرتا ہوں میں اس سے ....پاشا کی آواز وائٹ پیلس میں گونجی

ایک پل بھی نہیں رہ سکتا اس کے بغیر ...سنا آپ نے ...مجھے وہ چاہیے ..اپنی

...آنکھوں کے سامنے ...ابھی اور اسی وقت

کیوں چاہیے پاشا ..بغیر حق کے، بغیر کسی رشتے کے کیوں چاہیے؟ رکھیل بنانا چاہتے

ہو اسے ...ریما پھنکاری

شٹ اپ یو بچ .....نکاح کروں گا ابھی اور اسی وقت سنا سب نے...وہ صرف

اور صرف پاشا کی ملکیت ہے..ڈھونڈنے جا رہا ہوں اسے ..نکاح خوان کا بندوبست

..کر کے رکھیں

..یہ کہتا وہ بھسم کرنے والے انداز میں باہر نکلا تھا

...گیٹ پر ہی گارڈ ممنایا

سس ...سر وہ میم پچھلے گارڈن میں ہیں ...ریشماں جی کے کہنے پر جھ ...جھوٹ ...بولا آپ سے

تم لوگوں کو تو میں بعد میں دیکھوں گا ...اس نے دانت پیستے خونخوار نظروں سے ..انھیں دیکھا

...اور گارڈن کی طرف گیا

.رحاب پنجرے تک آئی تو پیرٹس بلکل سیو تھے ..اس نے سکھ کا سانس لیا

..پھر واپس سٹور روم تک گئی

ان کے لئے دانہ لے کر آئی ....پنجرے کے قریب بیٹھ کر ان کے کٹوروں میں دانیہ ڈال کر اٹھی اور تازہ پانی لے کر آئی

..پھر پانی بھی چینج کیا

جاں نثار کرنے والی نظروں سے ان رنگ برنگی ننھی جانوں کو دیکھا ...جو اس سے کافی مانوس ہو گئے تھے..

اب وہ بیٹھی گہری مسکان سے انکی شرارتیں دیکھ رہی تھی

...جب اپنے پیچھے بھاری بوٹوں کی مخصوص دھمک سنائی دی تو سانس حلق میں اٹکا

...یہ اس وقت یہاں کیا کر رہے ہیں

..ابھی وہ کچھ اور سوچتی

جب اچانک پیچھے سے پاشا نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اپنی طرف گھما کر اسے

.اپنے مقابل کھڑا کیا تھا

بس اتنی سی دیر میں یہ چھوٹی سی لڑکی

پاشا کی

Deadly Pasha

.....کی جان پر بنا گئی تھی

.وہ سخت تلملایا ہوا تھا

...وہ اس کے بازو کی گرفت میں گھبرائی اور مچلی

واٸٹ پیلس سے قدم باہر نکالنے کی جرات بھی کیسے کی تم نے ..پاشا نے دانت پیسے..

...مگر بے قرار نگاہیں اس کے معصوم چہرے کا طواف کر رہی تھیں

..جبکہ وہ مسلسل اس کے بازو کی گرفت میں سے نکلنے کی کوشش کر رہی تھی

مگر پاشا نے ایک جھٹکے سے اسے مزید قریب کیا ..میں جانتا ہوں تم پر کوئی حق نہیں رکھتا ..مگر میں یہ حق حاصل کرنا چاہتا ہوں ..نکاح کرو گی مجھ سے؟ ابھی اور اسی وقت.....؟

..پاشا نے سنجیدگی سے کہا ..جبکہ رحاب کہ اس کی بات پر رونگٹے کھڑے ہو گئے

...چہرہ لال ٹماٹر ہوا

..وہ جی جان سے لرزی

پاشا نے اس کی حالت کے پیش نظر نرمی سے چھوڑا

.اور بازو سے پکڑ کر اسے اندر کی جانب لے کر جانے لگا



کبیر اپنے خاص آدمیوں سے اہم بریفنگ لے رہا تھا جب قادر گھبرایا سا اندر داخل ہوا.

...کبیر نے دانت پیسے

واٹ دا ہیل ....قادر یہ کیا بدتمیزی ہے ...وہ یوں بھی آج کل انگارے چبائے پھرتا تھا..

سر ضروری بات ہے میم سے متعلق ....قدر نے آہستگی سے کہا.

کبیر کی رگیں مزید تنی

...آدمیوں کو جانے کا اشارہ کیا

وہ چلے گئے تو قادر کی طرف متوجہ ہوا

بولو؟

...سر وہ .... میم ...قادر جھجھکا

.اب بول بھی چکو قادر.....کہ مرنا ہے میرے ہاتھوں ...اس نے دانت پیسے

وہ سر میم نے وکیل کو بلوایا ہے آج ... خلع کے پیپرز بنوانے کے لئے ....پیپرز پر سائن کرنے والی ہیں ..پھر کیس عدالت میں جائے گا.

..قادر نے کبیر کے سر پر بم پھوڑا

..واٹ ...کبیر کے تلووں پر لگی اور سر پر بجھی...اٹھ کر کھڑا ہوا

...سر وکیل پہنچ گیا ہے

..کبیر بھسم کرنے والے انداز میں باہر نکل کر سامنے والے گھر میں داخل ہوا تھا

..ڈرائینگ روم سے ہلکی باتوں کی آوازیں آ رہی تھیں

بابا اس وقت اپنے کمرے میں سو رہے تھے ...اور وہ یقیناً یہ کارنامہ ان کے علم میں لائے بغیر سر انجام دے رہی تھی..

وہ تن فن کرتا ڈرائینگ روم میں داخل ہوا.

سامنے ہی وہ سفید چادر میں لپٹی پیپر ہاتھ میں لئے بیٹھی تھی..

سامنے ہی ایک وکیل بیٹھا پرشوق نگاہوں سے اسے گھور رہا تھا..

کبیر آگے بڑھا

اس کے ہاتھوں سے پیپر چھین کر پڑھے...

...خلع کے ہی تھے ....سیکنڈوں میں ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہوا میں اچھالے

یہ کیا کر رہے ہیں آپ...وہ چلائی

مگر وہ وکیل کی جانب بڑھا تھا ..اسے یہ پیپر بنانے اور اس کی بیوی کی طرف دیکھنے

..کا انعام جو دینا تھا

کبیر نے اسے دھنک کر رکھ دیا تھا ...زمل چلاتی رہی ..وہ وکیل بھی گھگھیا گیا مگر

..کبیر کے سر پر خون سوار تھا

.گریبان سے پکڑ کر گھسیٹا اور پینٹ سے پسٹل نکال کر اس کے سر پر تانی

مم .معاف کر دو.... ..معاف کر دو ...اب ادھر کا رخ بھی نہیں کروں گا ...جان بخش دو میری ...

....کبیر نے اسے پرے پٹخا ...تو وہ دم دبا کر اپنا سامان اٹھا کر سرپٹ بھاگا

یہ پسٹل دکھا کر اور یہ تماشا کر کے اگر تم سمجھتے ہو کہ مجھے میرے ارادوں سے باز رکھ سکتے ہو تو یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے تمھاری...

.وہ ہتھے سے اکھڑی اور رونے لگی

یہ نکاح سیفی کے ملنے کی شرط پر ہوا تھا ... سیفی ختم تو یہ نکاح کیوں باقی رہے یہ بھی ختم ہوگا ...

..مجھے ان دو ٹکے کے کاغذ کے ٹکڑوں کی رتی برابر بھی پرواہ نہیں

وہ بول رہی تھی ..زہر اگل رہی تھی ..چیخ چلا رہی تھی ..مگر کبیر سکون سے کھڑا رہا ..وہ چاہتا تھا زمل یہ بھڑاس نکال دے....

مجھے نفرت ہے تم سے شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی تمھاری ..نکل جاؤ میری زندگی سے..

...کبیر کو آگ لگی

تمھاری زندگی سے تو تب ہی نکلوں گا میری جان ...جب یہ تمھاری سانسیں تمھارے جسم سے نکلیں گی..

....مرنے کا اتنا ہی شوق ہے تو نکال دوں یہ جان

.کبیر نے اس کی چن پر پسٹل رکھ کر اس کا چہرہ زرا سا اونچا کیا

اونہہ ...یہ دھمکیاں کسی اور کو جا کر دینا ..میں نہیں ڈرتی مرنے سے ..اور ویسے .بھی یہ قتل و غارت کے علاوہ اور کر بھی کیا سکتے ہو تم ..اس نے تمسخر اڑایا

جب کبیر نے اچانک اسے بازوؤں سے تھام کر دیوار سے لگایا ..اس کے نرم و ..نازک لبوں کو اپنے لبوں کی سخت اور شدت بھری گرفت میں لیا

زمل کے اوسان خطا ہوئے ..بری طرح مزاحمت کی ..مگر اس چٹانی گرفت سے ..نکلنا ناممکن تھا

وہ ایک ماہ کی اپنی بے چینی اور بے قراری شمار کر رہا تھا .کافی دیر خود کو سیراب کرتا رہا.

بند ہوتی سانسوں سے وہ نڈھال ہوئی اور سختی سے اس کے سینے سے اس کی شرٹ دبوچی.

..کبیر نے نرمی سے اسے آزادی بخشی تو لال انگارہ لبوں سے وہ پھنکاری

تمھاری ہمت کیسے ہوئی مجھے چھونے کی یہ بے ہودہ حرکت کرنے کی.. چھچھورے انسان...

جان تم ہی پوچھ رہی تھی کہ قتل و غارت کے علاوہ مجھے کیا کیا کرنا آتا ہے تو ڈیمو دکھا رہا تھا تمھیں...

یہ حرکت کی ہے تو ابھی تو کچھ دیر کے لئے سانسیں بند کر کے سزا دی تمہیں

آئندہ ایسا سوچا بھی تو بابا کی بھی پرواہ نہیں کروں گا...اٹھا کر لے جاؤں گا..

ڈائریکٹ رخصتی...پھر شکوہ مت کرنا..

وہ بھی دانت پیس کر بولا...

اور اسے وہیں چھوڑ کر اطمینان سے باہر نکلا..کہ وہ اس کی دھمکی سے ڈر جائے گی

مگر پیچھے زمل غلط ارادے باندھتی اپنے کمرے میں آئی ...اور لاک لگا کر پھوٹ پھوٹ کر رو دی...

..پاشا اسے بازو سے تھام کر اندر لایا تھا

..وہ ہونق بنی سب کو دیکھ رہی تھی

کیونکہ سب آنکھوں میں شرارت لیے اسے ہی دیکھ رہے تھے .وہ مارے خفت کے سر جھکا گئی..

.کیونکہ پاشا نے اس کا بازو اب بھی نہیں چھوڑا تھا

.پھر ریشماں نے ہی رحاب کی مسکین سی شکل دیکھ کر اس کی مشکل آسان کی

.آگے بڑھی ..رحاب کا ماتھا چوما

ارے ہٹو بھی ..دلہے میاں ...شام تک انتظار کرو ..کبیر اور سوہم کو فون کر دیا ہے نکاح تک پہنچ جائیں گے ..اور اس کو بھی تو دلہن بنانا ہے ..صبر کرو اب

ریشماں نے رحاب کا بازو چھڑایا.رحاب سرخ ہوئی ریشماں کے سینے میں منہ دے ..گئی

جبکہ سوہم خان کے نام پر وہاں موجود ایک چھوٹی سی جان روح تک کانپ اٹھی ...تھی

..پاشا دوسری جانب رخ کیے مبہم سا مسکرایا

ریما نے ایک حسرت بھری نگاہ اس مسکان پر ڈالی جو فورا غائب ہو کر پھر سے سنجیدگی میں بدل گئی ..

..وہ پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ دیئے اپنے کمرے میں چلا گیا

..پیچھے انھوں نے پورا وائٹ پیلس سر پر اٹھا لیا

..روحا نے شرارت سے رحاب کو دیکھا اور ٹھوکا مارا

اب سناؤ رحاب بے بی ...ہمارا مزاق اڑا رہی تھیں ...اب سناؤ

..پلیز نہیں کرو ناں ..رحاب نے بے چارگی سے اشارہ کیا تو وہ قہقہہ لگا کر ہنس پڑی

ہم تو نہیں کریں گے پر وہ کیا کیا کریں گے اس کی کوئی گارنٹی نہیں ....روحا نے رحاب کی طوطے اڑائے..

ریشماں بھی سن چکی تھی قہقہہ لگا کر ہنس پڑی .وہ دونوں سرخ چہرہ لئے وہاں سے رحاب کے کمرے میں بھاگ گئیں..



...انتظامات بہت شاندار تھے

...سوہم اور کبیر بھی ہیلی سے پہنچ گئے تھے

...شام کے سائے گہرے تھے

سوہم اپنے کمرے میں آیا تو وہ بلکل تیار تھی ..ہاف وائٹ کامدار میکسی میں وہ ہلکے میک اپ کے ساتھ غضب ڈھا رہی تھی..

..اور اپنی کمر پہ آدھ کھلی زپ کو بند کرنے کی تگ و دو میں جان ہلکان کر رہی تھی آئینے میں پیچھے اطمینان سے کھڑے سوہم پر نظر پڑی تو بے تحاشا گھبرائی اور پیچھے مڑ کر دیوار سے ٹیک لگا لی.

سوہم کو اس کی حرکت پر ہنسی آئی مگر ضبط کر گیا ..وہ نارمل انداز میں قدم قدم چلتا اس تک آیا.

گہرے بلو ٹو پیس میں لمبے سرو قد کے حامل مردانہ وجاہت کا شہکار وہ بے تحاشا ہینڈسم اور ڈیشنگ لگ رہا تھا

پینٹ کی پاکٹ میں ہاتھ ڈالے وہ اطمینان سے اس کے سامنے کھڑا تھا.

جلاد (executioner) کے دماغ میں کیا چل رہا تھا کوئی بھی نہیں جان سکا تھا آج تک.

کیسی ہو ..نارمل انداز ..روحا کو حیرت ہوئی.

.ہم ....ٹھیک ہیں ....آپ کک ...کیسے ہیں ..اس کی زبان لڑکھڑائی

.سوہم نے اس کا سوال نظر انداز کیا

Do you miss me... Baby....

..وہ پوچھ بیٹھا

..اب وہ کیا بتاتی اس کے رویے سے کتنا جھنجھلا رہی تھی

..وہ اسے یہاں لا کر خود کیوں غائب تھا

مگر بول کر اپنی شامت بلانی تھی کیا؟

..اسی لئے نظریں جھکا گئی

سوہم نے اپنے اور اس کے بیچ کا فاصلہ دو قدم میں سمیٹا ...دیوار پر اس کے دائیں بائیں ہاتھ رکھے..

مردانہ کلون کی خوشبو اس کے حواس سلب کیے دے رہی تھی ...روحا کی جان پر بنی..

I asked do you miss me.. Didn't you baby..

...روحا نے مزید سر جھکایا

..سوہم نے ٹھنڈی سانس بھری

..اور اس کی کمر پر ہاتھ سرکائے ..وہ بوکھلائی اور سختی سے آنکھیں بند کر لیں

مگر سوہم خان کے ہاتھوں نے پیچھے سے اس کی میکسی کی زپ آہستگی سے بند کی تھی..

سب ویٹ کر رہے ہیں جلدی نیچے آؤ...وہ کہتا پیچھے ہٹا.

مگر روحا نے آنکھیں نہیں کھولیں

جب کھولیں تو کمرے میں کوئی نہیں تھا.

اسے جانے کیوں..

مگر سوہم خان کے یوں چلے جانے سے سخت کوفت ہوئی..

جھنجھلا کر باہر آئی ..



.راسم مصروف سا کسی کام سے روم میں داخل ہوا تھا

.مگر سامنے کھڑی اس پری کو دیکھ کر مبہوت رہ گیا

بلیک میکسی میں کالے آسمان پر کوئی روشن ستارہ لگ رہی تھی ..وہ بے خود سا

..آگے بڑھا

.لپ گلوز لگاتی ....وہ جو اپنی تیاری کو آخری ٹچ دے رہی تھی

..کمر کے گرد لپٹتے سرسراتے ہاتھوں سے بوکھلائی

...راسم ...یہ کیا کر رہے ہیں آپ

..راسم نے اس کا رخ اپنی جانب کیا

جان من ہر مرتبہ پوچھتی ہو کہ کیا کر رہا ہوں جبکہ ہر مرتبہ جانتی ہو..اب اتنا اچھا تیار ہونے کا خراج وصول نہیں کرو گی ....وہ شرارت سے بولتا اس کے لبوں پر جھکنے لگا جب فانیہ نے فوراً اس کے لبوں پر ہاتھ رکھا ..

...خبردار ...راسم آپ نے میری لپ اسٹک خراب کی

یہ تو ہوگا .....راسم نے کندھے اچکا کر اسے چھیڑا اور اس کے بازو پیچھے باندھے..

..نن .. نہیں ...وہ مچلی ..مگر راسم اسے بے بس کر چکا تھا

..جی بھر کے خود کو سیراب کیا

..جب نرمی سے اسے چھوڑا تو فانیہ نے اسے سخت گھوری سے نوازا

کیا ... .یار لپ اسٹک کا کوئی اور برانڈ یوز کرو ...یہ تو بہت میٹھا ہے .....مجھے

..اور تمھیں سوٹ نہیں کرتا ..اسی لئے میں ہر مرتبہ کھا جاتا ہوں

..وہ بے حد شرارت سے بولا

فانیہ نے لپک کر برش اٹھایا ...مگر اس کی حسرت , حسرت ہی رہی کہ وہ برش راسم

.کی کمر سینکتا

...وہ کمرے سے قہقہہ لگاتا بھاگ چکا تھا



...رحاب نے خود کو آئینے میں دیکھا اور خود ہی شرما گئی

..پاؤں کو چھوتی لونگ ٹیل سرخ میکسی

..دلہنوں والے میک اپ سرخ لپ اسٹک میں اس پر الگ ہی روپ آیا تھا

مگر ایک چیز جو اسے گھبراہٹ سے دوچار کر رہی تھی ..وہ میکسی کے بولڈ اور آگے پیچھے کے ڈیپ گلے تھے.

....اس نے بڑا سا دوپٹہ اچھی طرح آگے پیچھے سیٹ کروایا تھا

.....دروازے پر ہلکی دستک ہوئی اور ریشماں خود اسے لینے آئی

..چشم بد دور .....ریشماں نے کھل کر تعریف کی

..اسے لئے باہر آئی

سب لاؤنج میں موجود تھے.سب کی نظر رحاب پر اٹھی .مگر ایک نظر تھی جو پلٹنا بھول گئی تھی..سب نے ہوٹنگ کی مگر وہ پاشا ہی کیا جو کسی چیز کا اثر لے لے..یونہی اطمینان سے بیٹھا اسے دیکھتا رہا

بلیک ڈنر سوٹ میں وہ بھی چھ فٹ سے نکلتا قد، چوڑی جسامت بے حد شاندار لگ رہا تھا..

پاس ہی ریما سوگوار سی بیٹھی اسے دیکھے جا رہی تھی..

مولوی صاحب آ چکے تھے ...نکاح کی کاروائی شروع ہوئی..

جلد ہی ایجاب و قبول کا مرحلہ طے پا گیا..

حال تالیوں سے گونج اٹھا..

کھانا وغیرہ کھایا گیا .. مولوی صاحب رخصت ہوئے تو ایک ہنگامہ سا تھا جو جاگ اٹھا تھا.

کبیر بھی اداس سا بیٹھا اس دشمن جاں کو یاد کر رہا تھا..جو اپنے آپ کو اس سے دور کرنے پر تلی بیٹھی تھی...

روحا جی جان سے جل رہی تھی....سوہم خان نے آج اس چھوٹی سی جان کو انگاروں پر گھسیٹا ہوا تھا..

کیونکہ آج تو سوہم خان کے تیور ہی نرالے تھے .دو سیٹر صوفے پر اپنے پہلو میں کومل کو بٹھا رکھا تھا..

ہنس ہنس کر اس سے باتیں کرتا وہ زہر لگ رہا تھا اسے.

اس قدر حسین لگنے کے باوجود سوہم اس کی جانب دیکھ بھی نہیں رہا تھا..

بار بار اس کی آنکھیں نم ہو رہی تھی ..یہ منظر دیکھ کر حلق کڑوا ہوا اور حلق میں کانٹے سے چبھے..

اسی لئے جب میڈ اس کے پاس جوس کا گلاس لئے آئی تو اٹھا کر غٹا غٹ پی گئی..

جب اس کی بے رخی، بے عتنائی اور بے وفائی برداشت سے باہر ہو گئی تو اٹھی اور چپکے سے اپنے کمرے میں آئی..

کمرہ لاک کیا..

اوندھے منہ بیڈ پر گری.

...اور تکیے میں منہ دیئے پھوٹ پھوٹ کر رو دی

...سر بھاری ہوا، بہت بھاری تو وہ گہری غنودگی میں چلی گئی



...کافی شور شرابہ اور ہنگامہ تھا

.سامنے ہی وہ شرمائی، لجائی سر جھکائے بیٹھی اس کا ضبط آزما رہی تھی

گلاب کی پنکھڑیوں جیسے لبوں پر ہلکی سی شرمیلی مسکان ..اس پر قیامت ڈھاتا یہ دلہن والا روپ....سرخ میکسی میں دودھیا رنگت دمک رہی تھی.

پاشا کی برداشت جواب دے گئی تو اٹھا اور لاؤنج میں موجود ان سب لوگوں کے سامنے ہی اپنی دلہن کو بازوؤں میں بھرا..

وہ بے تحاشا گھبرائی ..چہرہ لال ٹماٹر ہو گیا.

سب نے ہوٹنگ کی ..شور مچانا شروع کر دیا مگر اسے پرواہ نہیں تھی.

وہ اسے اٹھائے اپنے کمرے کی جانب آیا..

پنکی راستے میں آئی..

..کہاں میاں ..نیگ دو ہمارا ...فری میں تو دلہن نہیں ملے گی

...پاشا نے سوہم کی طرف دیکھا ...جیسے کہہ رہا ہو ...جلدی جان چھڑواؤ یار

..سوہم اپنی جگہ سے اٹھ کر قریب آیا

اپنے کوٹ کی پاکٹوں سے بڑی بڑی نیلی نوٹوں کی گڈیاں نکالیں.اور پنکی کی طرف بڑھا دیں

.پنکی خوش ہوتی نوٹ تھامتی باقی سب اپنے ہمنواؤں کی جانب لپکی

ریشماں کھل کر مسکرائی

پاشا کی بے صبری پر بھی ہنسی آ رہی تھی

رحاب بے حد کسمسائی ..مگر جب پاشا کے ہاتھوں نے نرمی سے سہلا کہ اسے وارننگ دی اور اسے نیچے نہیں اتارا تو گھبرا کر پاشا کے سینے میں ہی منہ چھپا لیا.

...کمرے میں آکر پاؤں سے کمرہ لاک کیا اور دروازے پر ہی اسے نیچے اتارا

ان دونوں کو اظہار کی ضرورت تو تھی ہی نہیں....جو ایک دوسرے کی روح میں بس جائیں ...آنکھوں سے دلوں کے راز پا لیں انھیں بھلا اظہار کی کیا ضرورت...

کچھ بھی کہے بغیر پاشا نے نرمی سے اسے دوپٹے سے آزاد کیا ..رحاب بوکھلائی کیونکہ میکسی کہ گہرے گلے اور اتنی فٹنگ اس کی ساری رعنائیاں عیاں کر رہی تھیں..

پاشا نے دونوں بازو کمر کے گرد لپیٹے اور اسے خود میں بھینچا..جھک کر ماتھے پر محبت کی پہلی مہر ثبت کی.

..وہ تو آج اس کی بے باک نگاہوں سے ہی پگھلی جا رہی تھی

.کہاں اس کی دہکتی پرشدت محبت میں ڈوبی قربت سہتی

....نرمی سے دونوں آنکھیں چومیں...مزید بے خود اور مدہوش سا ہوا

..ایک ہاتھ کھلے کمر پر آبشار کی طرح گرے بالوں میں پھنسا کر گداز لبوں پر جھکا

لمس میں بے پناہ شدت تھی ..آج تو وہ اپنے ہر عمل سے رحاب کی جان لینے پر تلا ہوا تھا...

رحاب کے رونگٹے کھڑے ہوئے.

سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے دور کرنے کی کوشش کی مگر وہ اس وقت کسی شیر کی گرفت میں تھی.

جب سانس اٹکی تو رحاب نے اس کی شرٹ کا کالر مٹھی میں بھرا.

پاشا نرمی سے پیچھے ہٹا..اپنا کوٹ اتارا..

لال ٹماٹر چہرہ دلچسپی سے دیکھا..

..ایک مرتبہ پھر بے خود ہو کر اسے خود میں بھینچا

Hold me tightly... Jan.. Never leave me.....

Never stay away from me...

Otherwise, to be honest.. You will die at my hand...

بھاری بوجھل گھمبیر آواز میں وہ سرگوشی رحاب کی جان نکالے دے رہی تھی ....اپنا چہرہ اسکے سینے میں چھپایا.

..پاشا نے زرا سا جھک کر اسے بازوؤں میں اٹھایا

..اور لا کر پھولوں کے درمیان سجی ہوئی مسہری پر لٹایا

..خود اس پر جھکا

..رحاب نے دونوں ہاتھوں سے اپنا چہرہ چھپا لیا

پاشا کھل کر مسکرایا ...اور جھک کر لبوں کی جگہ اس کے ہاتھوں پر اپنے دہکتے لب رکھے..

زرا سا اوپر ہو کر اپنی شرٹ اتاری ..اس کے ہاتھ ہٹا کر تکیے سے لگائے ..وہ مکمل اس پر جھکا اس کے بالوں میں منہ دے کر ان کی خوشبو اپنی روح میں اتارنے لگا..

جب وہ بری طرح کسمسانے لگی تو پاشا نے ہاتھ بڑھا کر لائٹ آف کی..اس کی شدتوں کے آگے رحاب موم کی طرح پگھل رہی تھی..

ابھی پانچ منٹ بھی نا گزرے تھے کے بیڈ کی سائیڈ ٹیبل کی ڈرار سے ایک ہلکی سی بیل سنائی دی..

پاشا جس چیز سے اسے اپنے قریب لانے سے ڈرتا تھا وہی ہوا ..ابھی تو اسے سہی طرح محسوس بھی نہیں کر پایا تھا...کہ وہ بیل اس کی جان کا آزار بن گئی..

....اتنے قریب آکر اب اسے دور جانا پڑے گا ابھی اور اسی وقت

پاشا کا دل کیا پوری دنیا کو آگ لگا دے ..لب سختی سے دانتوں میں بھینچے ...رگیں یو
..تن گئیں جیسے ابھی پھٹ پڑیں گی

..نرمی سے رحاب پر سے اٹھا ..لائٹ جلائی

..اپنی شرٹ اور موبائل اٹھایا اور ڈریسنگ میں چلا گیا

...کچھ ہی دیر بعد باہر آیا

..وہ بیڈ پر بیٹھی اپنا اکھڑا سانس بحال کر رہی تھی

..اس کے قریب آیا

.اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں کے پیالوں میں بھرا ..اور ماتھے سے ماتھا ٹکایا

ابھی مجھے کہیں جانا ہے میری جان ...اپنا خیال رکھنا ...واپس آؤں گا تو یہیں سے کانٹنیو کریں گے.

آخر میں وہ شرارت سے بولا.

..تو وہ گھبرا کر نظرین جھکا گئی

میں شاید ہی اپنی زندگی میں کبھی کسی چیز سے ڈرا ہوں

مگر آج ....آج میری جان میں ڈر گیا تھا .. تم نے مجھے ڈرا دیا .. تمھیں کھونے کا خوف وہ واحد خوف ہے جو پاشا ابراہیم کو ڈرا گیا .....پرامس کرو اپنا خیال رکھو

گی ... مجھ سے دور نہیں جاؤ گی ...پاشا کو پتا نہیں کیوں لاشعور میں یہ خوف تھا کہ وہ اس سے دور نہ ہو جائے..

وعدہ کرو مجھ سے کبھی دور نہیں جاؤ گی ....پاشا نے اپنا ہاتھ اس کے سامنے پھیلایا.

جس میں رحاب نے اپنا مہندی بھرا نازک ہاتھ تھما دیا تو پاشا کی روح تک میں سکون اترا...

رحاب نے اثبات میں سر ہلا کر وعدہ کیا..

پاشا جانے لگا .....جب پھر تیزی سے دروازے سے واپس آیا..

اس کے پیٹ پہ ہاتھ رکھ کر ایک مرتبہ پھر نازک لبوں پہ جھکا..

...نرمی سے اسے چھوڑا اس کے گلال چہرے پر ایک بھر پور نظر ڈالی

...اوردڈور لاک کرتا کمرے سے باہر نکلتا چلا گیا

خفیہ رستوں سے ہوتا ہوا بیسمنٹ میں آیا

جہاں اس کا بہت خاص بندہ ٹونی کھڑا تھا جو تب ہی آتا تھا جب انتہائی غیر معمولی

..بات ہو یا بہت خطرے کی بات ہو

..وہ آکر اپنی سربراہی کرسی پر بیٹھا

.بولو .ٹونی

...سر یہ ریکارڈنگ سنیں ..اس نے موبائل فون پر ایک وائس ریکارڈنگ آن کی

.....بادشاہ دادا کا مکروہ قہقہہ گونجا

اس کے چمچے کی آواز آئی

..کو ...منہ دیکھتے رہ گئے executioners سر کیا بے وقوف بنایا ان سو کالڈ

انھیں لگتا ہے کہ آپ باہر گئے مگر آپ تو یہیں رہ کر ان کے تڑپنے کا تماشہ دیکھ

.....رہے ہیں

...ہاں کوئی اور خاص خبر جس سے میں ان پر ایک اور کاری وار کر سکوں

جی سر ..آپ نے کہا تھا ان کی کمزوری ڈھونڈو .....ان چاروں نے عورتیں رکھی

..ہوئی ہیں ....آگے کیا حکم ہے

سب سے پہلے جس نے میرے بھائی کو اتنی بے دردی سے مارا اس سوہم خان کی رکھیل کو لاکر میرے بستر کی رونق بناؤ .....پھر میں اس کے سامنے اس کی رکھیل کو اسی کے سٹائل میں گردن پر گولی مار کر اڑاؤں گا...

سر آپ باہر آ جائیں اب ..ان کے رو برو مقابلہ کریں ..اپنے بندے بھی باتیں بنا رہے ہیں کہ آپ اپنے دشمنوں سے چھپ کر بیٹھے ہیں..

ابے بھونک نہیں ..مجھے پاگل کتے نے کاٹا ہے ..اس پاشا کے ہاتھوں کتے کی موت نہیں مرنا چاہتا ..جو کہہ رہا ہوں وہ کرو...

اس چمچے نے اپنے بزدل بوس کو افسوس سے دیکھا.

.ریکارڈنگ بند ہو گئی..پاشا نے ٹونی کو دیکھا

لوکیشن؟

..یس سر ...مگر وہ چینج کرتا رہتا ہے لوکیشن

...پھر بھی چلو ...پاشا طیش میں اٹھا

پہلے بادشاہ کی موت کچھ آسان ہوتی مگر یہ الفاظ سننے کے بعد اسے ایسی موت

..نصیب ہوگی کہ اس کی سات نسلوں کی روح کانپ اٹھے گی

سر سوہم خان کو اطلاع؟

ہر گز نہیں ...میں کسی طور نہیں چاہتا جو اس نے اپنی وائف کے ساتھ پلین بنایا ہے وہ خراب ہو .....اب چلو..

.....پاشا بھسم کرنے والے انداز میں وہاں سے ٹونی کے ہمراہ نکلا

سوہم کمرے میں داخل ہوا تو گہرا سا مسکرایا..

باہر وہ کیسے پہلو بدل رہی تھی..

..وہ تو اس کی ایک ایک حرکت اور تاثر نوٹ کر چکا تھا

..میڈ کے ہاتھ جوس کا گلاس اس نے خود بھجوایا تھا جس میں نشہ آور گولی تھی

اور اب وہ اس کے پلین کے مطابق ہوش و خرد سے بیگانہ بیڈ پر آڑھی ترچھی لیٹی تھی.

وہ جھکا ..اسے سیدھا کیا ..کھلے کرل بنائے گئے براؤن بال آبشار کی طرح بیڈ پر بکھرے ہوئے تھے.

..وائٹ ٹائٹ میکسی میں ساری رعنائیاں جھلک رہی تھیں

ہلکا میک اپ ..سرخ لپ اسٹک

.....بے لگام جزبات

.....افففففففف

My little sleeping beauty.....

..سوہم نے نرمی سے اسے بازوؤں میں بھرا

..اور اس کا متوقع رد عمل سوچ کر خود بخود ہی مسکرا دیا

کی طرح جھٹپٹاؤ گی تو مجھے بڑا مزا آئے little caty میری جند جان جب تم گا ...تمھارا وہ روپ دیکھنے کے لیے یہ ساری گستاخیاں کرنے کے لیے میں خود کو انعام دیتا ہوں.

تمھارا وجود .... خود کو

وہ اسے لئے باہر نکلا گاڑی میں بیٹھ کر مخصوص اڈے پر آئے وہاں سے ہیلی میں بیٹھے ..وہ مسلسل اس کے ملیح معصوم چہرے کا دیدار کیے جا رہا تھا

..مگر نظر ہٹ نہیں رہی تھی

اب صبح ہی جاگو گی میری سلیپنگ بیوٹی ...اور پھر تمھارے لئے ایک اور سرپرائز ....ریڈی رہے گا



اگلے دن قریباً بارہ بجے کے قریب روحا کی آنکھ کھلی تھی۔

سر بہت بھاری ہو رہا تھا..

غائب دماغی سے پڑی یونہی چھت کو گھورتی رہی

پھر آہستہ آہستہ سب یاد آتا گیا۔

سوہم خان کی بے وفائی یاد کر کے پھر سے رونا آیا۔

مندی مندی سی آنکھیں کھولیں ... حیرت سے پھٹ پڑیں..یہ اس کا کمرہ تو نہیں تھا۔

وہ کہاں تھی۔

وہ اس بات سے بے خبر تھی کے وہ اس وقت کیپ ٹاؤن کے بیچ پر بنے ایک ریزورٹ میں موجود ہے..

باہر سناٹے کو چیرتا سمندر کی لہروں کا شور سنائی دے رہا تھا..

ااییییییییییہہ .... غصے سے مٹھیاں بھینچیں....

Soham khan.... I will kill you....

کمرے میں گھوم کر نظر کھڑکی کے باہر گئی تو تلوؤں پہ لگی اور سر پر بجھی

لارڈ صاحب سمندر کنارے پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے کھڑے تھے..

روحا کی طرف سوہم کی پیٹھ تھی ...اور سوہم کے انتہائی قریب ایک حسینہ زلفیں بکھرائے پینٹ شرٹ میں اس کے اونچے لمبے کندھے سے سر ٹکائے کھڑی تھی.

...یقیناً کومل ہوگی

اونہہ ...ان سے تو اچھی ہماری جوتی ہے ...اور ہم جل کیوں رہے ہیں .....جلے ..... ہماری جوتی

مگر روحا سوہم خان اس وقت تو آپ کی جوتی نہیں آپ خود ہی جل رہی ہیں ..اندر سے کسی نے مزاق اڑایا..)

بھنا کر اٹھی ....سو ہم خان یا تو آج آپ نہیں ....یا ہم نہیں .....یا پھر یہ پر کٹی کبوتری نہیں ...دانت کچکچائے..

جھنجھنا کر باہر لپکی ...

رستے میں ہی کھانے کے ٹیبل کے درمیان ایک کیک رکھا تھا ..وہ اٹھایا...

تن فن کرتی باہر آئی ...اور ایک جھٹکے سے اس لڑکی کو اپنی جانب گھما کر پٹاخ سے اس کے چہرے پر کیک پوتھ دیا...

آہیییییہہہ ...خود بھی چیخی ..کیونکہ سامنے کو مل نہیں کوئی لمبی زلفوں والا لڑکا تھا..

آئم سوری ...آئی ریلی ویری سوری..

..سوہم روحا کی یہ درگت بنتے دیکھ ہنسی ضبط کرنے کے چکروں میں سرخ ہو گیا تھا
.آخر اسے پٹانے جھٹپٹانے کا پلان اسی کا تو تھا

وہ لڑکا وہاں سے کیک سے بھرا منہ لیے فوراً جا چکا تھا .کیونکہ اس کا کام صرف اتنا
...ہی تھا

.سوہم نے دانتوں تلے لب دبایا

How dare you... Soham khan...

آپ کی ہمت کیسے ہوئی ہمیں یہاں لانے کی .. خفت چھپانے کو اس کا گریباں پکڑ
..کر دانت کچکچائے

I dared to bring you the white palase from Hweeli....you know how beautiful you look when you sleep... My little sleeping beauty

.وہ اطمینان سے بولا ...اور اس کے ہاتھ پکڑ کر لبوں سے لگائے

روحا گھبرائی ..اب اپنی سچویشن پر غور فرمایا تو پیروں نیچے سے زمین کھسکی ..وائٹ میکسی میں بغیر دوپٹہ کے وہ اس کے روبرو تھی.

..یہ مناظر ... سمندر کا کنارہ، ناریل کے درختوں سے گھرا ..پاس ریزورٹ ....تنہائی لہروں کا شور.

..اور اس کا خود کا حلیہ

...اس سب پر متضاد اس کی جسم پگھلاتی نگاہیں ..روحا کو جھرجھری آئی

...وہ گھبرا کر واپس بھاگنے کو تھی

...مگر ناکام وہ اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اس خود میں بھینچ چکا تھا

سس ...سوہم ....ہمارا دوپٹہ کک ..کوئی آ جائے گا ....اس نے بھاگنے کے لیے بہانا گھڑا

...میرے علاوہ کوئی نہیں ہے میری جان یہاں جو تمھیں دیکھے ...سو بی ریلیکس

...اور کسی میں اتنی جرات نہیں جو آج سوہم خان کو ڈسٹرب کرے

اس کے کمر سہلاتے ہاتھ اور کندھے پر دہکتے سوہم کے لمس چھوڑتے لب وہ جی جان سے لرزی ..اس کی کمر کے گرد بازو لپیٹ کے سوہم نے اسے زرا سا اوپر اٹھا رکھا تھا..

وہ بمشکل ہی اپنے پیروں پر کھڑی تھی..

.....ہٹیے .....ہمیں کوئی بات نہیں کرنی آپ سے ...جائیے اس کومل کے پاس اسے لے کر آتے یہاں ہمیں کیوں لائے ...روحا نے دانت پیسے اور دوسرا پتہ پھینکا..

سوہم نے دلچسپی سے اس کا پھولا منہ دیکھا ...بے بی کل سے مجھے جلنے کی بو آ رہی ہے ...کیا تمھیں بھی آ رہی ہے؟ سوہم نے چھیڑا...

....اونہہہ ....جلے ہماری جوتی ...وہ ....وہ پر کٹی کبوتری اس کا اور ہمارا کیا مقابلہ برابری کی بھی ہوتی تو ہمیں صبر آ جاتا....جلدی سے بول کر اس نے دانت تلے لب کچلا ...اور اپنی جلد بازی کو کوسا..

وہ اس کے اتنے قریب اس کی بانہوں یہ کیا بول گئ تھی.

سوہم قہقہ لگا کر ہنس پڑا ....یعنی میری بے بی کی نازک سی جان کو صبر نہیں آ رہا...سوہم نے اسے بازوؤں میں اٹھایا..

..روحا نے گھبرا کر اسی کے سینے میں منہ دیا ..وہ اسے لئے اندر آیا

..کھانے کی ٹیبل تک آیا

مگر وہ ٹس سے مس نا ہوئی..اور منہ باہر نا نکالا

..سو ہم مبہم سا مسکرایا

روح بھوک لگی ہوگی میری جان .. ..نیچے اترو..کہ میری بانہوں میں رہنا میری جان کو اتنا اچھا لگ رہا ہے ..اسی لئے مجھ سے الگ ہونے کو تیار نہیں ...پھر بیڈ روم میں چلیں؟

...گھمبیر لہجے کی وہ سرگوشی

..روحا بوکھلا کر پیچھے ہٹی

..سوہم نے اسے نیچے اتارا ...مگر وہ نروس ہوتی انگلیاں چٹخانے بیٹھ گئی

.ہم فریش ہو کر آتے ہیں

...صرف پانچ منٹ جان ...فوراً باہر آؤ ..نہیں تو میں اندر آ جاؤں گا

..وہ اندر بھاگی

..مگر اس کی دھمکی سے ڈر کر کچھ دیر بعد ہی باہر آ گئی

.چہرے پہ پھسلتے پانی کے قطرے چاندی کی طرح دمک رہے تھے

..وہ سر جھکائے بیٹھ گئی

سوہم نے چھوٹے چھوٹے نوالے اسے کھلانے شروع کر دیئے جو وہ شرافت سے

.....کھاتی رہی

ہمارا پیٹ بھر گیا ..کچھ دیر بعد ہی وہ سوہم خان کی ایکسرے مشین جیسی نگاہوں سے شرم سے دوہری ہوتی ممنائی..

...یہ کیا جان .... تم سے زیادہ تو ایک چوزہ کھا لیتا ہوگا ..سوہم مسکرایا

..ہم نے چینج کرنا ہے ..وہ اٹھ کر بھاگنے لگی

..جب سوہم نے اس کی کلائی تھامی

..میں ہیلپ کروں ..وہ شوخ ہوا ..روحا کی جان پر بنی

..سوہم نے ایک جھٹکے سے پھر اسے بازوؤں میں بھرا

.سس ..سوہم.....وہ گھبرائی

..مگر وہ اسے بیڈ روم میں لا کر ڈور لاک کر چکا تھا

Yes my sleeping beauty.. Say I'm listening..

اب وہ اسے جس روم میں لایا تھا وہ مکمل مختلف قسم کے پھولوں سے سجا ہوا تھا..

..اسے بیڈ پر لٹا کر وہ اس پر جھکا

.....سوہم

..جی میری جان ...سوہم نے ہلکے سے اس کے بالوں میں انگلیاں پھنسائیں

..ہم آپ سے ناراض ہیں ..روحا کا لہجہ اور آنکھیں بھیگیں

..میں مناؤں گا؟ وہ اطمینان سے بولا..اور اس کے گرتے آنسو اپنے لبوں سے چنے

اگر میری جان کو ان سات سالوں کا حساب چاہیے جو میرے بغیر گزرے تو جان لو کہ ان سات سالوں میں، میں ایک پل بھی اپنی جان سے غافل نہیں رہا ..مجھے تم لوگوں کہ پل پل کی خبر تھی..

..روح کی آنکھیں تحیر سے پھیلیں ..آپ جھوٹ بول رہے ہیں ..وہ مچلی

ہر گز نہیں ..میری دھڑکن.....وہ غنڈہ یاد ہے جس نے تمھیں پیپرز کے دوران دو دن پریشان کیا اور تیسرے دن وہ غائب ہو گیا ..اسے میں نے ہی ہٹوایا تھا) ..دنیا سے اٹھا کے)

وہ دھیمے لہجے میں کہتا اس پر آگاہی کا عزاب نازل کر رہا تھا ..شدید حیرت زدہ سی وہ اسے دیکھے گئی..

سوہم نے ہاتھ کے انگوٹھے سے اس کے گداز لب سہلائے..

کیا دیکھ رہی ہو جان...

سوہم .....بی جان ...آ ....آپ سے کیوں ناراض تھیں ..کک .کیا .کیا تھا آپ نے...

..تمھارے ہر سوال سر آنکھوں پر جان ہر سوال کا جواب دوں گا وقت آنے پر ابھی نہیں ..ابھی مجھے خود کو محسوس کرنے دو ...سب بھول جاؤ ..صرف میرے بارے میں سوچو ..میری بے پناہ محبت محسوس کرو...

وہ کہتا اس کے گداز لبوں پر جھک چکا تھا ..پر حدت لمس ..سوہم کے عمل میں آج پھر شدت تھی..

روحا بری طرح کسمسائی..

وہ پیچھے ہٹا ...برداشت کرو .....میری جان میری محبت کی شدت .. تمھیں کرنا پڑے

..گا ...کہتا وہ شرٹ اتار کر دور اچھال چکا تھا

..کمرے میں ملگجا اندھیرا تھا

روحا نے گھبرا کر اس کے سینے میں پھر منہ چھپایا..مگر کمر پہ کھلتی زپ لمحہ بہ لمحہ

... کھسکتی میکسی نے اس کی روح فنا کی ..وہ مچلی

...مگر آج سوہم خان کی جنونی اور دیوانگی بھری گرفت سے نکل پانا نا ممکن تھا

...سو چپ چاپ خود کو اس کے سپرد کر دیا

پاشا خفیہ رستوں سے چھپ چھپا کر ٹونی کے ساتھ بادشاہ کی موجودہ لوکیشن پر پہنچا تھا

مگر بے سود

..وہ بزدل وہاں سے بھی بھاگ چکا تھا

وہاں پر موجود اس کے کتوں کو ابدی نیند سلانے کے بعد ایک خاص آدمی ہاتھ لگا...

..ٹونی نے اس کو گھٹنوں کے بل پاشا کے آگے جھکایا

...اگر موت آسان چاہتے ہو تو بادشاہ کہاں ہے بتا دو .....پاشا کا سرسراتا لہجہ

..وہ تو پہلے ہی خود کو پاشا کہ ہتھے چڑھتا دیکھ تھر تھر کانپ رہا تھا

... مم ..مجھے نن . نہیں معلوم پاشا ...مجھے چھوڑ دو

..چھوڑ دیا ...تیز دھار آلے نے اس کی گردن دھڑ سے اکھاڑی تھی

. خون کے فوارے پاشا کی شرٹ پر گرے

. سر یہ .....ٹونی بوکھلایا

..اسے کچھ بھی معلوم نہیں تھا ..اس لئے میرے کسی کام کا نہیں تھا

..پاشا نے اسے پاؤں سے ٹھوکر لگائی

...اور وہاں سے نکلے فون بجا

.پاشا نے تیزی سے وہاں سے نکلتے فون لیس کر کے کان کو لگایا

..مگر آگے سے جو خبر ملی ایک مرتبہ تو پاشا بھی ہل گیا تھا



کبیر واپس جانے کی تیاری کر رہا تھا

جب فون رنگ ہوا...یس کر کے کان کو لگایا

.بولو قدیر ..گاڑی میں بیٹھتے مصروف سا انداز تھا

...سر بہت بری خبر ہے .....قدیر گھبرایا سا تھا

اگر تو وہ تمھاری میم کے مطلق ہے تو زندہ گاڑھ دوں گا قدیر ..کیونکہ میں اسے
..تمھاری زمہ داری پر چھوڑ کر آیا تھا .... تمھیں اس کی حفاظت کرنی تھی

..سوری سر وہ .....وہ گھگھیا گیا

..بولو قدیر ...کیا ہوا؟ وہ دھاڑا

سس ...سر وہ بابا آئے تھے .. میم رات کو پتہ نہیں کہاں چلی گئیں ...ایک نوٹ لکھ کر گئیں ...کہ وہ کہیں ایسی جگہ جا رہی ہیں جہاں آپ کا سایہ تک نہ پڑے ...ان پر

..بابا کو بھی سب بتا دیا مگر وہ آپ سے ہی مدد مانگنے ائے تھے

اور تم کہاں مرے ہوئے تھے .....کبیر کا دل کیا اسے فون میں سے ہی شوٹ کر دے..

سر .....کل میری بیوی بیمار تھی میں گھر چلا گیا ..اس نے شرمندگی سے حقیقت بتا دی...

ڈھونڈو اسے ...آ رہا ہوں میں ...مگر یاد رکھنا ..اسے کچھ ہوا ..یا بادشاہ کے ہاتھ لگ گئی ....یا پھر نا ملی تو پورا شہر جلے گا...

..یا تمھیں زندہ جلا دوں گا ...کبیر کا دل کیا دنیا تہس نہس کر دے

زمل کبیر ابراہیم یہ تم نے اچھا نہیں کیا ...مرو گی میرے ہاتھوں ..کبیر نے دانت کچکچائے.

....اور آگ کا گولہ بنا گاڑی میں بیٹھا

... صبح رحاب کی آنکھ کھلی

.جان لیوا سی انگڑائی لے کر بیدار ہوئی

سرخ میکسی اب تک جسم پر موجود تھی ...وہ تو پاشا کی اتنی سی ہی پر شدت جسارتوں سے نڈھال ہو گئی تھی ..کہ اس کے جانے کے بعد یونہی چینج کیے بغیر ...ہی سو گئی تھی

پاشا کے اور رات کے بارے میں سوچ کر شرمیلی سی مسکان نے چہرے کا احاطہ کیا...

دروازے پر ہلکی سی دستک ہوئی تو اٹھی ...اور دوپٹہ اٹھا کر اپنے وجود کے گرد اچھے سے لپٹایا..

دروازہ کھولا تو سامنے ریشماں تھی..

رحاب نے نظریں جھکائیں....

ریشما نے مسکرا کر اس کا شرمایا روپ دیکھا..

پاشا کہاں ہے ...بچی .....رحاب نے اندر آنے کا اشارہ کیا..

...ریشماں اندر آئی

..وہ تو رات ہی کہیں چلے گئے تھے ..رحاب نے اشارہ کیا ..ریشماں کا صدمہ لگا

یقیناً کوئی غیر معمولی بات ہوگی جو وہ اپنی رحاب کو اپنے جنون اور ارمانوں کو ادھورا

..چھوڑ کر چلا گیا تھا

.ریشماں پریشان ہوئی پر رحاب پر ظاہر نہ ہونے دیا

..اپنا خیال رکھو بچی ... تمھیں ایک کھروچ بھی آئی تو وہ آکر وائٹ پیلس جلا دے گا

..وہ شرم سے دوہری ہوئی

..ریشماں اسے پیار کرتی کمرے سے نکلی

..فوراً راسم کو بیسمنٹ بلایا

جی حکم ریشماں ...؟

..پاشا کی کیا خبر ہے

ٹونی آیا تھا ریشماں ...بادشاہ کے پیچھے گیا ہے ...مجھے ایک جگہ بلایا ہے جانے لگا ہوں ..وہ اس وقت گھمبیر سنجیدگی سے بولا..

....ٹھیک ہے جاؤ



..پاشا بادشاہ کے اڈے سے نکل کر اس کے تعاقب میں تھے

..پوری رات گزر چکی تھی

وہ اپنی مخصوص جگہ گئے تھے ..جب فون رنگ ہوا

.رسیو کر کے کان کو لگایا

.....یس

سر بری خبر ہے ...بادشاہ نے انٹرنیشنل کریمینل جیک کو ساتھ ملایا ہے جس کا نیٹ ورک اس پچھلے مہینے میں سوہم خان نے تباہ کیا ...اور اب اس نے کچھ بڑا پلان کیا ہے...شاید سوہم خان کا ہی پیچھا کر رہا ہے وہ...

..سوہم خان پر اٹیک ہونے والا ہے سر

...ٹھیک ہے ...اور کوئی خاص بات

....یہی تھی سر

...پاشا نے فون بند کیا

...ایوری تھنگ اوکے سر ...ٹونی نے پاشا کی خون میں نہائی آنکھیں دیکھی

سوہم پر اٹیک ہونے والا ہے ...میں نے ریڈ سگنل بھیج دیا ہے ....اکیلا ہوتا تو جیک کا باپ بھی ہوتا وہ آسانی سے ہینڈل کر لیتا..پر اب اس کے ساتھ اس کی وائف ہے..

..پتا نہیں ہم ان جھنجھٹوں میں کیوں پڑے

پاشا کے اعصاب چٹخے

..... سخت جھنجھلایا

...تبھی کبیر کا فون آیا

...رسیو کر کے کان کو لگایا

.بھائی ....پکار میں صدیوں کا درد تھا ..کبیر خاموش ہو گیا

..پاشا بے تحاشا چونکا

....بنایا executioner کیا ہوا کبیر .....بولو ....جلدی کرو ..میں نے تمھیں

..اس لئے نہیں کہ کمزور پڑو

پاشا نے دانت پیسے

بھائی وہ زمل ...کبیر کی رگیں تنیں ہوئی تھی ..چہرہ لال انگارہ .....وہاں پہنچ کر وہ ...ہر ممکنہ جگہ اسے تلاش کر چکا تھا ...مگر وہ کہیں نہیں تھی

جانتا ہوں. .....خبر ہے مجھے . ....آگے بولو . ..... نہیں ملی..؟

پاشا پھنکارا

...نہیں .....کبیر کا لہجہ شکست خوردہ تھا

گدھوں کی فوج پال رکھی ہے کبیر تم نے ....جو ایک کام ڈھنگ سے نہیں کر سکے.اس کی حفاظت کا بول کر گئے تھے ناں .....کی انھوں نے...؟ اب ہٹاؤ ...ان سب کو اپنے ارد گرد سے

...مگر میرے آدمی گدھے نہیں ہیں ....پتہ ہے مجھے وہ کہاں ہے ..

کہاں ہے بھائی ...کبیر بے قرار ہوا..اسے پتا تھا اس کی مشکل کا حل صرف Deadly Pasha کے پاس ہی ہو سکتا ہے..

جہاں بھی ہے ...خیرت سے ہے اور محفوظ ہے ...فی الحال ایک ایڈرس بھیج رہا ہوں وہاں جا کر بادشاہ کی موجودگی کا پتہ لگاؤ .....وہ خود نا بھی ہوا تو بھی آگ لگا کہ بھسم کر دینا ہر چیز ...

..مگر بھائی ..وہ زمل ....اس کی سوئی زمل پر اٹکی ہوئی تھی

شٹ اپ کبیر ...اب تڑپ رہے ہو اتنے گٹس ہونے چاہیں تھے کہ سوہم کی طرح پہلے ہی اٹھا لاتے ...اور رہی زمل کبیر ابراہیم کی بات تو اب اسے پاشا ابراہیم خود وائٹ پیلس لا کر تمھارے کمرے میں پٹخے گا ...اب خوش ...اب اپنے کام پر دھیان دو ..پاشا غرایا..

وہ بھائی.

نو مور آرگیو .....کبیر ابراہیم ..پاشا دھاڑا اور فون بند کر دیا ..مگر کبیر کے چہرے پر اتنی دیر میں پہلی مرتبہ مسکراہٹ کھلی تھی..

مگر پھر اعصاب چٹخے

کہہ تو بھائی سہی رہے ہیں ...گدھے پال رکھے ہیں میں نے..

..اس نے دانت کچکچائے



سوہم بہت دیر سے اس کے سینے پر سر رکھے گہری نیند سوئی روح کو مسکراتے دیکھے جا رہا تھا..

.وہ دایاں ہاتھ نرمی سے اس کے بالوں میں پھیر رہا تھا

.....کیا تھا وہ اور اس نازک سی جان نے عاشق ہی بنا دیا تھا اسے تو

..وہ اس کی شدتوں سے نڈھال .. تھکی ٹوٹی گہری نیند میں تھی

..فریش ہو کر سوہم کی ہی وائٹ ٹی شرٹ پہن آئی تھی

..اور اب وائٹ پری لگ رہی تھی

سوہم کا دل پھر بے ایمان ہوا ....چیختے چنگھاڑتے دل کی فرمائش پر پھر اسے سینے

...میں بھینچا

.وہ ٹس سے مس نا ہوئی

.اسے سیدھا کر کے ماتھے سے شہادت کی انگلی چن تک لایا

...نیند میں روحا کو چہرے پر کوئی چیز رینگتی محسوس ہوئی

چن سے انگلی بیوٹی بون تک آئی...اس سے آگے کی گستاخی کرنے سے پہلے پٹ سے آنکھیں کھلیں تھی روحا کی

..بوکھلا کر سوہم خان کا ہاتھ روکا ....وہ گہرا مسکرایا

..روحا جھنجھلائی

..سوہم پلیز سونے دیں ہمیں .....اس کے سینے میں منہ دے لیا

ابھی وہ اس کی ادائیں انجوائے کرتا کہ فون پر بجنے والی بیل نے سوہم خان کے تاثرات سیکنڈوں میں بدلے تھے...

اسے تو پہلے ہی چھٹی حس کچھ غلط ہونے کا سگنل دے رہی تھی ..مگر وہ روح کے وجود میں ایسا گم ہوا کہ دنیا بھلا گیا..

بجلی کی سی تیزی سے وہ روحا کے خود سے لپٹائے بیڈ سے نیچے گرا تھا ..

تبھی ریزورٹ پر گولیوں کی برسات ہوئی تھی .

لکڑی کے بنے ریزورٹ کی دیواریں ان گولیوں کے آگے ریت کی دیوریں ثابت ہوئیں تھیں..

گولیوں کی بوچھاڑ سے بیڈ کے گدے اور تکیوں کے پرخچے اڑ رہے تھے.....

روحا چیخی....

..بیڈ کے نیچے سے سوہم نے اپنی گنز نکالیں

دشمن کی اتنی بڑی جرات پر ایک غم و غصے کا طوفان سا اٹھا تھا سینے میں جو

...سے بھی کچھ برا بنا گیا تھا executioner بہت جلد اسے

دشمن نے سمجھا وہ اپنا کام تمام کر چکے ہیں ...نہیں جانتے تھے کس طوفان سے

..الجھے ہیں

.پھر سوہم خان کی گنز نے آگ اگلی تھی ...اور اس کا نشانہ کبھی چوکتا نہیں تھا

..روحا نے صدمے سے گنگ اسے دیکھا

..یہ اس کا کچھ دیر پہلے والا ...مہربان سی مسکان والا سوہم خان تو نہیں تھا

سوہم نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر اسے خود میں بھینچا ..اور سیکرٹ رستے سے باہر نکل کر موت کا فرشتہ بن گیا...

وہ .....آج سوہم خان کا وہ روپ دیکھ رہی تھی جو اسے ہر گز نہیں دیکھنا چاہیے تھا..

خوف سے وہ لٹھے کی طرح سفید پڑ چکی تھی.

اور یہ خوف کسی اور کا نہیں سوہم خان کی دہشت اور درندگی کا تھا جو اس کے دل میں بیٹھ رہا تھا..

وہ اسے بازو سے گھسیٹتا جہاں سے گزر رہا تھا لاشوں کا ڈھیر لگا رہا تھا..

شہہ رگوں پر بجتی سوہم خان کی گن کی گولیاں سامنے والے کی گردنیں کمروں سے لٹکا رہی تھی..

وہ تیزی سے اپنا بچاؤ کرتا ..مقابل کو موت کے گھاٹ اتار رہا تھا..

اور وہ بے تحاشا روتی یہ سب دیکھ رہی تھی.

اب تک وہ درجنوں خون کر چکا تھا وہ بھی اس کی آنکھوں کے سامنے..

کاش وہ یہ سب دیکھنے سے پہلے مر گئی ہوتی....

ہر طرف فائرنگ کی آواز تھی ..وہ دونوں خون میں نہا گئے تھے..

ریزورٹ سے تو کب سے نکلے اب ناریل کے درختوں کے بیچ وہ اسے سینے سے لگائے ہر طرف دیکھ رہا تھا..

جو سوہم کی ہی گھٹنوں تک آتی وائٹ ٹی شرٹ اور وائٹ ٹراؤزر میں تھی ..سفید کپڑوں پر سرخ خون کے دھبے..

وہ بے تحاشا رو رہی تھی.

اششش روح کچھ نہیں ہوگا ...رونا بند کرو ...میں کچھ نہیں ہونے دوں گا تم.....

ابھی وہ کچھ اور کہتا کہ

جب ایک شعلہ سا سوہم خان کے کندھے سے نکلا تھا اور خون کے چھنٹے روحا کے اوپر گرے...

صرف چہرہ سرخ ہوا سوہم خان کا ..جگہ سے تو وہ ایک انچ بھی نا ہلا...

سس ..سوہم کہہ دیں کے یہ خون آپ کا نہیں ...آپ .کک ...کو گولی لگی....؟

روحا کے اب خوف ودہشت سے حواس سلب ہونے کو تھے.

نہیں جان یہ خون میرا نہیں ...میں ٹھیک ہوں ...گھبراؤ نہیں ....وہ سکون سے کہتا اسے بازو سے پکڑے پھر تیزی سے لاشیں بچھاتا وہاں سے نکلا

.سوہم آپ انھیں کیوں مار رہے ہیں ..وہ چلائی

یہ ہمیں مارنے آئے ہیں تو کیا پھولوں کے ہار پہناؤں انھیں ..وہ غصے سے کہتا ..اسے ساتھ گھسیٹے تیزی سے فائرنگ کرتے چل رہا تھا

آئی ہیٹ یو سوہم ...ہمیں آپ جیسے قاتل اور خونی کے ساتھ نہیں جانا ..چھوڑیں ..ہمیں .....وہ بے تحاشا روئی ..اور مچلی

روح پاگل مت بنو ...چلو..مجھ سے دور جانے کا سوچا بھی تو سانسیں چھین لوں گا ..تمھاری ..وہ غرایا

ایک تو کندھے پہ لگی گولی اوپر سے اس کی باتیں سوہم کا دماغ گھمانے کو کافی تھی..

ایک چھپی ہوئی جگہ اس نے لا کر روحا کو گاڑی میں دھکیلا ...خود بہت تیزی سے گاڑی میں بیٹھ کر گاڑی سٹارٹ کی...

وہ مسلسل شور مچا رہی تھی..

میری سلیپنگ بیوٹی .. تم سوتے ہوئے ہی اچھی لگتی ہو ..یہ کہہ کر سوہم نے روحا کی گردن پر ایک نازک سی جگہ دباؤ ڈالا ...تو وہ بے ہوش ہو کر فرنٹ سیٹ پر اس کے کندھے پر لڑھک گئی..

...اتنی ٹینشن میں بھی وہ مبہم سا مسکرایا



سوہم نے حملہ آوروں کو ٹکھانے لگا دیا تھا

انھیں آسانی سے چکما دے کر نکل آیا تھا

...اسے لئے اپنے بندوں کے بیچ محفوظ مقام تک پہنچا تھا

..اسے اپنے بیڈروم میں پہنچا کر زخم پر توجہ دی

..گہرا نہیں تھا مگر کافی خون بہہ گیا تھا .ڈاکٹر کو بلوایا مرحم پٹی کروائی

...پاشا کا فون آیا

ٹھیک ہو؟ روحا محفوظ ہے ؟

..بلکل پاشا کسی کے باپ میں بھی اتنی ہمت نہیں کہ ہماری فیملی تک پہنچے

....اور جو تمھیں گولی لگی ہے

میں ٹھیک ہوں ...مگر اب جیک نے اتنی ہمت کی ہے تو اس کو انعام دینا تو بنتا ہے.

..سوہم ابھی آرام کرو ...روحا کو سنبھالو ..وہ ڈر گئی ہو گی

...اسے لے کر واپس آؤ

...لیکن

...دس از مائی آرڈرز .....نو آرگیو ...ناؤ ڈو واٹ آئی سے

.اوکے .....ایک حرفی بات کر کے اس نے فون رکھا دیا

...اور بیڈ روم میں آیا

..روح میری جان ...وہ شرٹ لیس .....کندھا پٹیوں میں جکڑا اس کے اوپر جھکا تھا

..جب بے حد درد محسوس ہوا تو اس کے ساتھ ہی اس کے پہلو میں لیٹ گیا

روحا نے دھیمے سے آنکھیں کھولیں ..خوف سے زرد پڑتی فورا اٹھ بیٹھی...پاس ہی وہ

...پٹیوں میں جکڑا لیٹا تھا

..اور خوفزدہ ہوئی

...روح .....سوہم نے پکارا

یہ ...یہ .ہم نے کہا تھا ناں آپ کو گولی لگی ... جھوٹے ہیں آپ ...وہ اسے اس

.حالت میں دیکھ کر پھر پھوٹ پھوٹ کر روئی

..سوہم نے جان نثار کرنے والے انداز میں اسے دیکھا .. کھینچ کر اسے سینے پر گرایا

..روتی بسورتی سینے پر بکھرے اس کے بال وہ سیدھا اس کے دل میں اتر رہی تھی

مجھے گولی لگی ہے ...علاج صرف تمھارے پاس ہے ...میری زندگی ...جزبات سے

..بوجھل گھمبیر آواز ..سوہم نے پھر اس کے لب سہلائے

..کیا .ہم ....کیا کر سکتے ہیں ..وہ سوں سوں کرتی بولی

مجھے اتنا پیار دو کہ میں یہ درد بھول جاؤں ...مجھے ادھر کس چاہیے ...سوہم نے

..کندھے پر اشارہ کیا

..نہیں ...ہم . نہیں کریں گے ..آپ کو درد ہوگا ...وہ سسکی

..سوہم کے سینے پر گرتے اس کے آنسو اب سوہم کو تکلیف دے رہے تھے

...اسے نیچے گرا کر اس پر حاوی ہوا

مسز سوہم خان ...فوراً سے پہلے رونا بند کرو ...سوہم نے وہ آنسو لبوں سے چنے..اتنی

..تو مجھے گولی سے تکلیف نہیں ہوئی جتنی یہ آنسو دے رہے ہیں

جلدی کرو یار ...سوہم نے اسے اکسایا ...پیار کرو مجھے ...وہ اسے خود میں الجھانا

چاہتا تھا

..تاکہ وہ سب بھول جائے

..کچھ ہی دیر میں سوہم نے اسے پور پور محبت کی بارش میں بھگو ڈالا

..سوہم اتنے درد میں بھی بے خود سا ہو کر اس کے نرم و نازک لبوں پر جھکا تھا

..واقعی کچھ دیر میں سوہم خان نے اسے دنیا بھلا دی تھی

🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺🌺

..سر پاشا آپ کو ہر جگہ تلاش کر رہا ہے

مگر آپ کراچی میں ہی ہیں اس بات کی بھنک نہیں لگی اسے

سارے اڈے تباہ کر دیئے ہیں ..وہ طوفان بنا تباہی مچاتا پھر رہا ہے ..آپ کے سارے بینک اکاؤنٹس بھی لاک کر دیئے..

میڈیا کو آپ کے کالے دھندوں کے سارے ثبوت ھی دے دیئے.

اور حرام خور تو بڑے فخر سے مجھے سب سنا رہا ہے .....کچھ کیا نہیں ..کہا تو تھا کہ ان کی کوئی کمزوری ڈھونڈ.

اسے میرے پاس لا...بادشاہ نے منہ سے جھاگ اڑائی

...ان کی کمزوریاں تو کلفٹن میں بنے وائٹ پیلس میں ہی ہیں سر

...تو اٹھا لاؤ

...یہ تو کسی دیوانے کا خواب ہی ہو سکتا ہے سر

کیوں ایسا کیا ہے؟ وائٹ پیلس کے باہر کیا جن پہرے دیتے ہیں ..یا پاکستان کی فوج کھڑی ہے .. جنھیں پار نہیں کیا جا سکتا ..بادشاہ نے تمسخر اڑایا.

وائٹ پیلس نہیں ..اس کے گرد پانچ کلو میٹر کے گھیرے میں کوئی غیر متعلقہ آدمی گھسے تو وہ دوبارہ نہیں دیکھائی دیتا..

پاشا کا علاقہ ہے وہ معمولی بات نہیں ..کوئی اس گھیرے میں اندر نہیں جا سکتا.

کوئی اندر نہیں جا سکتا ..مگر وہاں سے کوئی باہر تو آ سکتا ہے ناں خبیث ...پاشا نامہ بند کر اور کوئی کام کی خبر سنا ..بادشاہ موت کے خوف سے پاگل ہو چکا تھا ..اسے لئے اپنے آدمیوں پر بھونک رہا تھا.

..سر ایک لیڈ ہے ..پچھلے کچھ دن پہلے ہی سوہم نے ایک آدمی کا خون کروایا تھا اس کی بیوی کو پریشان کرتا تھا شاید ...اس کا بھائی بدلہ لینا چاہتا ہے اس چھوکری ..سے اور اس سوہم سے..وہ ہمیں اس کی بیوی اور خاندان تک پہنچا سکتا ہے

یہ ہوئی نا کرنے والی بات ...اب جلدی سے کام پہ لگ جاؤ ..مجھے سوہم خان کی .....معشوقہ چاہیے ..ہر قیمت پر ..سنا تم نے

..جو حکم سر



..سوہم روحا کو لئے شام ڈھلے وائٹ پیلس پہنچ چکا تھا

.دونوں کمرے میں آئے ...ابھی وہ کچھ اور کہتی سوہم اس کے قریب آیا

مجھے ابھی جانا ہوگا جان ...اپنا خیال رکھنا ..اوکے

..کہہ کر اس کے ماتھے پر نرمی سے محبت کی مہر ثبت کی اور نکلتا چلا گیا

...پیچھے وہ جھنجھلائی ...افففف طبیعت خراب ہے پھر بھی چین نہیں انھیں

.وہ ریشماں اور رحاب کے پاس چلی آئی

....فانیہ اور ریحاب اداس سی تھیں

..پورا دو دن ہو گئے تھے انھیں غائب ہوئے اور اب سوہم بھی کہیں چلا گیا تھا



.پاشا اور راسم ہر جگہ بادشاہ کو تلاش کر رہے تھے

.. جب سوہم کی کال آئی

.....یس سوہم

میں پہنچ گیا ...اور خبر ملی ہے کہ بادشاہ کراچی میں ہی ہے ...اور جیک بھی .....کبیر آیا؟

نہیں وہ وہاں پہ بادشاہ کہ تمام ٹھکانے جلا چکا ہے .. تم بھی پہنچو وہ بھی پہنچنے والا ہے ...اب ہم چاروں کو فیس کرنا ہوگا دشمن کو .....پاشا اب وہ طوفان بن چکا تھا جسے روکنا ناممکن تھا.

کیونکہ ٹونی نے جو خبر سنائی تھی ...وہ وائٹ پیلس پر حملہ کرنے کے پلین کی تھی ...اور اب بادشاہ کو پاشا کے عتاب اور غیض و غضب سے کوئی نہیں بچا سکتا تھا..



وہ تینوں مصروف سی لاؤنج میں بیٹھی تھیں جب فانیہ بوجھل طبیعت کی وجہ سے اپنے کمرے میں اور روحا بچوں کے بلانے سے دوسری طرف چلی گئی...

تبھی روحا کا موبائل بجا..

اور دس منٹ تک بجتا ہی چلا گیا.

...پہلے تو روحاب دیکھتی رہی کہ روحا آ جائے ...مگر فون کرنے والا بڑا بے صبرا تھا

..وہ گہری مسکرائی ..یقیناً سوہم خان ہوگا

...یہ سوچ کر کی سوہم کی بات سن کر وہ میسج ٹائپ کر کے جواب بھیج دے گی

..فون یس کر کے کان کو لگایا

مگر

ہیلو ... غور سے سنو تمھاری دادی اور نانی ہمارے قبضے میں ہیں ..اگر ان کی سلامتی چاہتی ہو تو وائٹ پیلس میں کسی کو بھی بھنک لگائے بغیر باہر آؤ ....دائیں طرف سے دو گلیاں چھوڑ کر ایک رکشے جسے عورت چلا رہی ہو گی اس میں بیٹھ جاؤ ....ہمیں ان بوڑھی جانوں سے کوئی لینا دینا نہیں

(..پیچھے سے دو بوڑھی سی ضغیف سی چیخنے چلانے کی آوازیں بھی آ رہی تھیں)

مگر ہمیں تم چاہیے ہو ..اب فون رکھے بغیر چپ چاپ اٹھ جاؤ ...اور پانچ منٹ کے اندر باہر آؤ..فون رکھا تو ان کے بھیجے اڑا دوں گا

.رحاب کی جان پر بن آئی نا کسی کو بتا سکتی تھی نا فون رکھ سکتی تھی

..وہ کچھ سوچنے سمجھنے کا موقع ہی نہیں دے رہے تھے

ایک مرتبہ تو پاشا کہ الفاظ کانوں میں گونجے

.. مجھ سے دور مت جانا ... کبھی نہیں

.پھر روحا کا خیال آیا

.پھر بغیر سوچے سمجھے چپکے سے اٹھی

فون کرنے والے بھی لگتا ہے ایک ایک بات جانتے تھے

..اس وقت گارڈز کی تبدیلی کا وقت تھا

....وہ آسانی سے کسی کی نظروں میں آئے بغیر وائٹ پیلس کا گیٹ پار کر گئی

دو گلیاں چھوڑ کر بند رکشے میں چہرے پر خباثت سی لئے ایک عورت بیٹھی تھی

...وہ رکشے میں بیٹھ گئی

عورت نے پیچھے مڑ کر اس کے چہرے پر سپرے کیا..وہ بے ہوش ہو کر وہیں لڑھک گئی...



سوہم پاشا، کبیر اور راسم مخصوص جگہ بیٹھے اگلا لائحہ عمل ترتیب دے رہے تھے..

جب ٹونی اور ریما . سخت طیش میں بغیر اجازت اندر داخل ہوئے تھے..

پاشا اور وہ سب بے تحاشا چونکے.

کیا بات ہے ٹونی، ریما اس گستاخی کا مطلب ...پاشا سنجیدہ سا بولا

..سر یہ

...اس نے ایک ریکارڈنگ سنائی

ریکارڈنگ سننے کے ساتھ ہی وہاں موجود سب کے تاثرات خطرناک حد اختیار کر چکے تھے.

سوہم کی جان لبوں پر ائی ..وہ جو کوئی بھی تھا روحا کو وائٹ پیلس کے باہر آنے پر مجبور کر رہا تھا ..

تمام گفتگو سن کر وہ اپنی جگہ سے کھڑے ہویے تھے.

امید ہے روحا وائٹ پیلس سے باہر نا نکلی ہو تمھیں انفارم کیے بغیر ..پاشا نے پریشانی سے کہا.

..ریما نے پہلو بدلہ

پاشا وہ ایسا کر چکی ہے فون کی لوکیشن اس وقت وائٹ پیلس کے باہر مسلسل چینج ہو رہی ہے...اور جیک کے اڈے کا پتا چلا ہے ....بادشاہ اور وہ دونوں الگ الگ رہ کر دو طرف سے حملہ کرنے والے ہیں..

سوہم تم روحا کی لوکیشن ٹریس کرتے ہوئے اس کے پیچھے جاؤ..تمھارے ساتھ کبیر جائے گا ..مجھے یقین ہے بادشاہ اسے جہاں خود چھپا ہے وہاں پہ ہی لے کر جائے گا...

..میں جیک کا سر کچل کر جلد از جلد تم تک پہنچنے کی کوشش کروں گا

وہ خونی آندھی طوفان بنے سب کچھ تہس نہس کرنے کے ارادے سے وہاں سے نکلے تھے..



.پاشا اور راسم جیک کے ٹھکانے پہنچے تھے

..مگر وہ پہلے سے تیار تھے مگر سامنے بھی پاشا تھا

بہت جلد

..بہت تیزی سے پاشا نے اس کے بندوں کا سر کچلا تھا

جیک کے پسینے چھوٹے

جب پاشا نے اس پر گھیرا تنگ کیا تو اس نے بزدلوں کی طرح بھاگنے کی کوشش کی

.مگر اب پاشا کی ڈیتھ بک میں اس کا اور بادشاہ کا نام ٹاپ آف دا لسٹ تھا

.سو اس کا بچ نکلنا ناممکن تھا

ٹونی اور راسم نے بہت جلد اسے قابو کر کے پاشا کے سامنے گھٹنوں کے بل جھکایا تھا..

Any last wish.....

پاشا پھنکارا..

You can't beat me.....

جیک موت کے خوف سے چنگھاڑا..

Although I have done so.....

پاشا کا ہاتھ تیز دھار آلہ لئے دائیں سے بائیں گھوما تھا.

اور جیک کی گردن پیچھے کمر سے جا لگی تھی..

جلا دو یہ جگہ ...راکھ بھی نا بچے .پاشا دھاڑا

.چھوٹے سے بم سے دشمن کو نیست و نا بود کرتے وہاں سے نکلے تھے

..جلدی چلو زرا بادشاہ کو بھی اسکی جرات کا انعام دیں



...سوہم بہت جلد ایک بہت پرانے فارم ہاؤس کی عمارت کے باہر پہنچ چکا تھا

سوہم خان کے سیدھے دل پر وار کیا گیا تھا .وہ عمارت کے باہر کئی درندوں کو ابدی نیند سلا چکا تھا

..اور یونہی موت کا فرشتہ بنا دھڑلے سے سامنے گیٹ سے اندر داخل ہوا

...مگر لاؤنج میں داخل ہوا تو بادشاہ کا مکروہ قہقہہ چاروں اور گونجا

سوہم خان کے سر پر چاروں طرف سے گن تانی گئیں تھیں

...مگر وہ اطمینان سے کھڑا تھا ..لیکن دل میں غم وغصے کے طوفان اٹھ رہے تھے

.وہ کوئی ایکشن نہیں لے رہا تھا..لے ہی نہیں سکتا تھا

..ان کے پاس اس کی روح تھی

..مگر سکون اس لئے بھی تھا کہ بہت جلد پاشا پہنچنے والا تھا یہاں

..وہ روح ...جس میں اس کی خود کی روح اٹکی تھی

... میری توقع سے بہت جلد پہنچ گئے یہاں...executioner ویلکم ویلکم

...تمھاری طرف تو پرانا حساب نکلتا ہے ..کالی کو مارا تم نے ..بھائی تھا وہ میرا

اسے چھوڑ دو بادشاہ ..بزدلوں کی طرح عورتوں کو بیچ میں کیوں لا رہے ہو ..مرد کے بچے ہو تو مجھ سے مقابل کرو..

.نہیں ..نہیں بننا مجھے مرد کا بچہ ....میں تو اتنا ہی کمینہ اور خبیث ہوں

اے لاؤ اسے ..زرا اس کے یار کے سامنے اس کا تماشا دیکھیں..کیا پتا اپنے عاشق کے سامنے بولنے لگے..

سوہم کی رگوں میں خون لاوا بن کر دوڑا..

مگر اسے عجیب لگا..

روحا کے چیخنے چلانے کی آواز کیوں نہیں آ رہی تھی..

یہ راز بھی جلد ہی کھل گیا..

کیونکہ اس کا آدمی جس نازک سی جان کو بازو سے گھسیٹتا باہر لایا تھا.

وہ روحا نہیں...

کی رحاب Deadly Pasha..رحاب تھی...

...سوہم چونکا

...مگر سوہم کو کچھ بھی سوچنے کو موقع دیئے بغیر

بڑا شوق ہے تمھیں دوسروں کی شہہ رگ اڑانے کا لو آج اپنی معشوقہ کو ایسے مرتے دیکھو..

.. یہ کہہ کر بادشاہ نے فائر کیا تھا ..جو کہ رحاب کی گردن پر لگا

...وہ کٹی پتنگ کی طرح فرش پر بے جان ہو کر گری

طوفان کی طرح اندر آتے پاشا کے یہ قیامت خیز منظر دیکھ کر قدم وہیں تھمے تھے....

اب بادشاہ نے اپنی ہر حد پار کر دی تھی ..وہ سہی معنوں میں بنے ان پر چھپٹے تھے executioners..

...اپنی پرواہ کیے بغیر

کیڑے

..مکوڑوں کی طرح اس کے کتے چاروں اور سے نکل کر ان پر حملہ کر رہے تھے

.مگر سوہم کی شہہ رگیں اڑاتی گولیاں.، پاشا کا جسموں کے ٹکڑے کرتا تیز دھار آلہ

کبیر اور راسم کی ہڈیاں کڑکاتی جمناسٹکس سے بہت جلد وہاں لاشوں کے ڈھیر بچھ چکے تھے..

بادشاہ بھاگنے لگا ..راسم نے اسکی گردن دبوچی ..اور اس سے پہلے وہ اس کی گردن مروڑ دیتا...

راسم مجھے یہ زندہ چاہیے ...پاشا دھاڑا اور رحاب کی جانب بڑھا..

نہیں نہیں ..دیکھو سوہم خان میں نے تمھاری معشوقہ کا کیا حال کیا ...فورا میری شہہ رگ اڑا دو ..مار ڈالو مجھے ..وہ گھگھیا گیا..

پاشا کے ہاتھوں تل تل مرنے سے آسان اسے سوہم خان کی دی گئی موت لگی....

جاؤ ...پاشا دھاڑا ..راسم اور کبیر نے اس کے سر پر ایک ضرب لگائی ..وہ بے ہوش ہوگیا ..اسے لئے چلے گیے.

...سوہم اور پاشا رحاب کے قریب آیے ....گردن سے نکلتا تیزی سے خون

...پاشا کا چہرہ بھی برداشت کی شدت سے خون رنگ ہو چکا تھا

..اسے بازوؤں میں بھرا

سوہم نے نبض ٹٹولی .....ہلکی سی زندگی کہ رمق تھی ...جو وہ بجھنے نہیں دینے

..دینا چاہتا تھا

...پاشا بلکل ساکت ہو چکا تھا ..بلکل پتھر

.....سنگلاخ چٹانی پتھر

...اس کے لاشعور کا ڈر اس کے سامنے آ چکا تھا

.سوہم نے رحاب کو اس کے بازوں سے لیا اور تیزی سے باہر نکلا

.اس کا رخ سیدھا ہوسپیٹل تھا

پاشا مخصوص سٹائل میں پینٹ کی پاکٹوں میں ہاتھ ڈالے ہوسپیٹل کے کوریڈور میں دیوار سے ٹیک لگائے ..سر ٹکائے آنکھیں موندے کھڑا تھا.

یہ تو وہ اور سوہم خان جان چکے تھے کے بادشاہ بزدل کا نشانہ کم از کم سوہم جیسا نہیں ....اور چوک گیا ہے ..جس سے گردن کا زیادہ نقصان نہیں ہوا ..بس جلد میں سے آر پار نکلی گولی.

..مگر ڈاکٹرز نے کہا تھا کہ خون کافی بہہ چکا تھا ..اسی لئے خطرہ تھا

.کے باہر کھڑا دروازے کو گھور رہا تھا icu سوہم

بی جان اور بڑی ماں بلکل سلامت تھیں..ابھی کسی کے باپ میں بھی اتنی جرات نہیں تھی .کہ سوہم خان کی آبائی حویلی میں گھس پیٹھ کر سکے...

یہ محض ایک چال تھی ..رحاب نے روحا کی خاطر خود کو اتنے بڑے خطرے کی آگ میں جھونک دیا تھا..

یہی بات سوہم کو بے چین کر رہی تھی..

ڈاکٹر باہر آئے اور یہ نوید سنائی کہ وہ ٹھیک ہے اور خطرہ سے باہر ہے..

ڈاکٹر کے اشارہ کرنے پر سوہم ان کے کیبن میں گیا تھا..

Yes doctor....

سوہم نے بیٹھتے پوچھا.

سوہم خان کیا پیشنٹ بول نہیں سکتی

Yes doctor...سوہم کو دکھ ہوا

congenital dumbness نہیں ہے ..ان کے واکل کورڈ کسی مگر وہ ذخم کی وجہ سے ڈیمج ہوا تھا ..آپریشن سے ٹھیک ہو سکتا تھا ..یم نے کر دیا ہے آپریشن ..اب وہ بول پائیں گی ..کونگریٹس....

...ڈاکٹر نے سوہم کو ایک انوکھی خوشخبری سنائی

Thanks doctor... Thank you so much..

It's my pleasure.... Soham

...تم جیسے مسیحاؤں کے لئے کچھ بھی کرنے کو تیار ہیں ہم

سویم گہرا سا مسکرایا ...اور باہر آیا ..سامنے پاشا

بنا دیا تھا ..ٹوٹی بکھری deadly Pasha جسے زندگی کے بھیانک حادثوں نے

.حالت میں کبیر کے ساتھ کھڑا تھا

...راسم کرسی پر بیٹھا تھا

کیا تھی ان چاروں کی زندگی.امن و شانتی کا گہوارہ

سسٹم، ظلم، جبر،مایوسی، ناکامی اپنے خاندانوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے ختم ہونے کے پہاڑ جتنے غموں نے کیا بنا دی تھی..

سوہم نے دیوار سے سر ٹکایا اور دور کہیں اپنے ماضی میں کھو گیا..

...بھرا پڑا خاندان تھا ...وہ ان دنوں سترہ سال کا تھا ..اور پاشا انیس

.وہ سب کراچی میں ہی رہتے تھے

پاشا کے بابا ابراہیم سوہم کے بابا کامران خان کے جگری دوست تھے انھیں کے کہنے پر وہ فیصل آباد سے کراچی شفٹ کر گئے تھے..

ان کے خاندانوں میں آپس میں بہت گہری دوستی تھی..

سوہم کے بابا، مما .....چھوٹی دو بہنیں، روح کے پیرنٹس چچا، چچی ...اس کے تین بھائی

روح کی مما سوہم کی سگی خالی بھی تھی..

پھر پاشا کا پورا خاندان ...مما بابا تین بہنیں، کبیر دادا دادی

سب پے پناہ خوش تھے..

سوہم کی روحا کے لئے بچپن سے ہی شدت پسندی اور محبت دیکھتے ہوئے اس کے بابا نے ان دونوں کا نکاح کر دیا تھا..

سوہم بے تحاشا خوش تھا

سوہم اور پاشا بچپن سے ہی گہرے دوست تھے..

پھر ایک دن وہ قیامت آئی جو سب کچھ برباد کر گئی تھی.

سوہم، پاشا اور کبیر تینوں کالج میں تھے..

روح بیمار تھی ..بڑی ماں اور بی جان کے ساتھ فیصل آباد گئی ہوئی تھی...

دونوں خاندان ایک ساتھ ایک ہوٹل میں تھے ..بزنس کی بڑی کامیابی پر ابراہیم نے دعوت دی تھی..

کچھ ہی دیر تک سوہم کبیر اور پاشا نے انھیں پیپر دے کر جوائن کرنا تھا...وہ آ بھی گئے تھے..

ہوٹل کے تھوڑی دور اپنی اپنی بائیکس پر تھے...

جب ہوٹل اور گردونواح میں ایک بڑا بم بلاسٹ ہوا اور سب کچھ راکھ ہو گیا...

بے یقینی سے بے یقینی تھی.

ان کی آنکھوں کے سامنے ان کے خاندان تباہ و برباد ہو چکے تھے...

..چند گٹھڑیاں تھیں جو لپیٹ کر انھیں میتوں کے نام پر دے دی گئیں تھیں

ابراہیم ہاؤس میں بی جان اور بڑی ماں کے ماتم، آہیں اور سسکیاں گونج رہیں تھیں...

..روحا کو اس سب سے بے خبر رکھا گیا تھا وہ تو پہلے ہی بیمار تھی

وہ تینوں بلکل نہیں روئے تھے ...کس کس کو روتے ...اور کیوں روتے اپنے خاندانوں کا بدلہ جو لینا تھا..

..جو بننا تھا executioners انھوں نے

... انھیں دنوں کسی بھی طرح کراچی کے سب سے بڑے ڈان طیفے سے ملے

.ان کی آنکھوں کی وحشت اور درندگی طیفے کو پسند آئی

..اتنی سی عمروں میں طیفے نے انھیں گنز تھما دیں

..مگر پاشا نے وہ استرا تھاما جس سے وہ شیو کر رہا تھا

طیفے کے آدمی انھیں ان لوگوں تک لے کر گئے تھے ..جنھوں نے اپنے کسی

..مقصد کے حصول کے لیے ہوٹل اڑایا تھا

وہ قریباً دس غنڈے تھے ..جنھوں نے سپاری لے کر ہوٹل آنے والی ایک ہستی کو

.مارنا تھا مگر ان کی درندگی کئی خاندانوں کو نگل گئی تھی

...ان تینوں نے کچھ ہی دیر میں لاشوں کے ڈھیر بچھا دیئے تھے

.اسی طرح خون میں رنگے ہاتھوں اور اپنے کپڑوں کو لے کر وہ گھر واپس لوٹے تھے

جب صدمے سے نڈھال بی جان کی بوڑھی آنکھوں نے خون میں نہائے اپنے پوتے اور اس کے دوستوں کو دیکھا

..تو صدمے سے نڈھال ہو گئی

سوہم خان یہ کیا کر کے آرہے ہو ...بی جان چلائیں

..اپنے خاندانوں کی موت کا بدلہ لے کر آ رہے ہیں بی جان ..وہ اطمینان سے بولا

بی جان نے نے بہت واویلا مچایا ..سوہم اور پاشا کو دو چار تھپڑ بھی جڑے ..مگر وہ اطمینان سے کھڑے رہے..

کیونکہ بدلہ لے کر سکون محسوس کر رہے تھے.

پھر پولیس ان تک بہت جلد پہنچ گئی..

بی جان صدمے سے نڈھال بڑی ماں کے ساتھ روحا کو لے کر فیصل آباد اپنی حویلی آ گئیں..

وہ پوچھتی رہتی کہ سب کہاں چلے گئے ..مگر بی جان کہ پاس اسے بتانے کو کچھ بھی نہیں تھا..

ادھر وہ تینوں جیل میں تھے جب انھیں دنوں کچھ ضروری کام سے میجر عاصم حسین اپنے کسی کام سے جیل ائے اور ان تینوں اتنے کم عمر لڑکوں کو جیل میں دیکھ کر اور ان کی ہسٹری سن کر حیران ہوئے..

میجر عاصم نے ان کا کیس اپنے ہاتھوں میں لیا تھا..

میجر عاصم کا بھی خاندان ایک دہشتگردی کے واقعہ میں ختم ہو چکا تھا..

اانھیں دنیا کی نظر سے چھپانا ضروری تھا سو میجر نے انھیں ایک مہربان سی ہستی ریشماں کے پاس بھیجا تھا.

جو تھی تو ایک خواجہ سرا مگر دنیا کی ٹھوکروں نے اسے بے سہارا اور زمانے کے ستائے لوگوں کے لئے سہارا بنا دیا تھا...

وہ میجر عاصم کے کہنے پر ایسے بچوں کی اپنے پاس رکھتی تھی....

پھر ایک دن سوہم حویلی چلا آیا.

بی جان حیران ہوئیں ..اور یہ سوچ کر کہ وہ جیل سے بھاگ آیا ہے انھیں اور طیش آیا

بی جان نے اس کی بات سنے بغیر اس سے اپنا ہر تعلق توڑ لیا ....اور اسے حویلی سے نکل جانے کو کہا..

وہ بھی انھیں کا پوتا تھا ...تن فن کرتا بغیر اپنی بات سنائے ہر تعلق توڑتا وہاں سے چلا آیا..

..پھر ریشماں تھی ..اور وہ

..میجر عاصم اور ریشماں نے مل کر ان کی تعلیم و تربیت کا خیال رکھا

.راسم ان کے پاس تب آیا ..جب وہ بیس سال کا تھا

.مان باپ نے چاؤ میں جلدی شادی کر دی

جب اسی کی بیوی نے دولت کے حصول کے لئے اس کے پورے خاندان کو ..زہر دے کر مار ڈالا تھا..

...تب راسم کے ہاتھ سے پہلا قتل اس کی اپنی بیوی کا ہوا تھا

.بے تحاشا نفرت تھی اسے عورت ذات سے..بے اعتباری اور بد اعتمادی تھی

مگر فانیہ کے پہلے دن کے بولے گئے چند جملے اسے حیوان سے انسان بنا گئے تھے

اس کے جزبات جگا گئے تھے

..ایک چھوٹی سی لڑکی نے اس کی دنیا تہہ وبالا کر دی تھی

.اسے بھی میجر عاصم جیل سے نکال کر ریشماں کے پاس لائے

کومل ریما اور رجا ریڈ لائٹ ایریے سے ادھڑی ہوئی حالت میں بھاگ کر ریشماں کے پاس پہنچیں تھیں جنھیں ان کے اکثر اپنے ہی انھیں وہاں تک پہنچانے کا سبب بنے تھے..

کوڑے کے ڈھیروں سے ان کی لاشیں ملتیں اگر ریشماں کے آدمی بروقت ان کی مدد نا کرتے..

وہ ریشماں نہیں ماں تھیں ..ان سب کی پرورش کرنے والی ماں.

جس کے پاس زمانے کے ستایے ٹھکرائے خواجہ سرا سمیت لوگ اکٹھے ہوتے رہے اور قافلہ بنتا چلا گیا.

.وقت کب کسی کے لئے رکتا ہے ..سات سال گزر گئے

..بن چکے تھے executioners اور اب وہ

مضبوط، طاقتور چٹانی اعصاب کے مالک

یہی نہیں ...ڈگریاں ان کے پاس تھیں تو وہ میجر عاصم کے لئے پرائیویٹ ڈیڈیکٹیوز

..کا کام کرتے تھے

..باقاعدہ کوئی فیلڈ جوائن نہیں کی

..کرتے تو قانون کے پابند ہو جاتے ...جو وہ ہر گز نہیں چاہتے تھے

..مگر ان کے ایک ایک قدم سے میجر عاصم باخبر رہتے

پاشا نے تو اپنا قانون بنانا تھا ..جس میں جب ظلم کرنے والا ہر حد پار کرتا تو اس کی موت طے ہوتی..

یہ میجر کی ہی سپورٹ تھی کہ ان کا نام کہیں بھی نہیں آتا تھا..وہ ہر جگہ اطمینان سے ا جا سکتے تھے.

نیٹ ورک بہت مضبوط تھا ان کا.

جس مجرم، درندے، دہشت گرد، ظالم جابر کے آگے قانون بے بس ہوتا

میجر اس کا نام پاشا کی ڈیتھ بک میں ڈال دیتے تھے..

پھر نا کوئی عدالت، نا کاروائی ..نا گواہ نا ثبوت

نا وکیل نا جج

....پاشا کی عدالت میں ہر درندے کو بس سزائے موت ملتی تھی

.....بس سزائے موت

مگر پاشا نے ہی ان تینوں سمیت خود سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ساری زندگی خود کو یونہی معاشرے کی ان کے اپنے طریقے سے صفائی میں وقف کر دیں گے

... کبھی خاندان نہیں بنائیں گے

...تھا Bloody Love مگر یہ سالہ

کہ رگوں میں خون بن کر executioners خونی عشق ... .جو ان

دوڑنے لگا تھا

..جس سے نجات ممکن نہیں تھا

بھی اس عذاب کی لپیٹ میں خود کو آنے سے deadly Pasha اور تو اور

...نہیں روک پایا تھا

..سوہم خان تو بچپن سے روحا کے لئے شدت پسند تھا

...کبیر بھی نا بچا

....سوہم خان ...کیا کہا ڈاکٹر نے

پاشا کی کرب میں ڈوبی آواز سن کر سوہم ماضی کے جھروکوں سے نکل کر حال میں واپس آیا...

....کچھ خاص نہیں ...بلکل ٹھیک ہیں بھابھی

.وہ اطمینان سے بولا ....رحاب بول پائے گی یہ سرپرائز ہی رکھا

..تبھی پاشا کا فون رنگ ہوا

..ٹونی کا نمبر دیکھ کر ماتھے پر بل آئے

..مگر فون یس کر کے کان کو لگایا

....یس بولو ٹونی

سر زمل میم .....ہوسٹل سے اپنی کسی دوست کے گھر جانے کی پلاننگ کر رہی ہیں .. طلاق کے پیپر دوبارہ بنوائیں ہیں..

.اس طلاق کے بعد شاید وہ اپنے دوست کے بھائی سے شادی کا ارادہ رکھتی ہیں

پاشا کو آگ لگی..فائن میں آ رہا ہوں ..زمل میم کی لگتا ہے ٹانگیں ٹوٹیں گی میرے ہاتھوں سے...پاشا نے انگارے چبائے

کبیر زمل کے نام پہ بے تحاشا چونکا ..مگر اس بپھرے شیر کو کچھ کہنے یا اسے روکنے کی ہمت تو کسی میں بھی نہیں تھی..

ویسے بھی جب سے زمل کا معاملہ پاشا کے سپرد ہوا تھا کبیر نے تو مکمل لاتعلقی ہی اختیار کر لی تھی..سو چپ چاپ بیٹھا رہا

پاشا بھناتا اٹھا.

سوہم خان میں اسے اس حالت میں نہیں دیکھنا چاہتا .خیال رکھنا اس کا ...میں زمل کو لینے جا رہا ہوں..

یہ کہتا وہ کچھ بھی سنے بغیر لمبے لمبے ڈگ بھرتا وہاں سے جا چکا تھا...

..سوہم خان نے افسوس میں سر ہلایا

کیونکہ اب زمل میڈم تو گئیں تھیں کام سے



زمل اپنا گھر چھوڑ کر ہوسٹل آئی تھی

اپنی دانست میں وہ دنیا سے اور کبیر ابراہیم سے چھپ گئی تھی

نہیں جانتی تھی اب اس کے پل پل کا پاشا نے حساب رکھا ہوا ہے

بڑی چھپ کر پھر پیپر بنوائے تھے

.اور اب عمل کرنے کی باری تھی

کا عتاب سہنا ہوگا deadly Pasha مگر نہیں جانتی تھی ..اس سے پہلے

....اسے

..سر میم کو ہوش آگیا آپ مل سکتے ہیں ان سے

..نرس نے آکر سوہم کو کہا

...سوہم روم کی طرف آیا

..وہ ٹھیک تھی ..اور اٹھ کر بیٹھی تھی

..کیسی ہیں آپ ....سوہم نے مسکراتے پوچھا

..اس نے سر ہلایا

آپ کو پتا ہے آپ کا آپریشن ہوا ہے اب آپ بول پائیں گی..مگر یہ بات صرف مجھے ..پتہ ہے پاشا بھائی کے لئے سرپرائز ہی رکھا ہے میں نے

جانتی ہوں.میں سب سے پہلے ان کے سامنے انھی کا نام بولنا چاہتی ہوں ..اس نے اشارہ کیا..اور شرم سے نظریں جھکا لیں

...سوہم نیچے منہ کر کہ مسکرایا

...کدھر ہیں وہ

ناراض ہیں آپ سے ..آپ انھیں بتائے بغیر وائٹ پیلس سے کیوں نکلیں ....کہتے ..ہیں آپ کو اس حالت میں نہیں دیکھ سکتے اس لئے چلے گئے

...رحاب نے اداسی سے سر جھکا لیا



..پاشا وہاں سے سیدھا زمل کے گھر آیا تھا

..بابا رخصتی کی اجازت ہے؟میں اسے لینے آیا ہوں ...اس نے دو حرفی بات کی

..بابا حیران ہوئے

مگر بیٹا وہ کہاں ہے مجھے نہیں معلوم ..بابا کی آنکھیں نم ہوئیں ..کیسا باپ ہوں

..اپنی بیٹی کا خیال نہیں رکھ سکا

آپ کیوں پریشان ہوتے ہیں ...اب وہ آپ کی نہیں کبیر کی زمہ داری ہے ..اور ہمارے گھر کی عزت ہے ..ہم غافل نہیں ..مجھے معلوم ہے وہ کہاں ہے .. محفوظ اور سہی سلامت ہے آپ بس اجازت دیں..

بابا کی آنکھیں تشکر کہ احساس سے بھیگیں..

بیٹا اب وہ تمھارے گھر کی عزت ہے تو میں کون ہوتا ہوں اجازت دینے والا مگر تم لوگوں کے اتنا خیال رکھنے سے میں یہ تو جان ہی گیا ہوں کہ وہ اب محفوظ ہاتھوں میں رہے گی..

نادان ہے میری بیٹی بس معاف کر دینا اسے..

زمل ہوسٹل کے ڈرائینگ روم میں وکیل کے سامنے بیٹھی پیپر پڑھ رہی تھی..

چند ضروری باتوں کی ڈسکشن کے بعد وہ پین اٹھا کر سائن کرنے کے لئے پیپرز پر جھکی جب

..دھاڑ سے دروازہ کھول کر بے حد خطرناک تاثر لیے پاشا اندر داخل ہوا تھا

.ٹانگ کی ایک ہی بھر پور ضرب سے شیشے کا ٹیبل دیوار سے ٹکرا کر چکنا چور ہوا تھا

.اور پیپر ہوا میں بکھر گئے

زمل نے خوفزدہ نگاہوں سے اپنے جیٹھ جی کہ بھیانک تاثرات کو ملاحظہ کیا ..اور سہم گئی

.کے ہتھے چڑھ گیا تھا Deadly Pasha وکیل کی بدقسمتی تھی جو

منٹوں میں اس کو دھنکا تھا پاشا نے

...پلیز سٹاپ اٹ ..بس کریں یہ کیا کر رہے ہیں آپ

.پاشا زمل کی جانب بڑھا تھا

جب ایک زناٹے دار تھپڑ پڑا تھا اسے

.کہ دن میں چاند تارے نظر آنے لگے

...وکیل موقع پا کر اس جلاد سے اپنی جان چوٹتے دیکھ رفوچکر ہو چکا تھا

کیوں ..کیوں کر رہی ہو ایسا ..پہلے پیپر بنوائے ٹھیک ..گھر سے نکلی ٹھیک..کبیر کی ..خاطر .وہ بھی نظر انداز کر گیا میں ..مگر ابراہیمز کی عزت کا کیوں تماشہ بنا رکھا ہے ..کیا میں پوچھ سکتا ہوں ..وہ غرایا

..زمل سسک پڑی

کبیر نے کچھ زیادہ ہی سر چڑھا رکھا ہے تمھیں.اس کی جگہ میں ہوتا بابا کی پرمیشن کے بغیر گھر سے نکلنے کی جرات پر ٹانگیں توڑ دیتا تمھاری ..اس کی محبت نظر نہیں آتی تمھیں ..اندھی ہو گیا ..سیف کی ڈیتھ ہوئی اس میں کبیر کی کیا غلطی ...زرا وضاحت ...دو مجھے ..یہ اس کا نصیب تھا ..اس کی اتنی ہی زندگی تھی

تمھاری مدر کی ڈیتھ ہوئی اس وقت تم ان کے پاس تھی تو کیوں نہیں روکا جانے سے انھیں ..بتاؤ زرا مجھے

.پاشا آج اس کے نچیے ادھیڑنے پر تلا ہوا تھا

پلیز چپ کریں ..سٹاپ اٹ ....خاموش ہو جائیں ..وہ کانوں پر ہاتھ رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر روئی..

..پاشا نے کچھ بھی کہے بغیر اسے بازو سے دبوچا

..زمل کی روح فنا ہوئی

..گھسیٹتا باہر لا کر گاڑی میں دھکیلا

..کک ...کہاں؟ میں نن.. نہیں

شٹ اپ...بابا سے رخصتی کی پرمیشن لے چکا ہوں میں ..اب زمل کبیر ابراہیم

..چپ چاپ بیٹھی رہو

...پاشا دھاڑا

وہ اس جلاد کے خوف سے بے آواز سسک پڑی



..اگلی رات تک وہ زمل کو لئے وائٹ پیلس پہنچ چکا تھا

مجھے کہیں نہیں جانا ...وہ گاڑی میں کونے پر دبکی ...کبیر ابراہیم کے کمرے میں پہنچنے کے خوف نے اس کی روح فنا کی تھی..

..پاشا نے اسے بازو سے پکڑ کر باہر نکالا

..اس نے گاڑی کا دروازہ دبوچا

..گڑیا مجھے اور سختی کرنے پر مجبور مت کرو ...پاشا نے دانت پیسے

..گھسیٹتے اندر لایا

..لاکر ریشماں کے قدموں میں پٹخا

...اسے تیار کر کہ کبیر کے کمرے میں پہنچائیں ریشماں

...وہ کہتا واپس مڑنے لگا

رحاب گھر آ گئی ہے پاشا ...ریشماں نے کہا تو ایک سیکنڈ کے لیے اس کے قدم
..تھمے مگر پھر وہ تن فن کرتا وہاں سے نکلتا چلا گیا

و جو بڑی مشکل سے کھڑکی تک آکر اس دشمن جاں کو دیکھ رہی تھی .اسے جاتے
....دیکھ آنکھوں سے آنسو گالوں پر لڑھکے

...ریشماں نے نرمی سے روتی زمل کو زمین سے اٹھایا

..ارے ہٹ پگلی ...جانے دے اسے ..باہر سے یونہی ہے پتھر

مگر دل کا برا نہیں



ایک ہفتہ گزر چکا تھا ...سوائے راسم کے ان تینوں میں سے کسی نے وائٹ پیلس

..میں قدم بھی نہیں رکھا تھا

..راسم فانیہ کا بے تحاشا خیال رکھ رہا تھا

..زمل سکون میں تھی کہ کبیر آیا ہی نہیں

سوہم خان روحا کا سارا خون جلا چکا تھا اب بس وہ یہ انتظار کر رہی تھی کہ کب وہ آئے اور کب روحا اس کا منہ نوچے....

رحاب اپنا زخم ریکور کر چکی تھی ..مگر بولی نہیں ..یہ بھی ابھی سب کے لئے سرپرائز ہی تھا...



سوہم اپنے ایک خاص اڈے پر بیٹھا ..پاشا اور کبیر کے ساتھ ان سے کچھ اہم
.معاملات پر ڈسکس کر رہا تھا

وہ جانتا تھا پاشا ابراہیم ہاؤس میں رکا ہے ..جب وہ بہت زیادہ اپ سیٹ ہوتا تھا تو
..ابراہیم ہاؤس رکتا تھا اور اب وہ ایک ہفتے سے وہیں تھا

.سوہم نے کچھ خاص پلین کر رکھا تھا ..پاشا بلکل انجان تھا

.اس نے ابراہیم ہاؤس کو دلہن کی طرح سجوایا تھا

اب بس دلہن پہنچانی باقی تھی

...ریشماں کو ضروری ہدایات دے دی تھیں

..جس پر عمل بھی ہو چکا تھا

..ریشماں نے اس کے نا نا کرنے کے باوجود اسے ساڑھی پہنوا کر تیار کروایا تھا

ریشماں نے اسے بتا دیا تھا کہ اسے پاشا کہ پاس بھیجا جا رہا ہے تو وہ بوکھلائی

....مگر ریشماں نے اس کی ایک نا سنی تھی



.پاشا رات کے دس بجے ابراہیم ہاؤس داخل ہوا تھا

.یہ ایک جدید طرز پر بنا ایک انتہائی خوبصورت بنگلہ تھا

..اندر داخل ہو کر حیران ہوا

ہر طرف جیسے گلاب موتیے اور گلاب کی پتیوں کی چادریں سی بچھا دی گئیں تھیں...

.وہ سیکنڈوں میں سمجھ گیا سوہم خان نے آج اسے کیوں دن بھر الجھا کر رکھا تھا

وہ دشمنِ جاں یہیں کہیں آس پاس اس گھر میں موجود ہے یہ سوچ کر گہرا سا مسکرایا..

تو مسز پاشا ابراہیم میرے ایک ایک پل کی تڑپ کی سزا بھگتنے کو تیار ہو جاؤ ..نیچے مکمل خاموشی تھی..

.وہ سمجھ گیا وہ کہاں ہو سکتی ہے

رحاب پھولوں سے سجی اس چھت پر بیٹھی بری طرح نروس ہو رہی تھی ..جہاں چار بڑے کمروں کے آگے برآمد کے بڑے بڑے پلر بھی پھولوں سے ڈھانپ دیئے گئے تھے.

کشادہ چھت، رات کا وقت، معنی خیز خاموشی، پھولوں کی مسحور کن خوشبو .....اس کا نروس ہونا بنتا تھا

..بھاری بوٹوں کی مخصوص سیڑھیاں چڑھتی دھمک سن کر وہ جی جان سے لرزی تھی ..فوراً ادھر ادھر دیکھا اور برآمدے کے بڑے سے پلر کے پیچھے چھپ گئی

اس نے کہا تھا کہ رحاب اگر اس سے دور ہوئی تو وہ اپنے ہاتھوں سے اس کی جان لے گا.

اب وہ کیسے اسے سزا دے گا..کیسے جان لے گا..یہ تو وہ خود بھی نہیں جانتی تھی..

..پاشا چھت پر آیا تھا..چاروں اور نظر دوڑائی..تیزی سے آگے بڑھا

..پلر سے اچانک اس کی کلائی تھام کر اپنے سامنے کر کے پلر سے لگایا

...بلو ساڑھی میں نیلی پڑتے خوف سے اس نے سختی سے آنکھیں بند کیں تھیں

جب بازوؤں سے تھام کر وہ اس کی شہہ رگ جتنے قریب آیا

سزا کی لسٹ کافی طویل ہے جان ...آج رات تو بہت کچھ سہنا ہے .ابھی سے گھبرا گئیں...

.بھاری بوجھل گھمبیر سرسراتا لہجہ اس کی روح فنا ہوئی

...اس کی گلے پر گولی کے نشان کی جگہ دہکتے لب رکھے

..ایسے ہی پیار کرتے وہ لبوں کے بہت قریب آیا

جو جو کہوں گا ...کرتی جاؤ ...فی الحال مجھ سے اظہارِ محبت کرو ابھی اور اسی وقت..اشاروں سے ہی کر دو

..وہ دو قدم پیچھے ہٹ کر ہاتھ سینے پر باندھ کر اطمینان سے اسے دیکھے گیا

..رحاب کی اٹکی سانس بحال ہوئی

یعنی وہ بول سکتی ہے پاشا اس بات سے انجان ہے ..وہ اس سے فائدہ اٹھا سکتی ہے..

مگر اس سے آگے اسے پاشا کا کیا کیا پاگل پن جھیلنا پڑے گا ..سوچ کر ہی رونگٹے کھڑے ہو گئے..

